جہان تار آفس بہت فاصلہ پر ہے ایسے اضلاع مین خاص طور پر انتظام کرنا چاہیئے۔ بہرحال تعلقہ دار صاحبون کے پاس سے جب کامل تجویزین اس دفتر پر آجائین گی تو اونکے ملاحظہ کے بعد پوری طرحسے اونکو اس بارے مین ہدایت دیجائے گی کہ ہرجائے کیا انتظام کرین لیکن احتیاط کے لیے یہ بھی بیان کردیا جاتا ہے کہ ایسے دوردست مقامات کے تنقیح کنندون کو دو نقلین خلاصہ حلقہ کی دیجائین اور ہدایت کیجائے کہ وہ ایک خلاصہ ابتدائی مردم شماری کے ختم کرنے کے بعد مرتب کرکے اپنے ناظر مفوضہ کے پاس بھیجدین تاکہ ناظر مذکور اس ابتدائی مردم شماری کے خلاصونکو اوسیوقت مستقر ضلع پر روانہ کردے سکے۔ غرض اس سے یہ ہے کہ اگر کسی تعلقہ سے بسبب دور ہونے اوسکے کسی حلقہ کے خلاصہ تنقیح کنندہ بروقت نہ پہونچ سکے کہ گوشوارہ ناظر مفوضہ مین اوسکو درج کیا جاسکے تو ضلع مین اوسی حلقہ کی ابتدائی مردم شماری کے خلاصہ پر سے اعداد شریک کردیئے جاکر ضلع کا گوشوارہ مرتب کرلیا جائے گا۔ بہرحال ان سب امور کو یہ ناظم بالمشافہ تعلقدار صاحبون کے ساتھ طے کرلے گا۔ لیکن بالفعل تجویز نہایت اچھی طرح سے سوچکر پیش کیجائے کہ ہماری سرکار کے نتایج بروقت پہونچنے سے سرکار کی نیکنامی اور ضلع داران ضلع وتحصیل کی چستی وچالاکی سرکار عظمت مدار پر بھی ظاہر ہوجائے کہ باوجود ہرجائے تار آفس نہونے کے کل ملک کے نتایج بروقت پہونچ گئے۔

نوٹ۔ طریقہ بالا پر یہ فرض کیا گیا ہے کہ تنقیح کنندہ حلقہ اور افسر ضلع کے درمیان صرف ایک ہی میزان کنندہ عہدہ دار واقع ہے اور وہ ناظر مفوضہ ہے لیکن چونکہ ہر تعلقہ مین دو سے چار مفوضات تک ہونگے اسلئے اگر تعلقہ کا ایک گوشوارہ بنایا جائے جس مین مفوضات کے گوشوارہ جات

سنہ ۱۳ف تک پہونچانے مین تعذر ہے اس ناظم کی رائے مین یہ کوئی بہت بڑا یا مشکل معاملہ
نہین ہے کیونکہ دوسری مارچ مطابق ۲۹ فروردین کی شام کو یا ۳ مارچ کی صبح تک کل خلاصہ جات
رقبات یعنی شمار کنندون کے خلاصہ جات تیار ہو جائین گے اور تیسری مارچ مطابق ۳۰ فروردی
کے شام تک تنقیح کنندون کے خلاصجات بھی بعد تنقیح و تصحیح تیار ہو جا سکین گے یہ خلاصجات
تنقیح کنندگان معہ خلاصہ جات شمار کنندگان جو ساتھ رکھے جائین گے مجرد جوان یا ٹپہ کے
ذریعہ سے جہان ٹپہ خانہ نزدیک ہو تیسری مارچ کی شام کو بھی اگر ناظر مفوضات کے پاس بھیجدینگے
تو یقین ہے کہ چوتھی مارچ کو اون ناظرونکے پاس وصول ہو جائین گے اور ناظران مفوضات
اپنے اپنے مفوضات کے حلقون کی میزانون کو خلاصہ جات تنقیح کنندگان و شمار کنندگان
پوسے بکمک دو تنقیح کنندون کے جیسا کہ لکھدیا گیا ہے جانچ کر اپنے گوشوارہ مفوضہ مین چوتھی
کی شام تک درج کر دے سکین گے اور پانچوین کی صبح کو یا منتہا شام کو یہ کل خلاصہ جات و گوشوارہ جات
مستقر ضلع پر پہونچا دے جا سکتے ہین مستقر ضلع مین ہر تحصیل کے مفوضات کے گوشوارون کی
میزانین نکلوا کر تعلقہ کے اعداد کو جمع کر کے ایک تختہ ضلع کے لئے بنا لینگے اور کل میزان ضلع
کے مکانات مسکونہ و مرد و عورت و جملہ کی منتہا درجہ چھٹی مارچ کی صبح تک تیار ہو جا سکی اور اسی
روز بذریعہ ٹیلیگرام جہان تار آفس موجود ہے سنسس کمشنر کے پاس نتائج حسب ہدایت
مندرجہ فقرہ (۶) الفاظ مین بھیجدے سکین گے لیکن بعض اضلاع ایسے ہین جہان نتائج
تعلقات سے بذریعہ گھونگرو و مستقر ضلع پر اور اوسی طرح بذریعہ گھونگرو قریب کے تار آفس کو بھجوانے
ہونگے مثلاً اضلاع لنگسگور و محبوب نگر و بیڑ و کریم نگر و دھارا سیون و نلگنڈہ و سرپور تاندور ایسے ہین

اعداد کے ساتھ مطابقت رکھتے ہین یا نہین۔

ف ۷ طبع اور شایع کرنا نتایج کا۔ مردم شماری سنہ ۱۳۱۰ف کے نتایج ایک خاص دلچسپی رکھتے ہین اسلیئے ہر ضلع کی میزانین اون عہدہ دارون کے نامون کے ساتھ ٹیلیگرام مندرجہ فقرہ (۶) کے پہونچنے پر طبع و نشر کیجاین گی اگر ہر جاے ترسیل نتایج یعنی میزانون کا انتظام پختگی کے ساتھ کیا جاے اور دور دست مقامات کا انتظام بطریقہ مندرجہ ذیل کیا جاے تو خیال کیا گیا ہے کہ کل اضلاع کے ٹیلیگرام سنسس کمشنر ہندوستان کو کلکتہ مین ساتوین مارچ مطابق اردی بہشت تک پہونچ جانے چاہیئے اور اسطور پر عمل کرنے سے کل ہندوستان کے میزان ہاے معجل یعنی نتایج مردم شماری حسب بالا روز دوشنبہ ۱۱ مارچ مطابق ۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۰ف تک طبع و نشر ہو جاینگے۔

ف ۸ دور دست مقامات و اضلاع۔ بسبب دور ہونے بعض اضلاع و مقامات کے یا بسبب راستون کا انتظام درست نہ ہونے کے کل ملک کے نتایج کے وصول ہونے مین تعویق ہونے کا اندیشہ ہے اسلیئے اسکے رفع کرنے کے لیئے مناسب ہے کہ ہر ضلع کے تعلقہ دار صاحب اپنے اپنے اضلاع متعلقہ کے نتایج کو مستقر ضلع پر باسرع آوان پہونچ جانے کی ایک کامل تجویز مرتب کر کے پیش کرین اور خاص طور پر سوچ کر اطلاع دین کہ اونکے اضلاع متعلقہ کے کون کون سے تعلقات ایسے فاصلہ پر واقع ہین جن کے خلاصہ جات حلقہ جات بروقت مستقر ضلع پر پہونچنے سے ضلع کی میزانون کو مرتب کر کے سنسس کمشنر صاحب کل ہندوستان و ناظم مردم شماری کے پاس ساتوین مارچ مطابق ۳ اردی بہشت

گوشوارہ کی میزانون کو دو کارکنون سے علیحدہ علیحدہ نکلوایا جائے اور جب ان میزانون کی تنقیح ہوئے اور اُن کی صحت کو تسلیم کر کے منظور کر لئے جائین تو اوسکا نتیجہ بذریعہ ٹیلیگرام الفاظ مین سنسس کمشنر یعنی کمشنر صاحب مردم شماری کل ہندوستان کے پاس کلکتہ کو اور ناظم مردم شماری کے پاس بلدہ کو بھیجا جائے۔ الفاظ مین ٹیلیگرام بھیجنے سے یہ مراد ہے کہ اعداد کو الفاظ مین لکھا جائے مثلاً اگر تعداد مکانات کی (۵۰۰۰۰) ہو تو پچاس ہزار الفاظ مین لکھے جائین نہ کہ ہندسون مین اور حسب ذیل ٹیلیگراف دیا جائے۔

مکانات　　مرد　　عورت　　جملہ

یعنی لفظ مکانات کے بعد تعداد مکانات کی الفاظ مین ہونی چاہیئے اور اسی طرح الفاظ مرد و عورت و جملہ کے بعد تعداد اون کی الفاظ مین لکھی جائے۔

سرکار عظمت مدار مین یہ طریقہ رکھا گیا ہے کہ ہر ضلع مین گزنیٹیڈ افسر یعنی وہ افسر جس کا نام سیول لسٹ مین ہے اور اوس کا تقرر حسب الحکم سرکار ہوا ہے مردم شماری کے اس خاص کام کے لیئے مقرر کیا جائے مثلاً ہماری سرکار مین اول تعلقہ دار ضلع یا عملدار عملداری کا عہدہ ویسا ہی ہے اونکے نام تو ناظم مردم شماری کو معلوم ہین وہ ان عہدہ دارون کو خاص طور پر حکم دینگے اور جتلادین گے کہ وہ ان اعداد کی صحت کے پورے ذمہ دار سمجھے جائین گے اور انکو نہایت درجہ کی احتیاط مفوضات اور ضلع کی میزانون کے نکالنے مین مرعی رکھنی چاہیئے جیسا کہ بیان بالا مین متعدد مقامات پر تاکید کیگئی ہے بلکہ اونکو بذات خود ان اعداد کے مقابلہ اور تنقیح مین توجہ کرنی چاہیئے کہ یہ اعداد فہرست حلقہ جات و خلاصہ حلقجات کے

گوشوارہ ضلع

ضلع

تعداد مفوضات

نام مفوضات اور مفوضات	تعداد حلقہ جات	تعداد مکانات مسکونہ	نفوس		
			جملہ	مرد	عورت
میزان ضلع					

ف ۶ اضلاع کے میزان ہائے معجّل مفوضات کے گوشوارہ جات پہونچ جانے پر افسر ضلع کو چاہیئے کہ فوراً اونکو حلقہ جات کے خلاصون کے ساتھ مقابلہ کرائین اور دیکھین کہ یہ خلاصہ جات صحیح طور پر درج گوشوارۂ مفوضہ ہوے ہین یا نہین اور فہرست حلقہ کے ساتھ بھی مقابلہ کرا کے دیکھین کہ کوئی مواضع یا وارڈز یا رقبات تو اندراج سے رہ نہین گئے ہین۔ اعداد کی میزانون کی بخوبی جانچ پرتال دو ہوشیار کارکنون سے کرائی جاے لیکن وہ دونون علیحدہ علیحدہ طور پر میزانین نکالین نہ یہ کہ ایک دوسرے سے پوچھکر۔ سنہ ۱۳۰۰ ف کی مردم شماری مین جو غلطیان موازین معجّل مین برآمد ہوئی تھین وہ درحقیقت شمارکنندون کے طرف سے نہین تھین جسقدر کہ (۱) کامل حلقہ جات یا رقبات کے چھوٹ جانے سے اور (۲) تنقیح کنندون اور ناظرون کی غلط میزان لگانے سے وقوع مین آئی تھین۔ بہرحال مفوضہ کی میزانون کو اسکے بعد حسب نمونہ ذیل درج کیا جائے۔

گوشوارہ مفوضہ

ضلع　　تعلقہ　　مفوضہ

نمبر ۱	نمبر ۲	نمبر ۳	نفوس		
			جملہ	مرد	عورت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
میزان مفوضہ					

اسطرح کی دوبارہ تنقیح سے پورا اطمینان میزانون کی صحت پر حاصل ہو جائے گا۔ اور اُس مفوضہ کے گوشوارہ کے ساتھ کل اوسکے حلقہ جات کے خلاصہ جات کو اوسی سلسلہ سے ٹانک دیا جائے جس سلسلہ سے فہرست حلقہ مین وہ درج ہین اور ان کل خلاصہ جات کو بذریعہ ٹپہ یا جوان مجرد ضلع کے مستقر پر تعلقدار صاحب کے دفتر کو بھیجدینا چاہیئے خلاصہ جات کے بھیجدینے کے بعد ناظر مفوضہ اپنے علاقہ کے کتب مردم شماری کو حلقہ وار مسلسل مرتب کرینگے اور تنقیح کنندون کو اون کی رسیدین دیدینگے اور اون احکام کی تعمیل کرین گے جو اونکو نسبت ترسیل کتب کے دئے گئے ہین۔ مگر چونکہ ایک تحصیل یعنی تعلقہ مین متعدد مفوضات ہونگے اسلیئے مناسب ہے کہ تحصیلدار تعلقہ اپنے تعلقہ کے مفوضات کے گوشوارہ جات کو حسب بیان بالا علیحدہ علیحدہ جیسا کہ ہر ایک مفوضہ کے لیئے ہدایت دی گئی ہے باندہ کر ضلع کو بھیجین تاکہ معلوم ہو کہ کس تعلقہ کے گوشوارہ جات و خلاصہ جات ہین۔ نمونہ ذیل گوشوارہ مفوضہ کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔

تنقیح کنندہ کو چاہیئے کہ اسکے بعد اپنے حلقہ کے کل کتب مردم شماری کو اوسی سلسلہ سے
رکھے جیسے اسکے علاقہ کے رقبہ ہین اور جسطرح سے وہ فہرست حلقہ مین شریک کیئے
گئے ہین۔ ان سب کو نہایت عمدگی کے ساتھ ایک بستہ باندہ کر ان سب کے اوپر ایک
نقل فہرست حلقہ کی جو شب اخیر مردم شماری تک تصحیح پا چکی ہے رکھ کر اپنے ہاتھ سے
اپنے ناظر مفوضہ کو حوالہ کردے اور ناظر مفوضہ اسکو ایک رسید اس مضمون کی لکھدیگی
کہ اتنی کتابین اونکو پہونچین لیکن قبل ایسی رسید دینے کے ناظر مفوضہ کو بھی لازم
ہوگا کہ اپنا اطمینان اس بات پر کرلین کہ اوس حلقہ کے ہر رقبہ کے لیئے ایک
کتاب مردم شماری داخل کیگئی ہے اور نیز یہ کہ اعداد جو خلاصہ شمار کنندگان مین
دکھلائے گئے ہین۔ تنقیح کنندہ کے خلاصہ مین وہ صحت کے ساتھ درج ہوئے ہین۔

ف ۵ گوشوارۂ مفوضہ۔ ناظر مفوضہ کو چاہیئے کہ ہر ایک خلاصۂ حلقہ کو فہرست حلقہ کے
ساتھ یا عام فہرست مواضعات کے ساتھ مقابلہ کرے اور نیز خلاصۂ شمار کنندگان کے ساتھ
بھی مقابلہ کرے تاکہ اوسکو اطمینان اسبات کا ہوجائے کہ کوئی حلقہ یا رقبہ سہواً اندراج سے چھوٹ
تو نہین گیا ہے اور نیز یہ کہ شمار کنندون کی میزانین صحت کے ساتھ درج ہوئی ہین اونکو چاہیئے
کہ ہر حلقہ کے خلاصہ کی تنقیح دو علیحدہ علیحدہ تنقیح کنندون سے جداگانہ طور پر کرائین جیساکہ
شمار کنندون کے خلاصون کی نسبت بیان کیا گیا ہے اسکے بعد وہ ان خلاصجات
تنقیح کنندگان کو اپنے گوشوارہ مین درج کرین گے اور اوس کی میزانین دو ہوشیار و
لایق تنقیح کنندون سے نکلوا کر آپ بھی میزانون کی تنقیح کرکے درج خلاصۂ مفوضہ کرین گے

خلاصہ حلقہ

ضلع ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مفوضہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حلقہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نشان فہرست حلقہ یا عام فہرست مواضعات پرگنہ	نام موضع یا واردہ	قسم اور قرابت	تعداد مکانات مسکونہ	نفوس		
				جملہ	مرد	عورت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
میزان حلقہ						

ناظر مفوضہ کے پاس بتاریخ مارچ سنہ ۱۹۰۱ء مطابق فروردی سنہ ۱۳۱۰ف پیش کیا گیا

(شرح دستخط) .....

تنقیح کنندہ

۴ خلاصہ حلقہ - جبکہ کسی حلقہ کے کل شمار کنندوں کے خلاصہ جات بعد صحت مرتب کر لئے جائیں تو تنقیح کنندہ کو چاہیئے کہ اپنے حلقہ کے دو لایق شمار کنندوں کو انتخاب کر کے اون کی کمک سے اپنے حلقہ کا خلاصہ حسب نمونہ ذیل تیار کرے اور ناظر مفوضۂ متعلقہ کے پاس بذریعہ ٹپہ یا مجرد جوان کے روانہ کرے ۔

۳۷ خلاصہ شمار کنندہ ۲۴ مارچ مطابق ۲۹ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف کی صبح کو ہر حلقہ کے جملہ شمار کنندونکو ایک جائے پر جسکو تنقیح کنندہ نے مقرر کیا ہے جمع ہونا چاہیئے اور اگر ممکن ہو سکے تو کسی پٹہ خانہ کے قریب مین یہ مقام ملاقات مقرر کیا جائے اوسکے بعد تنقیح کنندہ کو چاہیئے کہ

(۱) تعداد کتب مردم شماری کو تعداد رقعات کے ساتھ مقابلہ کرکے دیکھے کہ اس کے حلقہ کی کل کتابین آگئی ہین یا نہین اور ہر رقعہ کے لیے ایک کتاب گن لے۔

(۲) اوسکو چاہیئے کہ خانگی تختجات کی تنقیح کرے کہ آیا فہرست رقعہ کے مطابق دئے جاکر واپس لئے گئے اور اون کی متعلقہ کتاب مردم شماری مین سی دئے گئے ہین یا نہین اوسکو چاہیئے کہ چھٹے تختجات کا بھی حساب دریافت کرلے جو شمار کنندون کو دئے گئے تھے

(۳) ہر داخلہ کو جو شب اخیر مین درج کیا گیا ہے پڑھ کر دیکھے اور متروک شدہ چیزون کو اور غلطیون کو صحیح کردے۔

(۴) مکانات مرد و عورت کی تعداد کی میزانین علیحدہ علیحدہ پرچون پر خود اوسی رقعہ کے شمار کنندہ سے اور پھر دو دوسرے شمار کنندون سے نکلوا کر دیکھے مگر اس احتیاط کے ساتھ کہ اون شمار کنندون مین باہم گفتگو کرنے کا موقع نہو۔ اگر یہ میزانین سب مطابق اور ملتی ہون تو اونکو صحیح سمجھ کر خلاصہ شمار کنندہ جو کتاب کے اخیر مین دیا گیا ہے اوسکی خانہ پری کرائے لیکن اگر ان تینون شمار کنندون کی میزانون مین تفاوت اور فرق پایا جائے تو خود تنقیح کنندہ کو لازم ہے کہ آپ میزان لگا کر دیکھے اور صحیح میزان کو درج خلاصہ کرادے۔

جوکسی مکان مین مہمان آئے ہین اور اوس مکان مین بطور نئے داخلون کے شریک کئے جاوینگے اون لوگون کی تعداد کے مساوی ہونی چاہیئے جو اپنے مکان سے شب اخیر مین غیر حاضر ہونیکی وجہ سے خارج کردئے گئے تھے اس طریقہ تنقیح سے قریب قریب معلوم ہوتا ہے کہ شمار کنندون نے اپنا کام صحت کے ساتھ نہین کیا اور نہ تنقیح کنندون نے بواجبی تنقیح کی اور یہ دلیل قوی اون کی کم توجہی اور لاپروائی کی ہے۔

(۳) اگر کسی مکان مین صرف ایک ہی نیا آدمی آگیا ہے یا کوئی بچہ پیدا ہوا ہے تو اوسکا داخلہ اوس سطر مین لکھدیا جائیگا جو بوقت مردم شماری ابتدائی ہر مکان کے لوگون کے ختم ہوجانے پر خالی چھوڑدیگئی تھی۔ اور اگر زیادہ ہون تو حسب قواعد کتاب کے اخیر مین اونکو سادہ تختہ پر مکان مذکور کا نمبر دیکر درج کرنا ہوگا۔

(۴) شمار کنندون کو چھٹے سادہ تختجات بھی دینے چاہیئے تاکہ مسافرین کے داخلون کو اوپر لکھ سکین اسکے علاوہ اونکو مردم شماری کے چند ٹکٹ بھی دئے جائین تاکہ جن مسافرین کی کیفیت وہ درج کرلین اونکو وہ ٹکٹ دیدین کہ اونکا شمار دوبارہ کہین نہ کیا جائے یہ ریل کے قریب کے مواضع و مسافرین ریل کے لیئے بھی متعلق ہے۔

(۵) شب اخیر مین جو نئے داخلہ درج کیئے جائین گے یا کاٹ دئے جائینگے وہ سب سرخی سے کئے جائینگے

(۶) اس اخیر شب کو تنقیح کنندہ پر لازم ہے کہ اپنے حلقہ کا دورہ کرے اور نظر ثانی کی تنقیح کرے کیونکہ درحقیقت اخیر مردم شماری جو دم شماری ابتدائی کی نظر ثانی ہے۔

(۷) بذریعہ اعلان عام کے ہر درجہ کے دیہی عمال کو جتلا دینا چاہیئے کہ عملہ مردم شماری کو ہر قسم کی کمک دین

پاس بھوائے یا گانون کے مذکوری یا سیت سندھی یا کسی اور کو بھیجے اور دریافت کرائے
کہ ہر مکان مین ابتدائی مردم شماری سے اوسوقت تک کیا کیا تغیرات ہوئے ہین بلکہ
اوسکو خود ہر مکان پر پہونچکر کل کیفیت دریافت کرکے اپنے کتاب کے داخلون کی تصحیح
اگر ضرورت ہو کرنی چاہیئے - بلکہ اون مکانون کو بھی جاکر دیکھنا چاہیئے جو بوقت مردم
شماری ابتدائی خالی تھے تاکہ دریافت ہوجائے کہ اوس مین اوس بیچ مین کوئی آکر رہا
ہے یا نہین -

(۲) شمار کنندہ کو نہ چاہیئے کہ صرف عام طور پر دریافت کرلے کہ اوس مکان مین کچھ تغیر تبدل
ہوا ہے یا نہین - بلکہ اسکو لازم ہے کہ سب دفعہ (ب) قاعدہ ۷ جو جلد کے صفحہ ۲ پر درج
ہے ہر نام کو پڑھکر سوال کرتا جائے اور عورتون کی صورت مین جن کے نام بیان نہین کئے
گئے ہین اون کی جو کچھ کیفیت مردم شماری ابتدائی کے وقت لکھوائی گئی تھی پڑھکر
سنائے اور ابتدائے مردم شماری کے داخلون کے ساتھ اوس وقت کی حالت
کا مقابلہ کرے تاکہ معلوم ہو وہ لوگ اب بھی مکان مین موجود ہین یا نہین - اسکے بعد
اوسکو چاہیئے کہ دریافت کرے کہ کوئی نئے لوگ اوس مکان مین آکر رہے ہین یا کوئی
بچہ بھی پیدا ہوا ہے یا نہین - اسبات کا خیال بہت احتیاط کے ساتھ رکھنا چاہیئے کیونکہ
گذشتہ مردم شماری مین جو نام کاٹ دیے گئے تھے یعنی بوجہ فوتی یا چلے جانے کے
اون کی تعداد بہ نسبت نئے داخلون کے بہت ہی کم تھی اور یہ بات خلاف حقیقت ہے
کیونکہ اگر نو تولد شدہ بچون اور فوتیون کی تعداد کو نکالڈالا جائے تو باقی لوگون کی تعداد

باب یازدہم

شمار اخیر مردم شماری

ف ۱ عام بیان - مردم شماری اخیر جسکو انگریزی مین سنسس کہتے ہین اوس عمل کا نام ہے - جس سے تنقیح و تصحیح ابتدائی مردم شماری کے داخلون کی کیجاتی ہے اسطور پر کہ وہ داخلے مطابق ہون اوس حالت واقعات کے ساتھ جو حقیقتہً اس شب اخیر مین موجود ہے - یہ عمل روز جمعہ یکم مارچ ۲۸ رفروردین سنہ ۱۳۱۰ ف کا دن ختم ہوجانے پر سات بجے کے قریب شب کو شروع ہوگا اور مناسب ہوگا کہ اسکو نصف شب تک ختم کردیا جائے - اس کام کو سرعت کے ساتھ کرنے کے لیئے مناسب ہوگا کہ کچھ مدت قبل لوگون کو اعلان عام دیا جائے کہ تا امکان اوس تاریخ کو شادی یا کوئی رسم ارتباطی یا مذہبی مقرر نہ کرین اور اپنے اپنے مکانات مین آدہی رات تک بانتظار آمد شمار کنندہ بیدار رہین - اس تاریخ کے معین کرنے مین نہایت احتیاط عمل مین لائی گئی ہے کہ ایسی تاریخون سے بچ سکین جو شادی کے لیئے سعد و مبارک خیال کیجاتی ہین اور اوس اعلان و اشتہار سے لوگون کو کوئی تکلیف غالبًا نہ ہوگی -

ف ۲ طریقہ عمل - نکات ذیل جو طریقہ عمل کے متعلق ہین قابل توجہ ہین -

(۱) شمار کنندہ کو چاہیئے کہ اپنے رقبہ کے ہر مکان پر اوسی سلسلہ سے پہونچے جو نشانات کے تسلسل سے ظاہر ہوتا ہے اسکو نہ چاہیئے کہ لوگون کو اونکے مکانون سے اپنے

مین اصلی یعنی معظم پیشہ اوس خاندان کے بڑے کا ہی لکھدیا جائے - اسبات کا خیال اچھی طرح رکھنا چاہیئے کہ نوکرون کے بارے مین کہین اونکے مالک کے پیشہ کے تابع کے خانہ مین پیشہ درج نہ کیا جائے -

ضمیمہ قاعدہ ۱۳ - اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ اپنی زبان مادری کونسی بتلائے تو اوس سے پوچھا جائے کہ اوسکے مکان مین کونسی زبان وہ اکثر بولتا ہے اور اوسی زبان کو خانہ ۱۳ مین درج کردیا جائے -

اور نیز یہ بھی کہ آیا وہ اون چیزون کو خود ہی بناتے ہین یا کیا۔

بڑے بڑے کارخانے والون کی نسبت مالک کو منوفکچرز یعنی کام بنانے والا بتلایا جائے اور جس قسم کا کام اونکے کارخانہ مین ہوتا ہے اوسکی تصریح کیجائے۔ جیسا کہ روئی کا کارخانہ یا پارچہ بافی کا کارخانہ چھوٹے چھوٹے کامون کے متعلق صریح طور پر اوس کام کی نوعیت بیان کرنی چاہیئے مثلاً بافندہ یا جلاہا ہے اور روئی یا ریشم یا قالین وغیرہ بُنتا اور بناتا ہے اور اگر چوڑی ساز ہے تو کیا کانچ کی چوڑیان بناتا ہے یا لاکھ کی علیٰ ہذا القیاس سب امور مین تصریح کے ساتھ لکھنا چاہیئے۔

عورتون اور بچون کے متعلق جو خود کوئی پیشہ یا کام کرتے ہین اور کس قسم کا کام کرتے ہین وہ تختہ کے خانہ ۹ مین داخل کیا جاے کیا اونکو اوس کام کی مزدوری ملتی ہو یا نہ ملتی ہو۔

ضمیمہ قاعدہ ۱۰۔ اگر کوئی شخص علاوہ معظم پیشون کے جن کا ذکر اوپر ہوا ہے کوئی دوسرا پیشہ یا ذریعہ معاش بھی رکھتا ہو تو اوسکو بھی درج کردیا جائے یا اگر متعدد دوسرے پیشہ کرتا ہو تو اون مین سے صرف اوسی دوسرے پیشہ کو درج کرو جسمین بعد معظم پیشہ کے وہ زیادہ سے زیادہ وقت اپنا صرف کرتا ہو۔

ضمیمہ قاعدہ ۱۱۔ خانہ ۱۱ کے بھرنے کے قبل ضمیمہ قاعدہ ۱۰ کے آخری جملہ کو خوب خیال مین رکھو یعنی وہ جملہ جس مین بچون اور عورتون کی نسبت ذکر ہوا ہے۔

خاندان مشترکہ کی صورت مین جسکے متعدد اراکین روپیہ پیدا کرتے ہین تو خانہ ۱۱

اصلی کاشتکاران ہین کاشتکار کے حصہ دار بھی شریک سمجھے جائین گے۔

کھیت کے مزدوران ہین ملازم مزدور جو مثل بھگیلون کے ہین روزانہ مزدورون سے علیحدہ بتلائے ہونگے جو مثلاً پیرنے یا کلچانے کے وقت پر رکھ لئے جاتے ہین یا جو کھیت کی کھچائی وغیرہ کی مزدوری بطور گتہ کے لیتے ہین۔

باغبانون اور خاص خاص فاصلات اور چیزون کے بونیوالون کو علحدہ علحدہ دکھلایا جاے مثل الائچی یا سپیاری یا کالی مرچ یا کافی وغیرہ کے بونے والے۔

مزدورون کے متعلق جو زراعتی مزدور ہین ہین مٹی کی بھرائی کھدائی کا کام کرنے والے۔ معدن اور کانون مین مزدوری کرنے والے (جنکے پیشہ کے ساتھ خاص اوس معدنی یا کانی کا نام بھی بتلایا جائے کہ کس چیز کی کان سے مثل سونا۔ پتھر۔ کوئلہ۔ ابرک وغیرہ کے) اور پارچہ بانی کے کارخانون کے مزدور یا کاریگر اور ورک شاپ یا دوسرے کارخانون کے مزدور جنکے متعلق خاص کارخانہ کی قسم بھی بتلانی چاہیئے مثلاً سن نکالنے کا کارخانہ۔ روئی کا کارخانہ۔ دہان کوٹنے کا کارخانہ یہ سب بتلایا جائے۔

محررون یعنی منشیون اور کارکنون یعنی عام لکھنے والون کے پیشہ کے متعلق لکھا جائے کہ کس کے کارکن یا نویسندہ ہین یعنی ملازم رکھنے والون کا پیشہ بھی لکھا جائے۔ اور پٹواری یا محاسبون وخزانہ دارون پوستہ دارون۔ ٹیپ رائیٹرون اور دوکاندار کے نوکرون کو بھی علحدہ علحدہ دکھلایا جائے۔

تاجرون اور بیوپاریون کے متعلق اونکی خاص تجارت یا بیوپار کو لکھدینا چاہیئے

ملازمت سرکاری۔

ملازمت ریلوے

ملازمت صفائی یا لوکل فنڈ

ملازمت دیہی

اور ساتھ ہی اسکے یہ بھی اوسکو ظاہر کرنا ہوگا کہ اوسکا عہدہ یا درجہ کیا ہے اور کس صیغہ مین کام کرتا ہے اور اوسکا کام کیا ہے۔

خانگی ملازمت یا نوکری کے متعلق اوسکی نوکری کی قسم معین طور پر لکھنی چاہیئے اور اوس شخص کا پیشہ بھی درج کردیا جائے جسکی نوکری وہ کرتا ہے مثلاً زمیندار کا باورچی یا کھانا پکانیوالا یا رسوئی ساز یا بنیا کا پانی لانے والا وغیرہ

وظیفہ خوار یا پنشن خوار لوگون کے متعلق لکھدیا جائے کہ وہ وظیفہ یا پنشن فوجی ہے یا اہل قلم کی یعنی جیسی کچھ حالت ہو درج کردی جائے

جو لوگ کہ ارضی و زمین یا مکانات کے کرایہ سے اپنی وجہ معیشت (جیون آدھار) حاصل کرتے ہین اونکو مالک زمین یا مالک مکان دکھلایا جاتا ہے۔

جو لوگ روپیہ قرض دیکر اوسکے سود پر گذران کرتے ہین یا کمپنیون کے شیر و حصون پر اپنی وجہ معاش پیدا کرتے ہین اونکو ساہوکار بتلایا جائے۔

زراعت کے متعلق ذیل کی باتون مین تمیز کرنی چاہیئے۔

زمین کا پٹہ وصول کرنے والے۔

ہی لکھا جاے ۔ مرہٹواڑی مین معمار کو گونڈیا بھی کہتے ہین اسکا خیال رہے کہ کہین ذات کیجاے
پر گونڈیہ جو پیشہ ہے غلطی سے درج نہ کیا جاے ۔ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو کشتریا یا ویشیا
یا سودرا بتلاے تو اوس سے دریافت کیا جاے کہ کشتریا وغیرہ کی کونسی ذات کا ہے اور ان
دونون باتون کو لکھہ لیا جاے ۔ اور اگر وہ اپنا پیشہ بھی بتلاے تو وہ بھی درج کر لیا جاے جیسا کہ
بھنگی یا حلال خور ۔ لعل بیگی ۔ یا حلال خور ہاری ۔ ذاتون کے شعبون اور اڑنام (لقب) اور اندرون قوم
اور بیرون قوم شادی کرنے والے مجموعون کے نام درج کرنے کی ضرورت نہین ہے مثل کنوجیا
رائی ۔ کولن ۔ کسیا پا وغیرہ کے ۔ مسلمانون اور کرستانون کے متعلق اونکا بیان کافی ہے جو وہ متعلق
اپنی قومیت یا ذات کے بیان کرین ۔

نوٹ یہ امر نہایت مشکل ہے اور صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ یہ جو لکھا گیا ہے نتیجہ ایک
وسیع تجربہ کا ہے اور دو دو لفظ متعلق ذات کے لکھنے سے یہ غرض ہے کہ اگر کہین ایسا غیر معروف
نام بتلایا جاے تو اس ذریعہ سے اوس کا پتہ نکل سکے ۔

ضمیمہ قاعدہ ۹ ۔ خانہ ۹ مین عام اور غیر معین الفاظ کا استعمال نہ کیا جاے مثل نوکری یا سرکاری
نوکری ۔ یا دوکانداری ۔ یا لکھنا یا مزدوری وغیرہ بلکہ اوس شخص سے بخوبی دریافت کر کے لکھنا چاہیے
کہ کس قسم کی نوکری ہے اور اگر دوکانداری ہے تو قسم اشیاء فروخت کو لکھنا چاہیئے ۔ یا مزدوری
ہے تو کس قسم کی اگر کسی شخص کو بتلانے مین شک یا شبہ ہو کہ اپنا معظم پیشہ کیا بتلاے تو وہ اپنا زیادہ
سے زیادہ وقت کس کام مین صرف کرتا ہے اوسی کام کو خانہ ۹ مین اوسکا پیشہ درج کیا جاے
اگر کوئی شخص اپنا پیشہ نوکری بتلاتا ہے تو حسب ذیل تمیز کرنی چاہیئے ۔

ضمیمۂ قاعدۂ ۷۔ خانہ ۷ مین وہ عمر لکھو جو اوس شخص کی شب اخیر مردم شماری کو ہوگی اور اسبات کا احتیاط رہے کہ جتنے پورے سال ہون وہ لکھے جائین نہ یہ کہ چلتے ہوئے سال کو بھی شریک کیا جائے مثلاً اگر کسی کی عمر پچیس سال اور پانچ مہینے کی ہے تو اوسکو پچیس سال کا لکھا جائے۔ اور کسی شخص کا سن مثلاً شب اخیر مردم شماری کو پچیس سال کا ہوگا تو اوسکو پچیس سال کا لکھا جائے۔ مہینون کو چھوڑ دیا جائے۔ چھوٹے بچون کی عمر جو ایکسال کے اندر ہے حسب ہدایت نامہ شمار کنندگان درج ہوگی۔

ضمیمہ قاعدہ ۸۔ خانہ ۸ مین ہندؤن کے لیئے وہ بڑے مجموعہ ذاتون کے لکھے جائین جنکی باہر وہ شادی نہین کرسکتے مثلاً ہندوستان مین راٹھری برہمن ہین وہ اگرچہ اپنی شعبہ ذات راٹھری کے باہر شادی نہین کرسکتا ہے لیکن وہ برہمن کے بڑے مجموعے یا گروہ کے باہر بھی ہرگز شادی نہین کرسکتا ہے تو اس بڑے مجموعے یعنی برہمن کو اوسکی ذات لکھی جائے جہان کہین اس قاعدہ کا استعمال مشکوک اور مشتبہ ہو مثلاً بنیون کی صورت مین چونکہ ایک پیشہ کا بھی نام ہے جسکے ضمن مین بہت سی حقیقی ذاتین شامل ہین تو وہان دونون مجموعون کو لکھ دیا جائے مثلاً بنیا۔ اوسوال۔ یا بنیا اگروال یا بنیا گندھا بنیگ یا ہمارے تلنگان مین کومٹی کو ایگنا وغیرہ جو اوسکی ذات ہو کومٹی کے بعد لکھ لیا جانا ضرور ہے۔ ملک یا صوبہ کے نام سے جو لوگ کہلائے جاتے ہین جیسے کہ بنگالی یا اوریا یا گورکھالی یا گونڈ تو اون سے دریافت کرلیا جائے کہ اونکی ذات کا نام کیا ہے اور اوسکو بھی اونکے پہلے نام کے ساتھہ تختہ مین لکھ لیا جائے۔ مثلاً بنگالی کے لیئے کیکے برتا۔ اور اوریا کے لیئے بھنڈیت اور گوکھالی کے لیئے گورونگ وغیرہ۔ گونڈ اصلاً گونڈوانہ کے ہوتے ہین اور قوم کا نام بھی وہی ہے۔ لہذا اونکو گونڈ

اون کا شعبہ مذہب یعنی فرقہ لکھوالینا چاہیئے اور اگر ممکن ہو سکے تو انگریزی ہی مین لکھوانا بہتر ہے یعنی اگر اونکو انگریزی آتی ہے تو۔

نوٹ مدراس مین یہ تجویز کیگئی ہے کہ ایک فہرست عیسائیون کے کل مشنون کی مرتب کرکے شمار کنندون کو دیجائے اور اوس فہرست مین ہر مشن کے مقابل اوس کا فرقہ یعنی شعبۂ مذہب بھی لکھدیا جاوے تاکہ شمار کنندہ کو معلوم رہے کہ کس مشن کے مقابل کس فرقہ یا شعبہ مذہب کو لکھے۔ یہ طریقہ صحیح ہے کہ نہایت عمدہ ہے لیکن ہمارے ہان اسقدر کم عیسائی اضلاع مین ہین کہ انکے لیئے خاص طور پر اس کا انتظام بالفعل ضرور معلوم نہین ہوتا ہے اگر ضرورت آیندہ پائی جائے گی تو اسکی نسبت ہدایات مرتب کرکے بھیجی جائے گی۔ بلدہ اور ضلع فاست مین تو اسکا ہونا ضرور ہے۔

پس واضح ہو کہ سوائے عیسائیون کے اور کسی کا فرقہ یعنی شعبہ مذہب ہماری سرکار مین لکھنے کی ضرورت نہین ہے۔

ضمیمہ قاعدہ ۵ ۔شمار کنندون کو یہ بات سمجھادینی چاہیئے کہ ایکسال کے اندر بچون کی بھی جنس یعنی مرد و عورت ہو خانہ ۵ مین درج کرنا ضرور ہے۔

ضمیمہ قاعدہ ۶ ۔جس عورت کی کبھی شادی نہین ہوئی ہے اوسکو خانہ ۶ مین ناکتخدا لکھدیا جائے اس سے کوئی غرض نہین کہ وہ گرہست ہو یا کسبی یعنی کنچنی یا کسی کی رکھی ہوئی ہو۔ ان سب کو ناکتخدا مین شریک کرنا چاہیئے۔ جو لوگ کہ عام رواج کے طور پر شادی شدہ یعنی کتخدا سمجھے جاتے ہین اونکو اس خانہ مین کتخدا لکھدیا جائے گو وہ کل رسوم شادی کے ادا بھی نہ کیے ہون

رکن کے ساتھہ بتلادی جائے مگر اوس صورت مین کہ بتلانے مین عذر ہو اس طریقہ سے اخیر مردم شماری کی تنقیح مین آسانی ہوگی ۔

اگر کوئی اپنے شوہر یا کسی قرابت دار کا نام بتلانے مین عذر کرے تو کسی اور شخص سے جو اوس مکان مین رہتا ہو دریافت کرلیا جائے ۔

ضمیمہ قاعدہ ۴ - چونکہ ہماری سرکار مین مذہب کا شعبہ نہین لکھا جائیگا اسلیئے تختہ مردم شماری کے خانہ ۴ مین مسلمانون کے لیئے سنت جماعت یا شیعہ اور ہندؤن کے لیئے ویشنو یا وقب چاری یا شیوا جینون کے لئے دیگمبری سوتمبری یا ڈھونڈیا لکھنے کی ضرورت نہین ہے صرف اونکا مذہب لکھہ لیا جائے ۔

عورتون کے لیئے وہی مذہب لکھا جائے جو اونکے شوہرون کا ہے اور بچون کے لیئے بھی اونکے ماں باپ کا ہی مذہب لکھہ لیا جائے ۔ چیلون کے لیئے اونکے گرو کا مذہب لکھنا چاہیئے ۔

جو لوگ کہ خاص خاص غیر کرستان مذہب کے ہین مثل برہمو سماج یا آریا سماج کے تو اون کا مذہب ہی لکھہ لیا جائے شعبہ مذہب سے کوئی تعلق نہین اور ان دونون کو دو علیحدہ مذہب سمجھا جائے ۔

جنگلی اور وحشی قومون کے لیئے جو اپنے آپکو ہندو نہین بتلاتے ہین اور کوئی مذہب بھی نہین بتلا سکتے ہین تو اونکی قوم یا ٹولی کا نام لکھہ لیا جائے ۔

البتہ کرسٹان یعنی عیسائی لوگون کے لیئے جنکو لکھنا آتا ہے اونہی کے ہاتھون سے

قواعد کے ہین تاکہ مطابقت ہو اور اونکو پریشانی لاحق نہ ہو۔

نوٹ گذشتہ مردم شماری کا تجربہ ہے کہ اکثر شمار کنندون کو ہدایت نامجات مشمولہ کتب مردم شماری کے سمجھنے مین دقت ہوئی تھی اور اونکو تنقیح کنندون نے زبانی ہدایتین دی تھین اس مین اس بات کا احتمال پیدا ہوتا ہے کہ اگر تنقیح کنندہ آپ کسی امر کو اچھی طرح نہ سمجھا ہو اور زبانی ہدایت دیکر شمار کنندون کو بھی غلطی مین ڈالدے تو اس کا کوئی علاج نہین ہوسکتا ہے اسلئے جیسا کہ گذشتہ مین مدراس اور میسور مین شمار کنندون کے ہدایت نامجات مندرجہ کتب مردم شماری کے علاوہ بھی تفصیلی ہدایات دیگئی تھین۔ یہان بھی کسی قدر تفصیل کیجاے۔ اس کی نسبت آیندہ تجویز کیجاے گی لیکن اس وقت جو ہدایت نامجات مرتب ہوے ہین نہایت سہل ہین غالبًا اس سے زیادہ ہدایت کی ضرورت نہوا گر ہوگی تو تنقیح کنندون کے ہدایت نامجات کی نقول ہی شمار کنندونکو دیجائین گی تاکہ وہ اپنے اپنے فرایض سے بخوبی واقف ہوجائین۔

ضمیمہ قاعدہ ۳۴ خانہ ۳ مین کل آدمیون کو درج کردو گو وہ اوس وقت حاضر نہون لیکن مکان مین رہتے ہون یا اوس مکان سے کھانا کھاتے ہون لیکن جن کا شب اخیر مردم شماری یعنی تاریخ یکم مارچ سنہ ۱۹۰۱ع مطابق ۲۸ فروردین سنہ ۱۳۱۱ف تک آجانے کا احتمال ہو۔ اس خانہ مین اون مہمانون کو بھی درج کردو جو شب اخیر مردم شماری تک رہنے والے ہون۔ دھرم سالون سرائیون۔ دیولون۔ مندرون۔ مسجدون وغیرہ مین صرف وہان کے دایمی رہنے والون کو درج کردو نہ مسافرون کو جو ٹہر کر چلے جانے والے ہون۔

اگر کسی عورت کا نام خانہ ۳ مین درج نہین کیا گیا ہے تو اوسکی قرابت اوس مکان کے کسی

صورت مین اور امتحانی مردم شماری کرنے مین جسقدر ضرورت ہے اوسمین کمی نہ پڑے
یعنی ہر قسم کے تخمجات فیصدی دس سے بارہ تخمنہ تک زیادہ دیے جائین گے ۔

(۹) جبکہ داخلا ابتدائی یعنی مردم شماری ابتدائی ختم ہو لے تو تنقیح کنندہ کو چاہیئے کہ کل داخلون کو اپنے علاقہ کے رقبات کی کتاب مین پڑھ لے اور جو کچھ درج کرنے سے رہ گیا ہے یا کوئی غلطی ہوئی ہے اوسکی صحت کرا لے ۔ اوسکو یہ بھی لازم ہے کہ موقع پر جاکر جسقدر داخلون کی تنقیح کر سکتا ہے کر لے ۔ اگر کسی کتاب مین غلطیات کثرت سے پائے جائین تو اوسکو چاہیئے کہ اون کی تنقیح کر کے سب کی تصحیح کرا لے ۔

۳ خاص ہدایات تنقیح کنندگان وناظران مفوضات ۔ ذیل مین تنقیح کنندون اور ناظران مفوضات کے لئے جو قواعد دیے جاتے ہین بغرض تکمیل اون ہدایات کے ہین جو شمار کنندون کے لئے کتاب کی جلد کے اندر دیے گئے ہین ۔ بالفعل چند قواعد دیے جاتے ہین اسکے بعد اگر ناظم کو ضرورت معلوم ہو تو تفصیلی قواعد نہایت مکمل طور پر بعد بھی اجرا کیے جائین گے کیونکہ بعض قواعد مین بلحاظ زبان وذات ورسوم ورواج ملک فرق ضرور ہوگا اور مثال کے دینے مین خاص توجہ مبذول رکھنی ہوگی کیونکہ مثالون کا صحیح ہونا گویا ان قواعد کا جزو اعظم سمجھا جاتا ہے ۔

یہ مناسب خیال کیا گیا ہے کہ شمار کنندون کو ہر ایک قاعدہ خانہ پری کا سمجھانے کے بعد اور حقیقی مثالون سے جہان تک ممکن ہو سکے تمثیل بتلانے کے بعد تنقیح کنندہ ان ضمیمہ قواعد کو شمار کنندون کو لکھوا دے ۔ ان ضمیمہ قواعد پر وہی نمبر دیے گئے ہین جو شمار کنندون کے

رقبہ کے لکھنی ہے برابر درج کرادیوے - سرائین - فرودگاہین - رودگھاٹ - منڈیون کے ٹھیرنے کے مقامات وغیرہ جہان شب اخیر مردم شماری کو دس آدمیون سے زیادہ کے ٹھیرنے کا احتمال ہو فہرست رقبہ کے اخیر مین درج کردینا ضرور ہے تاکہ کافی جائے اون کی مردم شماری کے لئے باقی رہے -

(۶) شمارکنندون کی لیاقت وقابلیت کے امتحان کے لئے مناسب طریقہ یہ ہے کہ تنقیح کنندہ ہر ایک شمارکنندہ کو دو دو چھٹے تختہ مردم شماری کے دیکر اون سے پانچ چھہ مکانات کے لوگون کی مردم شماری حقیقی بطور امتحان کے درج کرائے گا - اسکے بعد اوسپر لازم ہے کہ وہ اپنے حلقہ کا دورہ کرے اور ان امتحانی تختجات کی خانہ پری کی تنقیح کرے اور اون کی غلطیون کی تصحیح کرے اور شمارکنندون کو اچھی طرح سے سمجھائے اور ان تختجات امتحانی کو اپنے ناظر مفوضہ کے پاس تنقیح وامتحان کے لئے روانہ کردے اگر غلطیان کثرت سے ہون تو شمارکنندہ کو اپنے رقبہ کی مردم شماری کا پہلے کا مسودہ تیار کرنے کا حکم دیوے یا اپنے ناظر مفوضہ سے استدعا کرے کہ اس شمارکنندہ کو کو بدل دے -

(۷) قصبات اور بڑے قصبات اور شہرون مین خصوصًا لازم ہوگا کہ ایک احتیاطی تعداد شمارکنندون کی زاید از ضرورت نظر مین رکھی جاے تاکہ وقت پر کام آسکین

(۸) تنقیح کنندون کو چھٹے تختجات مردم شماری وفہرست رقبہ وجلد کسی قدر زیادہ تعداد مین دینے چاہئین تاکہ تختجات کی تعداد کی غلطی سے اور تختجات کے خراب ہوجانیکی

کے نام فہرست حلقہ مین دئے گئے ہین وہ کام کے لئے دستیاب ہو سکتے ہین یا نہین

(۳) بہت صاف اور معین ہدایات عام تختجات مردم شماری و فہرست رقبہ کو جلد کے اندر رکھہ کر سینے کی نسبت دینا چاہیئے اسطرح پر کہ جسوقت خانگی تختجات کو کتاب مین بعد ختم مردم شماری اخیر شریک کرنا ہو تو کتاب کی سیون کو آسانی سے کھولکر ان تختجات کو اون مین شامل کیا جا سکے۔

(۴) تنقیح کنندہ کو چاہیئے کہ بہمن کے پہلے ہفتہ مین دریافت کر کے اطلاع دے کہ اوسکے حلقہ کے لئے کتنے خانگی تختہ معززین کے لئے ضرور ہین اور فہرست مکانات موضع اور فہرست رقبہ مین اوسکو لکھہ لینا چاہیئے کہ کن لوگون کو خانگی تختجات دئے جائین گے۔ ان تختجات خانگی کو وہ شمار کنندون کو دیگا اور ہدایت کرے گا کہ وہ مردم شماری اخیر کے تین روز قبل ان تختجات کو اون لوگون مین تقسیم کر دے جن لوگون کو خانگی تختجات دئے جانیکی تجویز ہوئی ہے اور خانہ کیفیت مین فہرست رقبہ کے اونکی دستخط وصول لے لیوے۔ تنقیح کنندہ یہ بھی سمجھا دے گا کہ ان تختجات مین داخلہ ایک ہی دم شب اخیر مردم شماری مین درج کر دئے جانے چاہیئے اور نیز یہ کہ جن لوگون کو ایسے تختجات دئے جائین گے وہ ابتدائی مردم شماری سے خارج کئے جائین گے۔

(۵) بعد اسکے کتب مردم شماری سی دئے جائین تنقیح کنندہ کا کام ہوگا کہ بنگرانی ذاتی تفصیلی کیفیت جو جلد پر لکھنی چاہیئے اور جو سرخیان اور عنوان صفحون پر تختجات اور فہرست

ہو گئے ہین اور ایک حلقہ کا حصّہ دوسرے متصلہ حلقہ مین جا ملا ہے - یا یہ کہ کوئی قطعہ چھوٹ گیا ہے - یا یہ کہ حدود مضبوط اور معین نہین ہین تو اوسکو لازم ہوگا کہ اپنے ناظر مفوضہ کو اطلاع کر کے حکم حاصل کرے -

(۳) اگر فہرست مکانات لکھی گئی ہو (اور اس بات کا بعض مقامات مین واقع ہونا قرین قیاس ہے) تو تنقیح کنندہ کو لازم ہوگا کہ اسکی تعمیل کراوے - اوسکو ہر جائے پر احتیاط کے ساتھہ تنقیح کرنی ہوگی تاکہ اطمینان ہو جائے کہ کوئی مکان یا فرودگاہ یعنی کیمپ یا سرائے یا رود گھاٹ یا کوئی کارخانہ یا کوئی ایسا مقام یا موقع جہان شب اخیر مردم شماری کو لوگون کے رہنے کا احتمال ہو اشتراک سے چھوٹ تو نہین گیا ہے -

جو مکانات اسطور پر چھوٹ گئے ہون تو اونپر ضمنی نمبر لگانے ہونگے اور اوسکے آگے کے مکان کا نمبر اوسپر دیکر آ سے اوسکو ظاہر کیا جائے گا مثلاً ۲۵ آ - اسکی یہ معنی ہے کہ ۲۵ و ۲۶ نمبر کے مکانون کے بیچ مین اگر کوئی مکان چھوٹ گیا تھا تو اوسپر ۲۵ آ نشان لگادو - رود گھاٹ وغیرہ مقامات کے متعلق تنقیح کنندہ کو لحاظ کرنا چاہیئے تا اگر معتبر ہون یعنی باوقعت ہون یا زیادہ فاصلہ پر ہون تو اونکو علحدہ رقبہ بنایا جائے

تنقیح کنندہ کو یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ مکانات کی نشان اندازی صحت کے ساتھہ ہوئی ہے یا نہین اور یہ کہ ہر موضع کا ہر ایک مکان کسی ایک رقبہ مین شریک کر لیا گیا ہے - اور یہ کہ مکان کی نوعیت صحیح طور پر فہرست رقبہ مین لکھدیگئی ہے اور یہ کہ فہرست مکانات موضع اور فہرست حلقہ مین مطابقت ہے اور نیز یہ کہ جن شمار کنندون

باب دہم

مردم شماری ابتدائی

ف ۱ تاریخ مردم شماری ابتدائی مضلات یعنی اضلاع مین ابتدائی مردم شماری کا آغاز ۱۲ اسفندارماہ الہی ۱۳۱۰ ف سے ہونا چاہیئے اور آخر ماہ مذکور تک اوسکو ختم کردینا چاہیئے تاکہ فروردین کے پہلے دو یا تین ہفتون مین تنقیح کنندۂ حلقہ و ناظر مفوضہ و عہدہ دار نگران کار کو پورا موقع داخلون کی بحال تنقیح کا ملے۔ لیکن بڑے قصبات اور شہر و بلدہ مین جہان نسبتہً تبدیلات و اختلافات کے ہونیکا زیادہ احتمال بلکہ یقین کامل ہوگا۔ اگر مردم شماری ابتدائی چھبیسوین اسفندار سے شروع کیجاے اور پندرہوین فروردین تک ختم کردی جاے

ف ۲ عام طریقۂ عمل - نمبراندازی مکانات کی شروع کرتے ہی تنقیح کنندون اور ناظرون کے عملی ہدایت نامجات کی ترتیب شروع کردی جاے گی۔ اور اگر اسکے بعد کوئی ہدایات مزید کی ضرورت ہوگی تو وقتاً فوقتاً علیحدہ پرچون پر طبع کرکے بھیجی جاینگی لیکن بالفعل چند ہدایات بطور مقدمہ بیان کردی جاتی ہین جو بکار آمد ہونگی اور جن سے بعض امور متعلقہ کا طریقہ انتظام ظاہر ہوگا۔

(۱) حلقہ کے حدود کو تنقیح کنندہ نہایت احتیاط اور باریکی کے ساتھ دیکھیگا اور تنقیح کرکے فہرست حلقہ کے ساتھ اونکا مقابلہ کرے گا۔ اگر وہ دیکھے کہ دو حلقے مختلط

رقبات کا جزو سمجھکر اوسمین رہنے والون کا اونھین رقبات مین شامل کرکے شمار کیا جاے گا - ریلوے کے افسرون اور علاقہ دارون سے انکا شمار متعلق نہوگا -

(۲) ریلوے کے ملازمین و دیگر اشخاص جو ریلوے کے حدود و عمارات و ملحقات مین نوکرات دن کام کرتے ہین مگر عادۃً شب کو کام ختم ہونے کے بعد اپنے اپنے مکانون کو جو خارج از حدود ریلوے ہین چلے جاتے ہین ان کا شمار بھی سرکاری شمار کنندون کے ذریعہ سے کیا جاے گا -

لیکن جو لوگ ریلوے کے علاقہ مین شامل سمجھے جائین گے اور جن کی مردم شماری علاقہ داران ریلوے سے کیجاے گی وہ حسب ذیل ہین -

(۳) وہ بڑے گروہ یا بڑی جماعتین ریلوے کے مزدورون کی جو ریلوے لین کے قریب ہی سوتے ہون جہان وہ کام کرتے ہین لیکن اونکے سونے کی جاے خارج از حدود ریلوے و عمارات و ملحقات ریلوے ہو جیسا کہ فقرہ (۲) مین عمارات و ملحقات ریلوے کو بتلایا گیا ہے کہ درمیان دو رکے دو سگنلون کے واقع ہین ایسے لوگون کا شمار بذریعہ علاقہ داران ریلوے عمل مین آئے گا - جنکے ہان وہ مزدوری کرتے ہین -

مشورہ کرکے اس کام کو انجام دین - جو کام اس طریقہ سے اونکے ذمہ کردیا جائے گا ہمارے عہدہ دارون سے اوسکا تعلق نہین رہے گا -

ف ۴ - علاقہ داران ریل کن لوگون کی مردم شماری کرین گے - جن لوگون کو علاقہ داران ریلوے شمار کرین گے وہ حسب ذیل ہین -

ا - وہ سارے لوگ جو ریلوے کی عمارتون اور ملحقات مین ساکن پائے جائین عام اس سے کہ وہ لین جاری ہو یعنی چلتی ہوئی ہو یا زیر تعمیر ہو -

ب - وہ تمام لوگ جو شب اخیر مردم شماری مین بذریعہ ریل سفر کرتے ہون -

ف ۵ - ساکنین کی تعریف - قسم ا مین ساکنین ہین - لفظ ساکنین مین وہ سب لوگ شامل ہین جو ریلوے کی عمارتون اور ملحقات مین اخیر مردم شماری کی شب کو سوتے ہون - اون مین کون کون گروہ شامل ہین اور کون کون خارج اون کی تفصیل ذیل مین دیجاتی ہے - تاکہ معلوم ہوجائے کہ ریلوے والے کنکی مردم شماری کرین گے اور عہدہ داران سرکار کن کی -

جنکی مردم شماری علاقہ داران سرکار کرین گے وہ حسب ذیل ہین

(ا) سگنل والے اور گنگ مین اور چوکیدار جو کہ چھوٹی چھوٹی چوکیون اور جھوپڑون مین دور کے سگنلون کے حدود کے باہر اور ریلوے لین کے تار یا باڑہ کے اندر یا باہر رہتے ہون ان لوگون کا شمار سرکاری شمار کنندون کے ذریعہ سے کیا جاے گا جنکے تفویض وقطعات مین جن مین یہ مقامات واقع ہین - یعنی جہان کہ ایسے جھوپڑے یا چوکیات واقع ہون پس جن قریب کے دیہات کے رقبون مین یہ واقع ہون اونکو اونہین

غلط فہمی کے علاقہ ریل یہ خیال کرے کہ فلان مکان ہمارے سے متعلق نہین ہے اور اوسکو اپنے شمار سے چھوڑ دین اور اسی طرح سے علاقہ داران سرکار یا جاگیر بھی اس غلط فہمی مین بعض مواقع کو شمار سے متروک کردین بہترین طریقہ اسکا یہ ہوگا کہ مقامی عہدہ دار اسٹیشن ماسٹر سے اس بارے مین بالمشافہ مشورہ کرکے اپنے اپنے حدود کو معین کرلین تا آیندہ کسی قسم کا خدشہ باقی نرہے

ف ۲ - ریلوے لین دو قسم پر منقسم ہے - ایک تو وہ جو جاری ہے اور دوسرے وہ جو زیر تعمیر ہے جیساکہ گوداوری ویلی ریلوے - ریلوے کی عمارات وملحقات مین ذیل کے مواقع شامل ہین - اسٹیشن اور اوسکے ملحقات مابین دور کے سگنلون کے - ورکشاپ یعنی کارخانہ متعلق ریل - کوئلے کے رکھنے کا مقام جیساکہ ایاینڈلا پاڑ مین ہے اور کل دوسری عمارتین اور مکانات وغیرہ اندرون حدود ریلوے جن مین ریلوے کے دائمی یا ہنگامی ملازمین رہتے ہین - لیکن جو پٹے یا اوسکے متاثل دوسرے علیحدہ مکانات وغیرہ جن مین چوکیدار یا گنگ مین رہتے ہین اور جو کسی اسٹیشن کے دونون دور کے سگنلون کے حدود کے باہر واقع ہون اونکی مردم شماری علاقہ داران سرکار سے عمل مین آئے گی اور اہالی ریل کو اون سے تعلق نہ ہوگا - یہ امتیاز قابل یادداشت ہے جس سے ہر فریق کو اون کے متعلقہ حدود معلوم ہوجائین گے -

ف ۳ قسم دوم وہ لین ہے جو زیر تعمیر ہے - جب کوئی لین زیر تعمیر ہو تو اوس کے متعلق لوگون کی مردم شماری بذریعہ اوس علاقہ کے چیف انجینیر کے ہوگی - اور چیف انجنیر صاحب کو چاہیئے تعریف بالا کے مطابق جہان تک ممکن ہو عمل کرین اور ضلع کے افسر سے

باب پنجم

مردم شماری ریلوے

ف ۱ - چونکہ ریلوے کی مردم شماری کا انتظام مثل سابق ریلوے کے عمال کے طرف سے عمل مین آئیگا اور اوسکے تخمینجات وغیرہ اوسی علاقہ ریلوے سے ناظم مردم شماری بڑاڑ علاقہ سرکار عظمت مدارمین بھیجے جاکر اونہی کے ذریعہ سے اوس کام کی تنقیح و نگرانی کیجائے گی لہذا ہمارے عہدہ داران ضلع و تحصیل کو اون سے تعرض کرنے کی ضرورت نہین مگر امور ذیل کا لحاظ ہماری سرکار کے عہدہ داران اور اون جاگیرات کے علاقہ دارون کو رکھنا چاہیئے جن کے حدود ارضی مین کوئی اسٹیشن واقع ہو یا یہ کہ ریلوے لین جاتی ہو اور اون سب کو اپنے اپنے حدود کا تصفیہ بخوبی کرنا چاہیئے یعنی جہان کہین علاقہ داران ریلوے کے مکانات غیر ریلوے والون کے مکانات کے ساتھ بالکل ملگئے ہین یا درہم ہوگئے ہین وہان ایک ایسا نقشہ مرتب اور تیار کرایا جائے جس سے دونون کے حدود کی تمیز ہوسکے تاکہ جب سرکاری لوگ مردم شماری کا کام شروع کرین تو اونہی مکانات کے متعلق اپنا کام کرین جنکا تعلق اون سے ہے نہ یہ کہ خواہی نہ خواہی علاقہ داران ریلوے کے مکانات کو شامل کرلیا جائے - علاقہ داران ریلوے کو بھی ہدایات دیگئی ہین کہ وہ اپنے علاقون کا اسطرح پر انتظام کرین کہ اوسکے لوگ یا اونکے علاقہ کے مکانات شمار سے چھوٹ نہ جائین غرض اس سے یہ ہے کہ ایسا نہو کہ بسبب

نوٹ - ہماری سرکار مین کنٹونمنٹ دو قسم کے ہین - ایک وہ جو سرکار عظمت مدار کے افسرون کے تحت ہین اور دوسرے وہ جو بالکل ہماری سرکار کے ہی مقرر کردہ افسرونکے تحت مین ہین - پہلی قسم مین سکندرآباد بلوارم و اورنگ آباد جالنہ و ہنگولی و رایچور و مومن آباد ایسے کنٹونمنٹ یعنی چھاؤنیان ہین - ان کی مردم شماری تو بذریعہ عہدہ داران و افسران فوجی علاقہ سرکار عظمت مدار عمل مین آئے گی - اور تحقیقات کی داد و سند ان افسرون اور ناظم مردم شماری برار کے درمیان ہوگی - ہمارے افسران سیول صرف ان فوجی حدود کے باہر کی مردم شماری سے تعلق رکھینگے - لیکن قسم دوم مین وہ چھاؤنیات ہین جو متعلق بافواج باقاعدہ و امپیریل سروس ٹروپس و گولکنڈہ بریگیڈ و فوج میسرم وغیرہ ہین خواہ وہ بلدہ و اطراف مین ہون خواہ اضلاع مین اون کی مردم شماری ہمارے افسران فوجی سے عمل مین آئے گی - بہرحال وہی عمل درآمد رہیگا جو گذشتہ مین تھا -

پوسٹ ڈیوٹی وغیرہ) کے لئے بھیجے گئے ہون یا اوس سرحد مین جو اونکے موجودہ قیام گاہ سے قریب ہے اُنکے تختجات وکتب کے ساتھہ بھی وہی عمل کیا جائیگا جو اوپر کیا گیا ہے۔

ج۔ کنٹونمنٹ یعنی چھاونی کے بازار اور غیر فوجی حدود

۲۱۔ ہر کنٹونمنٹ کے اوس حصّہ کی مردم شماری جو خاص فوجی یا رجمنٹی حدود کے باہر ہے بذریعہ کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کے کیجائے گی جو صریحًا اوس ضلع یا ریاست کے حکام اہل قلم یعنی سیول کے تحت مین کام کرین گے ایسی مستثنی صورتین بھی پائی جائینگی جہان کل انتظام کمانڈنگ افسرون کی معرفت سے ہی کیا جائیگا اور وہی کام کے بروقت اور صحیح ہونے کے ذمہ دار سمجھے جائینگے۔ جو قواعد وقوانین کی پابندی کیجائے گی وہی ہین جو دستور العمل مردم شماری مین درج ہین۔

د۔ عام بیان

۲۲۔ ناظم مردم شماری ضروری ذیلی احکام وہدایات جاری کرین گے اور اس بات کی ضرور تنقیح کرین گے کہ عام تختجات مردم شماری وہدایات نامجات ہر زبان مین نمونہ کے مطابق مردم شماری کے لیئے تقسیم کیئے گئے ہین یا نہین۔ خانگی تختجات کے پشت پر ہدایات نامہ کی نقل دیجائیگی جسمین ضروری تعمیرات دکھلائے جائین گے۔

سے تقسیم کئے جائین جہان سے وہ فوج کوچ کرتی ہے کہ ایسے کمانڈینگ افسر کو لازم ہوگا کہ وہ ایسا انتظام کرین کہ پہلی مارچ کی شب کو اونکا ہفتہ واری مقام ہو جسکو فوجی اصطلاح مین ویکلی ہالٹ کہتے ہین۔ ایسی صورت مین کوئی ابتدائی مردم شماری نہین کیجاے گی مگر یہ کہ ایسی ابتدائی مردم شماری اوس پچھلے کنٹونمنٹ یعنی چھاونی سے اس فوج کے کوچ کرنے کے قبل ہی کرلیگئی ہو۔

۱۸۔ اگر رجمنٹ یا ڈیٹاچمنٹ شب اخیر مردم شماری کو بذریعہ ریل کے سفر کرتی ہو تو انکی مردم شماری علاقہ داران ریل کی طرف سے عمل مین نہین آے گی بلکہ علاقہ داران ریل صرف ان فوجیون کی جورو بچون اور متعلقین اور خانگی نوکرون اور ہمراہیون (فالورز) کی مردم شماری کرین گے جو اونکے ساتھہ بذریعہ ریل سفر کرتے ہون۔

۱۹۔ کتب و تختجات مردم شماری ایسے ڈیٹاچمنٹ کے جو کوچ پر ہون اون رجمنٹون کے مستقر (ہیڈکوارٹرز) پر بھیجدینا چاہیئے اگر وہ مستقر اوسی صوبہ یا ملک مین ہو جسکے حدود مین اسی ڈیٹاچمنٹ کا شمار ہوا ہے لیکن اگر رجمنٹ کوچ پر ہو تو اوسکے کتب اور تختجات مردم شماری وغیرہ کو اوس کنٹونمنٹ یا چھاونی کے فوجی حکام کے پاس بھیجدیا جاے جہان وہ اخیر مین مقیم تھے اور ان کاغذات کے ساتھہ وہی عمل کیا جاے گا۔ جیسا کہ فقرہ (۱۵) مین بیان کیا گیا ہے۔

۲۰۔ وہ فوج یا فوجی مقدمہ (اوٹ پوسٹ) جو کسی انتظامی سرحد کے باہر ہون ٹیبلون مین اونکو اونہی کنٹونمنٹ یعنی چھاونیون اور اسٹیشنون کے متعلق دکھلایا جائیگا جو کہ اوس انتظامی سرحد کے اندر واقع ہون جہان سے یا جسکی وساطت سے وہ اوس کام (یعنی اوٹ

کتاب اور تخمینجات کو علیحدہ علیحدہ رجسٹر کرکے باندہ کر اوسی پولٹیکل یا ڈسٹرکٹ افسر کے پاس بہیجنا ہوگا۔ اسمین احتیاط لازم ہے کہ ایک رجمنٹ یا ڈیٹاچ منٹ کے کاغذات دوسرے کسی رجمنٹ کے کاغذات کے ساتھہ مل نہ جائین ورنہ سخت پریشانی ہوگی اور ہر فوج کے صحیح اعداد وغیرہ کے دریافت کرنے مین دقت ہوگی۔

۱۱۶۔ چونکہ یہ امر بہت ہی ضرور ہے کہ جو طریقہ کل ملک کی مردم شماری کے لئے بلکہ تمام ہندوستان کے لیئے یکسان ہو اور سب جائے اوسکی پیروی کیجائے اسلیئے مناسب ہے کہ ایک ہوشیار افسر ضلع و فوجی افسر کے ساتھہ ہر کنٹونمنٹ یعنی چھاونی مین صریح طور پر یعنی بلاواسطہ کارروائی عمل مین آئے تاکہ وہ افسر ضلع اوس فوجی افسر کو رائے دے اور امورات متعلقہ مردم شماری مین اون کی تفہیم کرے تاکہ انتظام بروقت ہو اور کام کی یکسانی پر پورا اطمینان حاصل کیا جاسکے۔

ب۔ وہ فوج جو کوچ کر رہی ہے یا کنٹونمنٹ سے خارج کام (ڈیوٹی) پر متعین ہے

۱۱۷۔ مردم شماری اُن رجمنٹون کی جو کوچ کر رہی ہین یا اون فوجیون کی جو کہین متعین ہین کمانڈنگ افسر کے ذریعہ سے عمل مین آئے گی۔ اس مردم شماری مین ہر جنس (یعنی مرد و عورت) و عمر و پیشہ کے وہ کل لوگ بھی شامل رہین گے جو فوج کے ہمراہ کوچ کر رہے ہون یہ تو ظاہر ہے کہ قبل از وقت اس بات کی اطلاع سب فوجی افسرونکو رہیگی کہ مارچ کی پہلی کی شب کو کون کون سی فوجین کوچ پر ہونگی تاکہ افسر کمانڈنگ کو کتب و تخمینجات مردم شماری اوس کنٹونمنٹ یعنی چھاونی

موقع پر شمار کرنے کی ضرورت نہین ہے کیون کہ اون لوگون کے لئے خانگی تختجات دے کے
جائین گے اور اخیر خانہ فہرست رقبہ مین گھر کے بڑے کی دستخط وصول تختجات کے لئے لیجائیگی
۱۴- شب کی توپ چھوٹنے کے بعد یعنی ساڑھے نو بجے شب یکم مارچ سنہ ۱۹۰۱ء مطابق
فروردین سنہ ۱۳۱۱ ف کو شمار کنندہ اپنے رقبہ کا آخری دورہ کرے گا اور ابتدائی داخلون کو تنقیح
کرکے جن داخلون مین کمی بیشی کرنی ہے کرلے گا اور تختجات کو اوس شب کے واقعات کے
مطابق کردے گا اور مردم شماری اخیر کو اسطور پر ختم کردے گا - اس شب کو جو کچھ تحریر ہوگی وہ بالکل
سرخی سے کیجاے گی یعنی کسی داخلہ کا کاٹ دینا کوئی نیا داخلہ درج کرنا یہ سب کام سرخی سے کیا جائیگا
سرخی مین تھوڑا گوند شریک کردیا جائے ورنہ چھوٹ جانیکا اندیشہ ہے -
۱۵- دوم مارچ مطابق فروردین کی صبح کو شمار کنندونکو لازم ہے کہ اپنے اپنے رقبون کے
خانگی تختجات کو جمع کرلین جو اونکے رقبون مین تقسیم کئے گئے تھے اور ان تختجات کو بھی اپنی
کتاب کے اخیر مین دوسرے عام تختجات کے ساتھہ سی دین - اسکے بعد اون سب کو کسی
ایک مقام پر جمع ہونا چاہیے جسکو تنقیح کنندہ نے مقرر و معین کیا ہو اور اوس خلاصہ کو اوس کی
ہدایات کے مطابق مرتب کرنا چاہیے جو کتاب کی جلد کے تیسرے صفحہ پر ایک گوشہ مین دیا گیا ہو
ان میزانون کی تنقیح کرلینے کے بعد تنقیح کنندہ اپنے حلقہ کے گوشوارہ مین ان کو درج کرکے
اپنے گوشوارہ مین ان کو درج کرکے اپنا گوشوارہ مرتب کرے گا - اسکے بعد کل ایسے گوشوارہ جات
کو افسر ذمہ دار مردم شماری ایک جائے کرکے اوپر ایک تختہ کا مل تیار کرکے ڈسٹرکٹ یا پولیٹیکل
افسر کے پاس بھیجیگا - یعنی جیسی کچھ حالت ہو ہر رجمنٹ یا ہر ڈیٹاچمنٹ یعنی جزو رجمنٹ کی کل

۱۲- تختجات مردم شماری کے پہونچتے ہی فہرست رقبہ جو کتاب مردم شماری کا جزو ہے اور اخیر مین دیگئی ہے اوس مین تعداد مکانات اور مکانات کی نوعیت ہر رقبہ کے لئے فہرست مکانات پر سے لکھنی چاہیئے۔ اسکے بعد ایک کمیشنڈ افسر کو تنقیح کنندون اور شمار کنندون کے تعلیم اور تفہیم کے لیئے مقرر کرنا چاہیئے کہ وہ اون کا کام اونکو بخوبی سمجھا دین اور بطور امتحان کے چند اوراق تختجات کی خانہ پری کرینگے تاکہ یہ کام بخوبی اونکے ذہن نشین ہوجائے۔ اسلئے چند زاید تختجات بحساب فی شمار کنندہ چار تختہ یعنی دو ورق بھیجے جائین گے کہ ان پر وہ امتحانی خانہ پری کرکے اپنے کام کو اچھی طرح سمجھ لے سکین۔

۱۳- اوایل فروری سنہ ۱۹۰۱ع مطابق اوایل فروردین ماہ آلہی سنہ ۱۳۱۰ف مین ہر شمار کنندہ اپنے رقبہ کا دورہ کرکے اپنی کتاب تختجات مردم شماری مین پوری کیفیت حسب خانہائے تختجات مذکورہ ہر مرد و عورت و بچہ کے متعلق جو اوسکے رقبہ مین رہتے ہین اون خانون مین تختجات مردم شماری کے درج کریگا اور ان داخلون کو ذمہ دار نہایت جانچ سے امتحان کرکے اپنی دستخط تصدیقی کردے گا اور کل غلطیون کی اصلاح بھی کردے گا۔ مکانات کو اوسی سلسلہ سے لکھنا چاہیئے جس سلسلہ سے وہ فہرست مکانات مین درج ہین اور ہدایات کی پابندی و تعمیل نہایت شد و مد کے ساتھہ کرنی لازم ہے صرف کالی روشنائی کا استعمال کیا جائے گا یعنی ابتدائی داخلون کے لکھنے کے وقت بغیر سیاہ روشنائی کے اور کوئی رنگ کا استعمال نکیا جائے اور چونکہ انگریزی سیاہی کے نشر کرنے یعنی پھوٹ جانیکا خوف ہے، کیونکہ کاغذ تختجات کا نہایت کمزور ہے اس لئے مغلائی سیاہی کا استعمال کرنا ضرور ہے جو گاڑھی ہوتی ہے۔ یوروپین اور یورلیشین لوگون کو اس

ضلع یعنی ڈسٹرکٹ فوجی

فہرست حلقہ

کنٹونمنٹ یعنی چھاونی

رجمنٹ

نشان حلقہ	نام تنقیح کنندہ	نشان رقبہ	نام شمار کنندہ	تعداد مکانات فی رقبہ	تعداد نفوس فی رقبہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

۸- پندرہوین نومبر سنہ ۱۹۰۰ء مطابق ۱۱ ردے سنہ ۱۳۱۰ف کے کچھ دنون قبل وہ نمبر جو فہرست مکانات مین ہر ایک مکان کے لئے مقرر کیا گیا ہے اون مکانات پر کسی عمدہ نمایان موقع پر لکھدیا جاے تاکہ شب آخر مردم شماری کو اچھی طرح سے نظر آسکے -

۹- جبکہ مکانات پر نمبر لکھدے جائین تو اوسوقت ان مکانات کو گٹھے ہوے رقبون مین یعنی متصل و پیوستہ رقبون مین معین کردینا چاہیئے اور ان رقبون کو کسی حلقہ کے تحت مین شریک کردینا چاہیئے لیکن اسبات کا لحاظ رہے کہ کسی رقبہ مین ڈیڑھ سو آدمی سے زیادہ نہون اور نہ کسی حلقہ مین پچیس سو سے زیادہ آدمی ہون -

۱۰- ایسے رقبہ کے لیئے ایک شمار کنندہ مقرر کیا جانا چاہیئے اور ہر حلقہ کے لیئے ایک تنقیح کنندہ معین ہونا لازم ہے - تنقیح کنندہ کے کام کے لئے اکثر نان کمیشنڈ افسر منتخب کیئے جائین گے یا جو آفسر اونکے درجہ کا ہماری سرکار مین ہو وہ مقرر کیا جاے گا دیسی پیروان فوج جنکو فالورز کہتے ہین یا دیسی نوکر کسی انگریزی وغیرہ فوج کے یا وہ نوکر جو کسی افسر کے خانگی ملازم ہون انکی مردم شماری فوجی منشی کے معرفت عمل مین آئے گی یا بذریعہ کسی دیسی کمسریٹ افسر کے یا کسی ایسے شخص کا انتخاب کیا جائے گا جو اون سپاہیون کی زبان و رسوم سے واقف ہو -

-اسکی ایک فہرست حلقہ تیار کرنی ہوگی جسکا نمونہ ذیل مین درج ہے اور ڈسٹرکٹ یا پولیٹکل افسر کے پاس جیسی کچھ حالت ہو بھیجی جائے گی -

خلاصہ فہرست مکانات

ضلع یعنی فوجی ڈسٹرکٹ

کنٹونمنٹ یعنی چھاونی

رجمنٹ

نمبر شمار مکانات	تعداد ساکنین جو ذیل کی زبانیں بولتے ہیں۔				تعداد مختلف مذاہب کے ساکنین کی جو مکانات میں رہتے ہیں	کیفیت
	انگریزی	زبان ملکی ا	زبان ملکی ب	زبان ملکی ج		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

۶۔ اگر کوئی بڑی عمارت مختلف و متعدد و جداگانہ رہنے کی جگھون مین تقسیم پائی ہے جیساکہ عیال بار فوجیون کے مکان جن مین مختلف خاندان یا مجموعہ لوگون کے رہتے ہین تو فہرست بالا مین ہر ایک ایسے رہنے کی جگہ کو خانہ ایک مین جداگانہ نمبر دینا چاہیئے۔ بڑی عمارتین جو اس طرح پر تقسیم نہ پائے ہون جیساکہ مجرد سپاہیون کے رہنے کی جائے تو اون پر ایک ہی نمبر دیا جائے۔

۷۔ ایک خلاصہ اس فہرست کا حسب نمونہ ذیل تیار کر کے ڈسٹرکٹ یا پولیٹیکل افسر کے پاس بھیجدیا جائے یعنی جیسی کچھ صورت ہو یہ فہرست بمنزلہ مطلوبہ تحقیقات کے ہوگی اور اسکی تیاری نہایت ہی احتیاط سے کرنی چاہیئے۔

فہرست مکانات

ضلع یعنی فوجی ڈسٹرکٹ

کنٹونمنٹ یعنی چھاونی

رجمنٹ

نشان سلسلہ	مکان کی نوعیت کہ آیا وہ بارکس ہے یا گارڈ ہوس ہے یا رہنے کا مکان ہے یا عیال بار فوجیون کی سکونت کیجائے یا فوجی پیرون (فالورز) وغیرہ کیجائے ہے	نام اوسکے بڑے یا افسر کا جسکے وہ مکان تفویض ہے۔	تعداد اوس مکان کے رہنے والون کی	زبان اون لوگون کی	تعداد خانگی تختجات۔ کی جو ضرور ہونگے
۱	۲	۳	۴	۵	۶

رہنے والے اور اون سب کے عیال واطفال ومتعلقین کے سوائے سب دوسرے لوگون کو فوجی حدود سے باہر کردین ۔

۴ ۔ اس قاعدہ کے مطابق جو مردم شماری افسران فوجی کی جانب سے کیجائے گی ۔ تو اوسمین کل لوگ ہر عمر و جنس و قوم و پیشہ کے شریک رہین گے جو یکم مارچ کی شب کو ہنگامی طور پر یا دایمی طور پر اون فوجی حدود مین سکونت رکھتے ہین اوسکے معنی یہ ہین کہ اوسمین وہ تمام لوگ شامل رہین گے جو گو عام طور پر کہین اور رہتے ہون مگر اوس شب آخر مردم شماری مین اون حدود مین قیام پذیر پائے جائین اور نیز وہ لوگ جو اوسوقت وہان رہتے ہون اور وہین یعنی اونھین حدود مین کھانا کھاتے ہون مگر بسبب نوکری کے یا کسی اور کام کے چند گھنٹون کے لیئے اوس شب کو وہان سے غیر حاضر رہین ۔

۵ ۔ ان احکام کے پہونچتے ہی ایک فہرست تیار کیجائے جس سے ہر مکان یا عمارت جو اون حدود مین واقع ہو ظاہر ہوسکے جسمین کوئی شخص اوس شب یکم مارچ کو رہتا ہو یا اوس کے رہنے کا احتمال ہو اس فہرست کے لیئے نمونہ ذیل مناسب معلوم ہوتا ہے ۔

باب ششم


مردم شماری چھاونیون کی اور اون افواج کی جو کوچ کر رہی ہین

۱ فوجی حدود

۱- فوجی حدود مین یعنی فوجی لوگون کی لین یا ایسے حدود کے اندر جو بالکلیہ فوجی حیثیت رکھتے ہین مردم شماری بذریعہ حکام فوجی کے ہوگی -

۲ - ان حدود کا تعین ان ہدایات کے پہونچنے کے ساتھہ ہی ہو جانا چاہیئے اور یہ کام بمشورت حکام فوجی و اہل قلم کے عمل مین آنا ضرور ہے اور اوسکو ایک نقشہ پر دکھلانا لازم ہے تاکہ دونون صیغون کے افسرون کو صاف صاف معلوم ہو جائے کہ اونکے حدود کونسے ہین جن کی مردم شماری کے وہ ذمہ دار ہین -

۳ - غلطیون سے بادوبارہ مردم شماری کے کرنیسے بچنے کے لیئے فوجی افسرون کو لازم ہے کہ اپنے حدود مین سے یکم مارچ سنہ ۱۹۰۱ء کے غروب آفتاب سے دوسری مارچ کے طلوع آفتاب تک ایسے آدمیون کو جو اونکے حدود کے دایمی یا موقتی باشندے نہین ہین باہر کردین یعنی ہر درجہ کے فوجی افسر اور لڑنے والے سپاہی اور نہ لڑنے والے لوگ جو رجمنٹ سے متعلق ہین اور افسرون وغیرہ کے ملازمین اور فوجی بجالہ یعنی ہمراہ



نقشہ جس سے کسی موضع اور اوسکے قریب کے ڈھیر وارڈہ کی نشان

اندازی کا طریقہ ظاہر ہوتا ہے۔

تیروں جانے کی سمت دکھائی گئی ہے

لیکن ندی کے کناروں کے گانوں اور قصبات میں تیرت یا زیارتگاہوں کے مواضع میں ایسی صورتیں ضرور نکلینگی۔

خانہ ۳۔ رقبات کا نشان ہر حلقہ میں سلسلہ وار ہونا چاہیئے۔

خانہ ۴۔ اس خانہ میں ہر رقبہ کے مکانات کی تعداد اسطرح پر دکھلانی چاہیئے مثلاً اسے ۵۰ تک ۵۱ سے ۱۰۵ تک علیٰ ہذا القیاس۔

بقیہ خانہ بالکل صاف ہیں اور اون کی تشریح کی ضرورت نہیں ہے ان خانوں کے دیکھنے سے ناظران مفوضات و عہدہ داران ضلع کو موقع ہاتھ آئے گا کہ کام کی ترقی کی نسبت تنقیح کیا کریں۔

باب ہفتم

نشان اندازی مکانات

ف ۱ دیہات اور چھوٹے قصبات کی نشان اندازی - گذشتہ غیر منقطعہ بحثون سے بچنے کی غرض سے باب اوّل کے فقرہ (۲۵) مین مکان کی تعریف لکھی گئی ہے کہ (ایک عمارت جسپر علٰحدہ نمبر لگایا گیا ہو) یہ تعریف بالکل فرضی ہے اور اوس کا استعمال ہر صوبہ و ملک کی حالت کے مطابق جہان اوس کی تعمیل کرنی ہوگی اور جہان موازینی (اسٹاٹسٹیکل) نتایج اوس سے استخراج کرنے منظور ہونگے متفاوت ہوگا - دیہات مین عموماً اور نیز حصار دار دیہات مین جیسے کہ شمالی ہندوستان اور دکن مین پائے جاتے ہین اور اکثر چھوٹے قصبات مین - وہ مسائل جو متعلق کثرت نفوس کے ہین اور یورپ کی مردم شماری مین نہایت اہمیت رکھتے ہین یہان اب تک اون کی ضرورت ہی محسوس نہین ہوئی ہے اور اوسط تعداد نفوس فی مکان کا کہنا ایک ایسا حسابی جملہ ہے جسکے لیئے کوئی موازینی قیمت نہین لگائی جاسکتی ہے برخلاف اسکے یہ امر قابل توجہ ہے کہ کسی خاندان یا گھرانے کے ارکان کا اوسط مشخص کیا جاے کیونکہ اوس مین موقع کی مرفہ الحالی سے یا کثرت وقوع قحط یا امراض سے یا پردیس مین نوجوانون کی تلاش روزگار مین چلے جانے سے یا بعض اقوام یا مذہبی جماعتون کی کثیر الاولادی کی وجہ سے اختلاف ضرور

رہنے والے اور اون سب کے عیال و اطفال و متعلقین کے سوائے سب دوسرے لوگون کو فوجی حدود سے باہر کردین ۔

۴ ۔ اس قاعدہ کے مطابق جو مردم شماری افسران فوجی کی جانب سے کیجائے گی ۔ تو اوسمین کل لوگ ہر عمر و جنس و قوم و پیشہ کے شریک رہین گے جو یکم مارچ کی شب کو ہنگامی طور پر یا دایمی طور پر اون فوجی حدود مین سکونت رکھتے ہین اوسکے معنی یہ ہین کہ اوسمین وہ تمام لوگ شامل رہین گے جو گو عام طور پر کہین اور رہتے ہون مگر اوس شب آخر مردم شماری مین اون حدود مین قیام پذیر پائے جائین اور نیز وہ لوگ جو اوسوقت وہان رہتے ہون اور وہین یعنی اونھین حدود مین کھانا کھاتے ہون مگر بسبب نوکری کے یا کسی اور کام کے چند گھنٹون کے لیئے اوس شب کو وہان سے غیر حاضر رہین ۔

۵ ۔ ان احکام کے پہونچتے ہی ایک فہرست تیار کیجائے جس سے ہر مکان یا عمارت جو اون حدود مین واقع ہو ظاہر ہو سکے جسمین کوئی شخص اوس شب یکم مارچ کو رہتا ہو یا اوس کے رہنے کا احتمال ہو اس فہرست کے لیئے نمونۂ ذیل مناسب معلوم ہوتا ہے ۔

مین دکھلایا ہے تاکہ اس بیان کا مطلب بخوبی سمجھ مین آجائے ۔

تعریف مکان سنہ ۱۸۹۰ء	تعریف مکان سنہ ۱۹۰۰ء
جائے بود و باش ایک یا زیادہ خاندانون کی جس مین وہ مع اپنے نوکرون کے رہتے ہون اور جسکا ایک علیحدہ دروازہ مشترک راستہ مین کھلتا ہو۔	جائے بود و باش ایک یا زیادہ خاندانون کی جسمین وہ مع اپنے نوکرون کے رہتے ہون اور جسکا ایک علیحدہ دروازہ شارع عام یا مشترک راستہ یا مشترک دروازہ یا احاطہ مین کھلتا ہو۔

ف ۲ بڑے قصبات اور شہرون کی نشان اندازی ۔ بڑے قصبات اور شہرون مین ایک جداگانہ مجموعہ ملاحظات کا پیدا ہوتا ہے پلیگ یعنی طاعون کے متعلق جو تحقیقات کی گئی ہین اون سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ بعض محلون مین چند شہرون کے مخلوق کا اجتماع بہت زیادہ ہے یعنی وہان کی آبادی بہت گہنی ہے لیکن کوئی حسابی یا موازینی مواد ہدست نہین ہوسکتا ہے جس سے اوس کی مقدار کو معین کیا جاسکے ۔ اگر یہ امر مردم شماری کی تحقیقات سے روشن اور باہر ہوسکے تو اوسکے نتائج انتظامی ملاحظات سے بہت قیمتی ہون گے لیکن اس کی ایکائی عمارت کے لحاظ سے معین ہونی چاہیئے نہ لوگون کی ارتباطی لحاظ سے ۔ بڑے قصبات و شہرون مین یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ تعریف یہ ہو کہ (ایسی عمارت جسکا صفائی کا ٹکس جداگانہ لیا جاتا ہے) اور مکانات پر اسی لحاظ سے سلسلہ وار نمبر دے جائین اور اون کی اندرونی تقسیمون کے دکھلانے

واقع ہوگا۔

اس ملاحظہ سے بادی النظر مین ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر مکان کی تعریف جو ۱۸۹۰ء مین صوبہ بنگالہ مین استعمال کیجائے تو اوس مشکل کا حل بخوبی ہو جائے گا جو عارتی اور ارتباطی آحاد کے باہم مطابقت کرانے مین پیدا ہوئی تھی لیکن کسی ملک مین باہم ایک جائے پکانے اور کھانے والے خاندان اور اوسکے تابعین کو جو وہین یعنی اوسی مکان مین رہتے ہین۔ جسکی تعریف اوس وقت کی گئی تھی یہ خاص بنگالہ مین بھی ایک فرضی گروپ یعنی مجموعہ سمجھا جائے گا جسمین بعض اوقات ایک کثیر تعداد ایسے طبیعی اور فطرتی خاندانون کی بھی شریک وشامل رہے گی۔ جن کی ہمکو موازینی اغراض کے لیئے ضرورت ہے۔ ملک پنجاب اور اوسکے مماثل صوبہ جات مین جہان ایک جائے پکانے اور کھانے والے خاندان کی مقدار طبیعی یا فطرتی خاندان کی مقدار سے کوئی حقیقی تفاوت نہین رکھتی ہے۔ وہان تعداد ایسے خاندانون کی فہرست حلقہ یا فہرست مکانات سے بخوبی مشخص ہوسکتی ہے اور یہ امر اوس سے بہت بہتر ہے کہ ہم مکان کی تعریف کو ایسی ٹھہرائین کہ اوس سے دونون کام لیئے جاسکین۔ بہرحال علی العموم دیہات وقصبات مفصلات مین نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مکان کی تعریف ایسی مقرر کیجائے کہ حقیقی مردم شماری کے اغراض کے لیے بکار آمد ہو۔ اگر ۱۸۹۰ء کی مردم شماری کے مکان کی تعریف مین بجائے (مشترکہ راستہ) کے یہ لکھا جائے کہ (مشترک راستہ یا فاصلہ یا احاطہ) تو ایک حد تک غلط فہمی کا انسداد ہو جائے گا۔ گذشتہ کی تعریف اور حال کی تعریف کو ہمنے پہلو بہ پہلو ذیل

شماری مین لکھوائی جائے گی جس مین وہ مکان واقع ہے تو اون ملازمین کے رہنے کی جائے پر علیحدہ نمبر دئے جائین گے جنکو بطور ضمنی نمبرون کے دکھلانا ہوگا ۔

(۲) بڑے محل اور امرا کی ڈیوڑھیان اور اوسی قسم کی بڑی عمارتین خصوصًا شہرون مین اگر بطور جداگانہ رقبون کے مقرر کردی جائین تو بہتر ہوگا ۔ اور ایسی صورت مین اونکے احاطون کے اندر جو مکانات و نشست جوانان وغیرہ واقع ہین اون پر علیحدہ نمبر دئے جاسکتے ہین

(۳) احاطون اور کٹہرون کی صورت مین جیساکہ ہندوستان کے اکثر بڑے شہرون مین اکثر چھپتیس گڑہ مین پایا جاتا ہے جن مین ایک احاطہ کے اندر متعدد مکانات ہین اور اون مین متعدد دیگر علیحدہ خاندان رہتے ہین تو ہر ایسے مکان کو جس کا دروازہ یا پھاٹک علیحدہ ہو اور عام راستہ یا فاصلہ یا احاطہ مین سے اوسکی آمد و رفت کی راہ ہو تو ایسے مکان پر علیحدہ نمبر لگانا چاہیئے ۔

(۴) یہی اصول قلیون اور مزدورون کی لین مین یا عیال دار سپاہیون کی بارکون مین یا اسپتال یا محتاج خانون یا محبس وغیرہ مین استعمال کرنے ہونگے ۔

۷ نشان اندازی کا انتظام ۔ مکانات کی نشان اندازی کسی موضع مین یا قصبہ یا شہر کی گذر یا سمت یا بازارڈ مین ایک سلسلہ سے ہونی چاہیئے اور اوسی روش پر ہونا چاہیئے جیساکہ شمار کنندون کو جانا ہوگا ۔ ہمنے ایک نمونہ صفحہ متصلہ پر اس کا دکھلایا ہے کہ کس طرح پر مکانات کو نمبر لگانا چاہیئے ۔ اس سے بخوبی روشن ہو جائیگا کہ کسطرح پر نمبر لگائے جائین گے تاکہ شمار کنندے ایک طرف سے جاکر برابر اپنے

کے لیئے اونپر صنمنی نمبر بانشان مردم شماری کے اغراض کے لیئے دئے جائین ایسا خیال کیا گیا ہے کہ بجز چند مستثنی صورتون کے جیسا کہ بڑے شہرون مین مثل بلدہ حیدر آباد یا اورنگ آباد وغیرہ کے جہان اونکے گرد و نواح مین بستیان یا مزرعجات جن مین اکثر جھونپڑے ہین اور شہرون مین شامل ہو گئے ہین۔ علی العموم ایک ہی وضع کے محلون کے لیئے صفائی کے ٹکس کی ایکائی پر سے حساب کرکے اوسط تعداد نفوس فی مکان سے کسی محلہ کی موجودہ گنجایش کے اندازہ کا پتا چلایا جا سکتا ہے یعنی یہ دکھلایا جا سکتا ہے کہ اوس محلہ کی وسعت کے لحاظ سے اوس مین نفوس کی کثرت ہے یا قلت۔

جہان کہین مکانات پر صفائی کے علاقہ سے نمبر دئے گئے ہین عموماً اونہین نمبرون کو مردم شماری کے لئے بھی کام مین لانا مناسب ہوگا۔ لیکن جہان کہ کوئی نمبر مکانات پر نہین دئے گئے ہین یا سلسلہ نمبرون کا ناقص یا نامکمل ہے۔ یا یہ کہ مردم شماری کے اغراض کے لئے بہت ہی درہم و برہم ہے وہان عہدہ داران علاقہ جات صفائی کے مشورہ باہمی سے سلسلہ وار نشان اندازی کرانی لازم ہے بلکہ اون سے درخواست کیجائے کہ نئے نمبر لگانے گاہ ضرور انتظام کرین۔

ف۳ خاص خاص صورتین - (۱) جبکہ خانگی تختجات خانہ پری کے لیئے یورپین اور یوریشین اور دیسی اعلے درجہ کے لوگون کو دے گئے ہین اور اونکے ملازمین وخانگی نوکرون کی مردم شماری اوس رقبہ کے شمار کنندہ سے عام تختجات مردم

ڈھیٹروا ڑہ اور وڈیوارون کی جھونپڑیان جو علیحدہ اور موضع سے کسی قدر فاصلہ پر واقع ہین اگرچہ اونپر ۹۴ سے ۱۰۵ تک اور ۱۰۷ سے ۱۱۵ تک نقشہ مین صرف ہندسہ لکھدئے گئے ہین لیکن اصلی موقع پر جیساکہ خاص موضع کے لیئے نشان لگائے گئے ہین اونپر بھی نشان لگائے ہونگے نہ سمجھ کہ اس عبارت کو دیکھکر ابتدائی اور انتہائی نمبر دیدئے جائین -

ف ۵ تاریخ نشان اندازی مکانات - بعض صوبجات مین مکانات کی نشان اندازی بہت قبل سے شروع کردی جاتی ہے اور قبل اسکے کہ عام رجسٹر مواضعات تیار ہوجائے ختم کردی جاتی ہے - مگر عام طور پر مکانات کی نمبر اندازی بارش کے ختم ہوجانے پر شروع کرنی چاہیئے تاکہ نشانات دھل نہ جائین اور یہ کام آخر آذر تک ختم ہوجانا چاہیئے اور فہرست مکانات بھی اوسی تاریخ تک لکھکر مکمل ہوجانی چاہیئے - فہرست رقبہ و فہرست حلقہ و فہرست مکانات کے لیئے دیکھو باب اوّل کے فقرات ۱۶ و ۲۰ و ۲۱

ف ۶ اشیا جو نشان اندازی کے لیئے استعمال کیئے جائین گے -

مکانات کی نشان اندازی کے لیئے مختلف ملکون مین مختلف قسم کے اشیا کا استعمال کیا گیا ہے - مثلاً سرخ یا زرد مٹی یا کویلہ جسکو تیل مین پیسے ہون یا چونا یا ٹار جسکو ڈامر کہتے ہین بہر حال جو شے استعمال کیجائے مگر وہ ایسی ہو کہ آسانی سے بدست ہوسکے اور اوس کے لانے یا منگوانے مین دیر نہ لگے اور اوسکے استعمال مین لوگون کو عذر بھی نہو جہان جھونپڑیون کی دیوارین بانسون کی ٹٹی کی ہون تو تھوڑی سی جائے پر کچھ مٹی اور گوبر

رقبہ کا چکر لگائین اور اونکو زیادہ پھرنا بھی نہ پڑے اور نشانات کے ڈھونڈھنے مین بھی
وقت واقع نہ ہو اور یہ خاص اس غرض سے ہے کہ شروع یعنی ابتدائی مردم شماری مین
پٹولدہی جو منع زیادہ مکانات کی خانہ پری کرلے گا۔ مگر شب اخیر کے لیئے جبکہ ہر رقبہ
کے واسطے ایک شمار کنندہ مقرر کیا جائے گا اوس وقت اوس نئے شمار کنندہ کو زیادہ
تلاش کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ ایک اور احتیاط بھی ملحوظ رکھنی چاہیئے اور وہ یہ ہے
کہ ہر رقبہ کے پہلے نشان کے اطراف مین مکان پر ایک دائرہ بنا دیا جائے اور رقبہ کے
اخیر نشان پر مثلث مثل اسکے ① ⑥۰ ⑥۱ ۱۱۶ یعنی مکان نشان ایک اور نشان
اکسٹھ جو نقشہ متعلقہ کے دونون رقبون کے پہلے مکان ہین اون کے نشان کے
گرد تو دایرہ بنایا گیا ہے اور مکان نمبر ساٹھ اور نمبر ایکسو سولہ کے نشان یا نمبر کے اطراف
ایک مثلث کھینچا گیا ہے۔ جب شمار کنندہ اس اخیر نشان تک پہونچ جائے گا تو اوسکو
فوراً معلوم ہو جائے گا کہ یہ اوسکے رقبہ کا آخری نشان ہے۔ بہرحال کل مکانون پر نشان
لگانے چاہئین جن مین پہلی مارچ کی شب کو کسی کے سونے کا احتمال ہو۔ اگر بعد نشان اندازی
کے کوئی اور مکان بنے یا جو نشان اندازی سے سہواً چھوٹ گیا ہو تو اوسپر اوس سے
آگے کے مکان کا نمبر و یکہ حرف الف (ا) زاید کیا جائے۔ مثلاً مکان نشان (۷۱) اور (۷۲)
کے درمیان یا ایک نیا مکان تیار ہو گیا ہے یا سہواً ایک چھوٹ گیا تھا تو اسلئے مکان پر
نشان (۷۱ ا) دیا جائے گا۔ اور اسی طرح سے اگر دو یا تین مکان چھوٹ گئے ہون تو ۷۱
ا، ۷۱ ب۔ ۷۱ ج وغیرہ نمبر دے جائین گے۔ نشان اندازی کے نقشہ مین

سے لیپ کر اوسپر چونا لگا دیا جائے اور اوسپر نشان لکھدیا جائے۔ لیکن اگر جھونپڑیون کی دیوارین تاڑیا کسی اور قسم کے پتون سے بنائی گئی ہون تو وہان نشان کا لکھنا دشوار ہوگا ایسی صورت مین مناسب ہوگا کہ نشان لکڑی یا ٹین کے ٹکڑے پر یا کویلے یا گھڑے کے ٹکڑے پر یا بانس کی سوپ پر لکھکر جھونپڑے کے چھپر سے لٹکا دیا جائے یا اوسکے ساکنین کو رکھنے کے لیئے دیا جائے کہ وقت پر وہ نشان شمار کنندہ کو دکھلا سکین لیکن کاغذ یا مقوّے کے ٹکٹ ہرگز استعمال نہ کیئے جائین۔ اگر شمار کنندہ بسبب ذات کے ملاحظات کے جھونپڑے کو چھو نہ سکے یا جھونپڑے کے ساکنین اپنے جھونپڑونکو چھونے نہ دین تو لکڑی کی میخون پر نمبر لکھ کر اونکے جھونپڑون کے روبرو ایسے موقع پر گاڑ سکتے ہین جہان سے اچھی طرح نظر آسکین۔

ف فہرست حلقہ۔ فہرست حلقہ کی تیاری عام رجسٹر مواضعات کے ختم ہوجانے پر شروع کیجاسکتی ہے۔ لیکن چونکہ اس عام رجسٹر مین مکانات کی تعداد سرسری لکھی گئی ہے اسی وجہ سے فہرست حلقہ کے کل خانون کی خانہ پری اوس وقت تک بطور مکمل نہین ہوسکے گی۔ جب تک کہ کل مکانات کی نشان اندازی کی گئی ہو اور رقبات کا انتظام بھی معین نہو لیا گیا ہو۔ نمونہ منسلکہ فہرست حلقہ کا ہے جو اس ملک کے لئے ہمنے وضع کیا ہے جو بنگالہ کے نمونہ کے مطابق اور عام رجسٹر مواضعات کے خانون سے مناسبت بھی رکھتا ہے۔

چونکہ مفوّضہ کسی انتظامی حدود یا اوسکے ایک معیّن جز کے ساتھ مطابقت رکھیگا

نمونہ فہرست حلقہ

تعلقہ یا پٹی

نشان مفوضہ

نام ناظر مفوضہ

نشان حلقہ

نام تنقیح کنندہ

نشان عام فہرست مسودہ/منظور شدہ	نام موضع	نشان سلسلہ ولیت	نشان مکانات سکونت/نمبر	نام شمار کنندہ	تاریخ نشان اندازی کی		تاریخ ابتدائی مردم شماری کی				کیفیت
					ازسرنو	تنقیح	شروع کی	ختم کی	تنقیح کی		
									تنقیح کنندہ سے	ناظر مفوضہ سے	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲

بھیجی جائین گی تاکہ تعلقدار صاحبان اضلاع اون لوگون مین تقسیم کرین جو لایق ایسی قدردانی کے ہون اور یقین ہے کہ اس سند کے حاصل کرنے کے لیئے لوگ نہایت دلچسپی اس کام کی انجام دہی مین ظاہر کرین گے کیونکہ یہ اونکی لیاقت و کارگزاری کا زمانہ سمجھا جائے گا۔

ف ۶ اہل کاران و عمال مردم شماری کی تعلیم - جو جو تحریری ہدایتین ناظران مفوضات و تنقیح کنندگان کو دیجائین اون کی عملی ترکیب بھی تختجات کی خانہ پری کرکے دکھلانی ضرور ہے یہ کام امتحانی مردم شماری کے ذریعہ سے ہوسکتا ہے جو کہ کسی اعلےٰ عہدہ دار کی زیر نگرانی کیا جائے۔ نظر بوجوہ متذکرہ صدر اس وقت یہ کام خاص وقعت کا ہے اور یہ ناظم عنقریب اس بارے مین تعلقدار صاحبون کے ساتھ کوئی عمدہ منصوبہ ٹھہراکر ناظران مفوضات کو عملی طریقہ خانہ پری تختجات کے سمجھانے کے لیئے بندوبست کرے گا تاکہ وہ اپنا تجربہ تنقیح کنندون کو بتلائین اور اون سے شمار کنندون کی تعلیم کا اطمینان حاصل کرین کہ وہ شمار کنندون کی تعلیم بخوبی کرسکین گے۔ کیونکہ تنقیح کنندون کی ہی تعلیم پر صحیح مردم شماری موقوف و منحصر ہے۔ ناظران مفوضات کو پہلے یہ کام بخوبی سیکھ لینا اور کل امور کو اچھی طرح سے سمجھ لینا چاہیئے۔ جب یہ کام ہولیگا تب مناسب ہوگا کہ ہر مفوضہ مین چند خاص مقامات تجویز کرکے اونکو تعلیم کے مرکز بنائے جائین تاکہ تنقیح کنندون کو وہان جاکر کام کی تعلیم پانے مین زیادہ فاصلہ طے کرنے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔

فلہذا معمولی قطعات ملک مین تنقیح کنندون اور شمار کنندون سے توقع ہے کہ وہ بلا اجرت اسکام کو کرین گے اور کسی قسم کی تنخواہ کا دینا کسی صورت مین ہونا جایز ہے اور نہ ان تنقیح کنندون اور شمار کنندون کے متعلق بہتہ یا خرچ سفر کا مسئلہ چھڑ سکیگا کیونکہ یہ لوگ اپنے مکانون کے قرب وجوار کے یا اپنے ہی موضع کے شمار کنندہ اور تنقیح ساز مقرر ہون گے۔

بلدہ حیدرآباد کی حالت اس سے جداگانہ ہے کیونکہ یہان بغیر تنخواہ یاب عملہ کے مردم شماری کا کام چلنا محالات سے ہے اور یہان اس کام کا انتظام بذریعہ علاقجات صفائی ہوگا۔

ف ۵ سند کارگذاری و لیاقت نامہ۔ پنجاب مین تین قسم کی سندین گذشتہ مردم شماری تقسیم ہوئی تھین۔ قسم اوّل طلائی حروف مین چھپی تھین۔ قسم دوّم سرخ حروف مین اور قسم سوّم معمولی سیاہی سے۔ قسم اوّل عہدہ داران سرکار اور معززین ملک کو دیگئی تھین اور انکی تعداد فی تحصیل عموماً دو یا تین سے زیادہ نہ تھی۔ اور یہ عمدہ کارگزاری کے صلہ مین بطور خاص عطا ہوئی تھین۔ قسم دوم کی سندین اون لوگون کو دیگئی تھین جنھون نے اپنی سرگرمی اور چستی سے اسکام مین نیک نامی حاصل کی تھی۔ اور قسم سوم کی سندین اون شمار کنندون کو دیگئی تھین جن کی خدمات لایق قدر ثابت ہوئین۔ ڈپٹی کمشنرون سے خواہش کیگئی کہ دوم درجہ کی سندون کی تعداد فی لاکھ نفوس کی مردم شماری مین بیس سے زیادہ اجرا نہ کی جائین اور سوم درجہ کی سندون کی تعداد اس کے دوچند رکھی جائے ہمارے ہان بھی اسدفعہ یہی کارروائی کیجائے گی اور بعد ختم مردمی شماری سندون کی تعداد مقرر کرکے

کام پر مامور کئے جائین گے - یہ بات تبلا دیجاتی ہے کہ یہ لوگ شمار کنندہ کا کام کرینگے اگر وہ چاہین تو اونکو دفتر انتخاب مین مامور کیا جائے گا - بشرطیکہ اون کا کام خانہ پری نتیجات کا عمدہ ہو اور حساب سے بھی واقف ہون اور اونکے آنے سے تفصیل کے سرکاری کامون مین ہرج واقع نہو - مگر خوشباشون کے لئے یہ اخیر قید نہین ہے اور اس دفعہ چونکہ کام انتخاب کا سلیپس کے ذریعہ سے ہوگا - اسلئے چند ان دقیق بھی نہین اور مفید بھی ثابت ہوگا -

ف ۳ تقرر اہلکاران مردم شماری - قطعی تقرر اہلکاران مردم شماری کا بذریعہ پروانجات کے ہوگا جو کہ بعد پاس ہونے قانون مردم شماری کے جاری کئے جائین گے اور قانون مذکور مین اس کا ذکر ہوگا - اور یہ قانون ایسے مناسب وقت تک پاس ہو جائے گا کہ پروانون کے طبع و تقسیم کے لیئے کافی مہلت ملے اور تنقیح کنندون اور شمار کنندون کو اونکے کام شروع کرنے کے قبل یہ پروانجات پہونچا دئے جاسکین -

ناظران مفوضات کے تقررات کے لئے ناظم مردم شماری متعاقب احکام جاری کرین گے اور ناظرون کے فرایض منصبی یہ ہونگے کہ وہ حلقہ جات و رقبہ جات کی تقسیم کی تنقیح و نظر ثانی کرین اور فہرست حلقہ جات کی تحریر کی نگرانی کرین -

ف ۴ ایصال رقم باہلکاران مردم شماری - مردم شماری کا کام پبلک یعنی عمومی فرض ہے جو مخلوق کی نفع رسانی و مفاد کے لئے واجب گردانا گیا ہے اور اس اصول کی ہمیشہ عملی طور پر بھی تعمیل کرائی گئی ہے اور قانون استناد بھی اوسکو حاصل ہے -

(ب) تنقیح کنندگان - کتاب مردم شماری مین جو ہدایت نامہ شمار کنندگان دیا گیا ہے اوسکے قاعدہ (۱۰) کی رو سے تنقیح کنندون کے فرایض مین زیادہ تر اہمیت اور زیادہ تر ذمہ داری پیدا ہوئی ہے بہ نسبت اسکے کہ گذشتہ مردم شماری مین تھی اور اسی وجہ سے اونکے انتخاب مین نہایت احتیاط کام مین لانی چاہیئے - کل علاقہ جات وصیغہ جات سرکاری کے افسرون اور اہلکارون کے خدمات کو اس کام مین جہان تک ممکن ہو سکے کام مین لانا چاہیئے اور جو لوگ سرکاری ملازم نہین ہین اور خوشباش ہین - اون پر اس کام کی وقعت اور عظمت ظاہر کر دینی چاہیئے اور نیز یہ کہ کسی شخص کو ایسے کام پر مقرر کرنا گویا اوس کی لیاقت اور اوسکی مقامی عزت کو تسلیم کرنا ہے اور نیز یہ کہ عمدہ کام کی قدر سند یا لیاقت نامہ دینے سے کیجاے گی - اور جو تیز اور قابل تنقیح کنندہ ہونگے اونکو دفتر انتخاب مین تنقیح یا ٹیبل کی تیاری کے کام پر معمور کیا جائے گا - جبکہ موازین کا کام دفتر مردم شماری مین شروع ہوگا - مختلف مدارج کے مدرسین سے وافی کمک لیجائے اور اونکو ہدایت کیجائے کہ اونکے طالب علمون مین جو سربرآوردہ اور تیز ہون اونکو بطور شمار کنندون کے اپنی ماتحتی مین رکھین -

(ج) شمار کنندہ تو اکثر پٹواری اور خواندہ پٹیل اور خوشباش لوگ ہونگے اور یہ نہایت مشکل کام ہے کہ کوئی قطعی قاعدہ اسکے لئے مقرر کیا جا سکے - کہ شمار کنندہ کن صفتون مین سے انتخاب کئے جائین گے -

باب دوم کے فقرہ (۳) مین لکھا گیا ہے کہ عام رجسٹر مواضعات مین شمار کنندون اور تنقیح کنندون کے نام اور پیشہ لکھنے کے لئے خانے رکھے گئے ہین جو مردم شماری کے

مقرر کئے جائین گے اور وارڈز یعنی سمتون کی تقسیم نہایت احتیاط کے ساتھہ کیجاے گی۔

مفوضات کو افسرون مین تقسیم کرنے کا تصفیہ کرتے وقت اس بات کا خیال کرنا ضرور ہے کہ کوئی افسر مثل تحصیلدار کے جسکا دائرہ عمل ایک ایسے وسیع قطعہ ملک پر پھیلا ہوا ہے جو ایک مفوضہ سے بڑا ہے تو ایسے افسر کو مناسب ہوگا کہ تعلقہ کی تنقیح و عام نگرانی دیجاے تاکہ وہ اپنی تحصیل کی مردم شماری کے کام کی جانچ بخوبی کر سکین لیکن ہماری سرکار مین بسبب اسکے کہ تعلقات بہت بڑے ہین اور عہدہ دار کم اس لئے تحصیلدار کو ناظر مقرر کرنا لازمی ہے۔ البتہ اتنا کرنا چاہیئے کہ خاص تحصیلدار کے مفوضہ مین دیہات بہ نسبت دوسرے مفوضات کے جو پیشکارون گرداورون اور محافظ دفتر کے سپرد کئے جائین گے کمتر رکھے جائین تاکہ تحصیلدار اپنے چھوٹے مفوضہ کی تنقیح کے علاوہ کل تعلقہ کی بھی تنقیح بخوبی کر سکے اور یہ بات تحصیلدارون کو بخوبی جتلا دی جاتی ہے کہ وہ اپنے تعلقہ کی مردم شماری کے انتظام کے پورے ذمہ دار رہین گے اور اونکو ایک کثیر تعداد مین ہر موضع کے تختجات کی تنقیح اور امتحان کرنا لازم اور متحتم ہے کتب مردم شماری کی جلد کے صفحہ اوّل پر افسر تنقیح کنندہ کی تنقیح و نظر ثانی کے لئے تاریخ کا انتظام کیا گیا ہے یعنی جاے اس امر کے اندراج کے لئے رکھی گئی ہے اور ان تاریخون کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ تحصیلدار نے احکام کی کہان تک تعمیل کی ہے اور تختجات کی خانہ پُری پر سے بھی اونکی سمجھہ اور دلچسپی اور کام مین حصہ لینے کا اندازہ بخوبی کیا جا سکے گا جسکی نسبت تحصیل دار اطلاع سرکار مین ہر ایک تحصیلدار کی نسبت کیجاے گی۔

ہوگی اور دوسرا سوقع پہلی مارچ اور اوسکے دو مابعدی ایام یعنی دوسری اور تیسری مارچ کو بھی کل دفاتر کو تعطیل دیجائے گی یعنی جبکہ اخیر مردم شماری کی جاسے گی اور میزان ہائے معجل کی ترتیب اور تخمجات کی ترسیل کا کام کیا جائے گا۔

ف ۳ اہلکاران مردم شماری کا انتخاب۔ (۱) ناظران مفوضات مفصلات یعنی اضلاع مین سرکاری عہدہ دار مقرر کئے جائین گے۔ چونکہ اون کا فرض منصبی ہے کہ دورہ اپنے علاقون کا کرتے رہین اس لیئے وہ بہ نسبت خوشباشون کے زیادہ بکار آمد ہونگے کیونکہ خوشباشون کو انصافاً اس امر کی تکلیف نہین دیجاسکتی ہے کہ اپنا وقت بھی صرف کرین اور روپیہ بھی۔ مگر یہ ممکن ہے کہ کسی جاے کوئی وظیفہ خوار سرکار یا کسی جاگیر کا نائب یا منیجر اپنی خوشی سے اسکام کو محض بحصول نیک نامی قبول کرے لیکن ایسے لوگ بہت کم ہونگے۔ البتہ قصبات یا شہرون مین ایسے غیر ملازم لوگ زیادہ مل سکین گے اور اپنی کمک و مدد کو ایسے عام فائدہ کے کام مین دریغ نہ کرین گے۔ جہان کہین صفائی کا علاقہ مفوضہ قرار دیا جاسے تو میر مجلس ناظر مفوضہ اور دوسرے اراکین تنقیح کنندہ مقرر ہو سکینگے مگر یہ بڑے قصبات مین ہوسکتا ہے۔ شہرون مین اور خاص بلدہ مین ہر ایک رکن صفائی اپنے وارڈ یا سمت کا ناظر مفوضہ مقرر کیا جاسے گا تاکہ اپنے مفوضہ کی تنقیح کر سکے۔ قصبات جو چھوٹے ہونیکی وجہ سے مفوضہ قرار دینے کے لایق نہون یا جن مین صفائی کے اہلکارون کی بکار آمدیکی نسبت کچھ شک ہو تو اونکو تحصیل کے ناظر مفوضہ کے تفویض کر دینا مناسب ہوگا جسکے مفوضہ مین وہ قصبہ واقع ہے۔ بڑے شہرون مین تو متعدد مفوضات

باب ششم

ف ۱ عام بیان۔ قابل ولایق مردم شماری کے اہلکارون کی ہمدستی خصوصاً تنقیح سازون اور شمار کنندون کا پیدا کرنا کچھ تو کسی ملک کی عام تعلیم کی معیار پر اور کچھ بھی لایق عمال دیہی کی موجودی پر موقوف ہے۔ ایک ملک جسمین تعلیم تو ادنیٰ درجہ کی ہے لیکن پٹواری اوس کے نہایت ہوشیار اور کارداں ہین ایسے ملک مین مردم شماری کے لئے شمار کنندہ و تنقیح کنندہ بہت آسانی سے مل سکین گے بہ نسبت ایسے ملک کے جہان تعلیم تو اعلے درجہ کی ہے مگر بہت کم لوگ اس کام کے لایق نکل سکین گے۔ ملازمین کا زمرہ گویا مردم شماری کے انتظام کی جڑ ہے اور یہ امر بہت ضروری ہے کہ سرکار کے کل علاقہ جات اپنے علاقون کے ماتحتین کو مردم شماری کے افسرون اور اہلکارون کے اختیار پر رکھکر اس اہم کام مین کمک دین اسی لحاظ سے سرکار نے عام اطلاع کے لئے تمام عہدہ داران علاقہ صرف خاص دیوانی و جاگیرداردن کی توجہ کو بذریعہ مراسلہ نشان ۱۶۹ مورخہ ۲۰ خورداد سنہ ۱۳۰۹ ف اسطرف معطوف فرمایا ہے اور یہ کوئی سرسری حکم نہین ہے بلکہ حتمی حکم ہے جسکی تعمیل علاقہ کے افسر پر لازم و متحتم کی گئی ہے۔ اس کام کے لیئے دو خاص موقع ہین جن مین تمام دفاتر سرکاری و عدالت کو تعطیل دیجائے گی جسکی وجہ سے اسکام مین مدد ملنے کی توقع ہے۔ ایک موقع مادہ فبروری کے اواسط مین ہوگا جبکہ ابتدائی مردم شماری کے داخلون کی تنقیح

کیا جاسکتا ہے مگر ناظم مردم شماری اپنے سابقہ تجربہ اور مناسبات حالیہ پر سے کاغذات کی ترسیل کا انتظام کردینگے جس سے زیادہ صرفہ بھی کرنا نہ پڑے اور کاغذات بھی برابر وقت پر پہونچ جاسکیں لیکن کفایت سے کام کرنے کے لیئے لازم ہوگا کہ

(۱) تختجات و دیگر نمونجات کو راست مطبع سے اضلاع کو روانہ کیا جائے اور اس کام کے لیئے ایک مختصر سا عملہ ضرور ہوگا۔

(۲) مناسب موقعون پر ضروری مطلوبجات کے اجرائی کی غرض سے احتیاطی مقدار تختجات کی رکھی جائے گی تاکہ بوقت ضرورت پاسنجر ٹرین کے ذریعہ سے دور دراز فاصلون پر سے تختجات وغیرہ کے منگوانے کی ضرورت لاحق نہ ہو۔

مجموعہ کے کتابوں کی تعداد دکھلائی گئی تھی جس سے کام بالکل برہم ہوگیا۔

۴ تختجات کے مطلوبجات کی تیاری۔ جو نمونہ باب دوم کے فقرہ (۴) مین دیا گیا ہے اوس مین مطلوبہ کی تیاری کے لیئے کل مواد مطلوبہ موجود ہے۔ جتنے رقبہ ہونگے اوتنے ہی جلدین بھی ضرور ہونگی۔ عام تختجات کے اوراق کی تعداد مکانات کے تعداد کی نصف ہوگی اسلیئے کہ ہر مکان کے لیئے تخمیناً ایک صفحہ رکھا گیا ہے پس ہر مکان کے لیئے ایک صفحہ یا دو مکان کے لیئے ایک ورق دورخہ مطبوعہ کافی ہوگا۔ فہرست رقبات فی چوبیس مکان کے لیئے دو صفحہ یا ایک ورق چاہیئے۔ اوسی نمونہ پر سے شمار کنندون کے تقررات کے سندون و تنقیح کنندون کے اور ناظران مفوضہ کے ہدایات نامون کی اور حلقہ جات کے فہرستون کی تعداد معین کیجا سکتی ہے اور اگر نمونہ یعنی تختہ مذکور کی خانہ پری صحیح طور پر کیجائے تو ناظم مردم شماری کو مطلوبہ طلب کرنے کی ضرورت نہ ہوگی بلکہ اوسی تختہ پر سے مطلوبہ کا مواد مرتب کر کے تختجات مطلوبہ صحیح تعداد مین روانہ کر سکین گے۔ اگر نئے مکانون کے لیئے کچھ گنجایش اندازہ مین رکھی جائے اور رقبات کی وسعت گھٹانے سے بعض کاغذات مثل فہرست رقبہ و جلد و سندہائے تقرر شمار کنندگان وغیرہ مین اضافہ کیا جائے تو ضمیمہ مطلوب جات کے ترتیب کی ضرورت ہی لاحق نہ ہوگی اور تختجات مردم شماری وغیرہ نہایت ارزان ذرایع سے اپنے مقررہ مقامات پر پہونچا دیئے جائین گے۔

۵ نمونجات و تختجات کی روانگی۔ اس امر کے متعلق کوئی عام قاعدہ مقرر نہین

تاکہ موسم بارش مین رطوبت سے محفوظ رہین ورنہ سردی سے بھی اندیشہ ہے۔
کہ کاغذ کا آبار اوڑ جائے۔

(ج) اگر ہدایت نامہ کا ترجمہ ملکی زبان مین جلد کے دوسرے صفحہ مین نہ آسکے تو پہلے صفحہ کے داہنے نصف مین مرہٹی و تلنگی و کنڑی کے لیئے شروع کیا جائے اور اردو کے لیئے پہلے صفحہ کے بائین نصف مین۔ اگر ضرورت اور زیادہ جاے کی ہو تو عملی کیفیت جو بائین نصف مین (اردو کے داہنے نصف مین) ہے اوسکو عرض مین گھٹا دیا جائے تاکہ کسی قدر جائے نکل سکے۔

۳ تختجات کی جلد بندی - کاغذ کا انتخاب ہو چکا اور جلد کا نمونہ بھی ٹہر چکا ہے اب مناسب یہی ہے کہ کتاب مردم شماری کو مستقر تحصیل پر ہی سی دیا جائے نہ یہ کہ مطبع مین سلوا کر بھجائی جائین۔ موقع پر کتب کے سلوانے مین یہ فوایدہین کہ:-

(۱) صرفہ کمتر ہوگا کیونکہ سینے کے لئے کچھہ خرچ نہ ہوگا۔

(۲) تختجات مین کفایت ہوگی کیونکہ اگر مطبع مین کتب سلوا کر بھجوائے جائین تو معین تعداد اوراق کے حجم کی ہونگی اور اگر اوراق ضرورت سے زیادہ ہون تو بیکار رہجائین گے اور جہان ضرورت ہو وہان کے لئے اور منگوانے پڑینگے۔

(۳) **مطلوبات کے تیاری مین آسانی** - ۱۸۹۱ء (۱۳۰۰ف) کے تجربہ سے ظاہر ہے کہ چونکہ کتب مردم شماری کی جلد بندی مطبع ہی مین ہوئی تھی اون مطلوبون کی تیاری مین بڑے خرابیان اور دقتین واقع ہوئین جن مین تعداد اوراق فی کتاب اور مختلف

مطبع مذکور عادی سے بدین خیال کہ اون مطابع مین جو تختجات اوس ملک کے لئے چھپے ہین وہی تختہ بلا تبدیل یہان بھی آجاسکین -

تجارتی مطابع مین کم سے کم نرخ مطبع منشی نول کشور واقع لکھنؤ اور کلیڈونین پریس (سرکاری ٹھیکہ دار) کلکتہ اور گلاب سنگھ کے مطبع واقع لاہور کے ہین- سرکاری مطابع کے نرخون کا مقابلہ تجارتی مطابع کے نرخون کے ساتھ کرنے مین یہ بات قابل یادداشت ہے کہ جو کچھ کسی تجارتی مطبع کو دیا جاتا ہے وہ گویا کل حقیقی نقدی صرف دفتر مردم شماری کا ہے لیکن مطابع سرکاری کے نرخ مبنی ہین کام کے ایک معین معیار کے مفروضہ نرخون پر جسکا ایک بڑا حصہ تقریباً نصف گویا ایک دفتر کے نام سے دوسرے دفتر کے نام پر جمع وخرچ کیا جاتا ہے بہرحال سرکار عظمت مدار نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ چاہے جس مطبع سے کام لیا جائے مگر مطبع والون کو ان ہدایات پر کاربند ہونا ضرور ہے کہ

(ا) بلاکم وکاست وہی انتظام اور وہی فیصلہ بین السطور قایم رکھے جائین جو نمونہ کے تختہ اور جلد مین دئے گئے ہین -

(ب) خشک طبع کرنا یعنی کاغذ کو طبع کرنے کے قبل بھگانا نہین چاہیئے سبب اسکا یہ ہے کہ چونکہ کاغذ مہین ہے تر کرنے سے اوس کا آبار جاتا رہیگا اور جسوقت شمارکنندہ اوسپر لکھنا چاہیگا تو سیاہی اوس مین سے نشر کرکے دوسرے طرف کو نکل جائیگی اور پشت کا تختہ بیکار ہوجائے گا یہ امر خصوصًا اوس وقت واقع ہوگا جبکہ شمارکنندہ انگریزی سیاہی یا کوئی اور پتلی سیاہی سے لکھیگا - اسی لحاظ سے تختجات کو بھی کسی خشک مقام پر رکھنا چاہیئے

وہ یہ کہ کاغذ جو بلدہ کو آئے گا اوسکی کرورگیری کا سرکار کو نفع ہوگا - علاوہ اس کے یہان سے خرچ روانگی (یعنی باربرداری) بھی بہ نسبت گذشتہ کے کمتر ہوگا اس کو نظر کرتے اور نیز بنظر ترقی تجارت ملک خاص بلدہ مین کاغذات کا طبع ہونا نہایت مفید امر ہے کاغذات کے کم پہنچانے کی صورت مین یہان سے بمبئی لکھنا پڑتا تھا اور وہان سے منگواکر جہان کمی واقع ہوئی بھیجنا پڑتا تھا - اس مین تعویق کا جسقدر اندیشہ ہے وہ ظاہر ہے لیکن اب جو کاغذات یہین طبع ہوتے ہین بہ صورت ضرورت فوراً حکم دیدیا جاسکتا ہے اور ایک ہفتہ مین اوسکی تعمیل ہوسکتی ہے -

سرکار عظمت مدار نے بھی اسی لحاظ سے یہ فیصلہ فرمادیا ہے کہ جہان تک ممکن ہو مردم شماری کے طبع کا کام مقامی مطابع سے لیا جائے - بڑے صوبجات کو یہ رائے لکھی گئی ہے اور اون کی توجہ اس امر پر اتفاق کرنے کے لیئے معطوف کرائی گئی ہے لیکن جن چھوٹی ریاستون مین ایسے مطابع نہون کہ اس قدر طبع کا کام کرسکین تو وہان یہ رائے دیگئی ہے کہ وہ اپنے تختجات مردم شماری کسی قریب کے صوبہ کے مطابع سے جو مناسب ہو طلب کرلین گے - اس بات کے معین کرنے کے لیئے کہ کس مطبع سے تختجات طلب کرنے مین آسانی ہوگی امور ذیل کو ذہن نشین کرنا چاہیئے -

(۱) مراسلت وآمدورفت کی آسانی بہ لحاظ فوری تعمیل ضروری مطلوب جات کے اور اُنکی ترسیل مطبع سے راست موقع ضرورت تک -

(۲) وہ زبانین جن سے مطبع مذکور کو ہمیشہ کام پڑتا ہے یعنی وہ زبانین جن مین طبع کرنے کا

نالی ہین -

جلدون کے لئے کاغذ ہرون کا رٹریج کے قسم کا ہوگا جس کی تقطیع ۱۴ انچ × ۲۵ انچ ہے اور ایک انچ زیادہ اسلئے رکھا گیا ہے کہ جلد بندی کے وقت اوس مین گنجایش ہو ورنہ کاغذ کوتاہ ہوجائے گا اور جلد کے ہر ورق کی تقطیع ۱۴ انچ × ۸ ½ انچ ہوگی یعنی کاغذ کے ورق کے ثلث کے برابر - گویا کاغذ کے ہر ورق مین تین قطعہ جلد کے نکلین گے -

۲ طبع تختجات مردم شماری - گذشتہ مین بسبب کام مین تعویق ہوجانے کے اور نیز اس وجہ سے کہ خاص بلدہ مین کوئی مطبع ایسا نہ تھا کہ اس قدر بڑے کام کو اوس مدت قلیل مین انجام دے سکے کام طبع کا بمبئی مین کرایا گیا تھا جہان (سنہ) کلدار فی ہزار تختجات قیمت دی گئی تھی اسکے علاوہ باربرداری کا صرفہ بھی حیدرآباد تک جو لاحق ہوا وہ بسبب پاسنجر ٹرین پر لانے کے فی من للعہ کلدار ہوا جو ہزار ورق مطبوعہ مع پیکنگ چودہ آنہ کلدار ہوتا ہے یعنی فی ہزار ورق مطبوعہ مع کاغذ و باربرداری وغیرہ للعہ کلدار جو آج کل کے نرخ سے معادل چھ روپیہ حالی کے ہوتا ہے لیکن اس وقت طبع کا انتظام خاص بلدہ مین ہی ہوگیا ہے اور بحساب چھ روپیہ آٹھ آنہ حالی فی ہزار ورق مطبوعہ دورخہ مع کاغذ و چھپائی کے مقرر ہوا ہے اگرچہ بظاہر اس مین کفایت نظر نہین آتی ہے لیکن جو وقت ناظم کے تین بار بمبئی تک جاکر ٹھہرانے اور نگرانی کرنے کا صرفہ اوسپر بڑہایا جاوے تو ظاہر ہوگا کہ یہان اوسی قیمت پر کام طبع ہوا ہے جو گذشتہ مین تھا - مگر سرکار کو ایک اور فائدہ اس مین ہے

باب پنجم

کاغذکی ہمدستی - طبع نمونجات اور اونکے مطلوب جات

ف ا تختجات کا کاغذ - کاغذ جو تختجات مردم شماری کے لئے انتخاب کیا گیا ہے وہ بادامی بتیس ۳۲ پونڈ وزن کا ہے جسکی تقطیع ۲۵ انچ × ۴۰ انچ ہے ہر ورق تختہ مردم شماری کا تقطیع مین ۲۰ انچ × ۸½ انچ ہے جسکے دونون رخ مطبوعہ ہین اور کاغذ کے ہر ورق مین چھ ورق تختجات مردم شماری کے یا چھہ فہرست رقبہ کے نکل سکتے ہین یعنی بارہ تختہ تختجات مردم شماری کے کاغذ کے ہر ورق مین نکل سکتے ہین بعبارۃ دیگر مردم شماری کے تختجات کے ہر ورق پر دونون طرف دو تختہ مطبوع ہین - لیکن یہ عام تختجات ہین - خانگی تختجات مردم شماری جو عاید و معززین و عہدہ داران سرکار اور یورپین و یوریشین لوگون کے لئے ہین اون کی تقطیع کسیقدر بڑی ہے یعنی کاغذ کے ہر ورق مین چار تختجات خانگی نکلینگے - اسمین بھی وہی خانہ ہونگے جو عام تختجات مین ہین مگر سطرین زیادہ ہونگی لیکن فرق اتنا ہوگا کہ یہ تختہ مردم شماری ایک ہی طرف کو طبع ہوگا اور اوس کے پشت پر ہدایت نامہ خانہ پری کے لئے ہوگا - کاغذ کا نرخ دکھلانے کی ضرورت نہین ہے کیونکہ اس سرکار مین طبع و کاغذ دونون کا گتہ ملا کر دیدیا گیا ہے جو فی ہزار ورق مطبوعہ دو روپیہ (۸)

کیجاتی ہین کہ:-

(۱) مترجم کو لازم ہوگا کہ بہت مشکل اور دقیق یا کتابی الفاظ کے لکھنے سے احتراز کرے اور نہایت سادہ روزمرہ مین ترجمہ مرتب کرے۔

(۲) اور یہ کہ اصل تختہ کے ساتھہ اس ترجمہ کو منتخب افسرون کے پاس یا ایسے لوگون کے پاس بھیجا جاے جن کو اوس زبان مین ملکہ ہے تاکہ وہ اوس کی تنقیح و تصحیح کرین۔

جن ممالک مین ملکی زبان مین گزٹ یعنی جریدہ شایع ہوتا ہے نہایت احتیاط کرنی چاہیئے کہ اون جریدون مین تختہ جات و ہدایات کے جو ترجمہ شایع ہوتے ہین وہ مقبولہ ناظم مردم شماری ہون نہ ویسے جن کو مترجم سرکاری نے بلا استمزاج اون کے ترجمہ کرکے طبع کرادیا ہو۔

باب چہارم

ف ۱ عام بیان - یہ نہایت اہم بات ہے کہ تختہ جات مردم شماری اور ہدایات کے ترجمہ کا کام فوراً شروع کر دیا جائے تاکہ طبع کا کام فرصت سے شروع ہو سکے - نہ صرف مختلف مطابع مین کام کرنے کی قابلیت مختلف ہے - بلکہ بعض مطابع مین خاص خاص نمونجات کی چھپائی تعداد کثیر مین ہوتی ہے اسی لحاظ سے وہ اپنا تمام وقت خاص مردم شماری کے لئے صرف نہین کر سکتے ہین -

ف ۲ گذشتہ ترجمون کا استعمال - اکثر ممالک مین تو ۱۸۹۱ء کے ہی ترجمون کو حال کے ترجمون کی بنیاد بنا سکتے ہین لیکن اون مین تغیر و تبدل بمناسبت امور حالیہ نہایت احتیاط سے کرنا ہوگا کیونکہ نمونہ تختہ مردم شماری مین تبدیلات واقع ہوئے ہین اور ہدایات مین بھی بہت کچھ ردّ و بدل ہوا ہے - نمونہ خانہ پری مین جو کہ جلد کے تیسرے صفحہ پر طبع ہوگا مزید احتیاط ملحوظ رکھنا چاہیئے - مختلف ممالک مین اس نمونہ مین اختلاف ضرور ہوگا اور کسی خاص صوبہ یا ملک مین بھی یہ نمونہ لسانی قسمتون کے لئے نہ صرف بہ لحاظ زبان مختلف ہوگا بلکہ اس مین مختلف مثالین ذات و مذاہب کی لکھنے سے بھی اس مین اختلاف کا ہونا لازمی ہے -

ف ۳ نوعیت ترجمہ - ایک بکار آمد ترجمہ حاصل کرنے کے لئے تجاویز ذیل پیش

ب - یہ کہ ان رقبون کے حدود طبعی ہون مثل راستہ یا کوچہ شاہی موری یا سرکاری بدرو کی بڑی نالی جو آسانی نظر آسکے -

ج - یہ کہ یہ رقبے بہت بڑے نہون - جب کوئی شارع عام یا سڑک یا راستہ یا کوچہ کسی رقبہ کی حد سمجھی جائے تو وہ راستہ یا سڑک خط فاصل سمجھا جائے گا اور جو مکانات اوسکے دونون طرف واقع ہین - وہ مختلف رقبون مین محسوب ہونگے - وسعت ہر رقبہ کی اوسکے باشندون کی گنجانی و تعداد پر موقوف ہونی چاہیئے اور مکانات کے لحاظ سے ان مین تبدیلی واقع ہوا کرے گی - جہان کچی جھونپڑیان بہت سی ہون اور جہان سڑک کے دونون طرف پختہ مکانات پیوستہ و متصل بہم ہون تو وہان رقبون کی وسعت کمتر ہونی چاہیئے بہ نسبت اوسکے جہان کہ پختہ مکانات دور دور واقع ہین - اگر ممکن ہو سکے تو رقبات کو اسطرح پر معین کیا جائے کہ ۱۹۰۱ء (سنہ ۱۳۰۰ف) کے رقبات کے ساتھ مطابقت رکھین لیکن اگر وہ طریقہ کام مین نہ آسکے تو اتنا تو کیا جائے کہ اس دفعہ کے دو یا زیادہ رقبات گذشتہ کے دو یا زیادہ رقبات کے ساتھ مطابق ہوجا سکین -

(۵) شاید یہ ممکن نہ ہو سکے کہ اس دفعہ کے حلقون کو کسی انتظامی حدود کے ساتھ منطبق کیا جا سکے لیکن یہ بات ضرور ہے کہ ہر حلقہ جہان تک ممکن ہو گھٹا ہوا ہو اور اوسکے حدود نہایت عمدگی کے ساتھ محدود و منتظم بنائے جائین -

ایک ہی نمبر دیا گیا ہے اور جہان ہر جھوپڑے پر علٰحدہ نمبر دیا ہی نہین گیا یا ادنیر کچے نمبر لگائے گئے ہین لیکن کوئی خاص سلسلہ وار طریقہ پر وہ نمبر مبنی نہین ہین تو ایسے مواقع کے لئے موقتی تقسیم مردم شماری کے لئے کافی ہوگا کہ سرسری طور پر ایسے مجموعے یا بستی کے جھوپڑون کی تعداد کو دریافت کرلیا جاے اور بعد اونکے حقیقی نمبر اندازی شروع کیجاے ۔

(۵) جہان کہین سلسلہ صفائی کے نمبرون کا نا کامل ہے یا برہم ہوگیا ہے جیسا کہ اکثر ہوا کرتا ہے وہان مناسب ہوگا کہ علاقہ صفائی اس موقع مردم شماری سے فائدہ اوٹھاے اور اپنے سلسلہ نشانات کو ٹھیک کرلے اور صحت کے ساتھ نمبر لگاوے پختہ مکانات کے لئے کامل نظر ثانی کرنا ہمیشہ ممکن ہوگا کیونکہ ممکن ہے کہ مکانات کے نمبر کے بدلجانے سے اونکے قبالون اور رہن نامون مین فرق آجاے لیکن یہ امر چھوٹے خام مکانات اور جھونپڑون کے لئے مانع نہوگا ۔

(۶) جہان کہین ممکن ہوسکے تو مردم شماری کے مفوضہ کو کسی خاص انتظامی حدود کے ساتھ مطابق کیا جاے مثل وارڈز یعنے گزرباسمت یا حفظان صحت کے ناظر کے حدود یا پولیس کے تھانہ کے مطابق کیا جاے ۔ مگر صفائی اور حفظان صحت کے حدود عام طور پر تھانون کے حدود پر قابل ترجیح سمجھے جائین گے ۔

(۷) رقبون کے معین کرنے مین اصول ذیل بخوبی ذہن نشین ہونے چاہیئے ۔

ا ۔ کہ سب رقبے پیوستہ اور گھٹے ہوے ہون یعنی اونکے مکان بکھرے ہوے نہون بیچ

لیا جاے خصوصاً حفظان صحت کی نگرانی کا عملہ اور وہ عملہ جو ٹکس کے وصول کے
لئے مقرر ہے اون سے ضرور کمک لینی چاہئے کیونکہ یہ افسر و عملہ مواقع سے بخوبی
واقف ہین جو لحاظ عمارت کے نہایت پیچیدہ ہین - علاوہ برین وہان کے باشندے
بھی اونسے صورت آشنا ہونے کے سواے اونکے احکام کی تعمیل کے
عادی ہین - اگر باہر والون سے مردم شماری کے امور کی دریافت کیجاے تو
لوگ جواب دینے مین عذر کرین -

(۳) اغراض صفائی و ٹکس کے لئے جہان مکانات پر نمبر دئے گئے ہین وہی نمبر
حلقون اور رقبون کے مقرر کرنے مین کام مین لائے جائین - بڑی عمارتون کے
متعلق جیسا کہ بمبئی مین چال ہین یا کلکتہ اور رنگون مین بڑی عمارتین مختلف لوگون کی بود
و باش کے لئے ہین جہان متعدد خاندان ایک ہی مکان مین رہتے ہین وہان ضمنی
نمبر بعد مین لگاے جا سکینگے جسوقت کہ تفصیلی نشان اندازی صحیح تعداد خاندان کے
معین کرنے کے لئے کیجائیگی جو ہر ایسے بڑے مکان مین رہتے ہین اور جس پر
سے تعداد تخمینات مردم شماری کی مقرر کیجائیگی - یہ نہایت ضروری امر ہے کہ ہر بڑے
مکان پر جسمین متعدد خاندان کے لوگ رہتے ہین ایک اصلی نمبر لگایا جاے تاکہ
اوس سے اوسط تعداد نفوس فی مکان کی بعد نکالی جا سکے اور اس طریقہ سے خاص
خاص وارڈز یعنے گذرون کی کثرت آبادی کا اندازہ حاصل کرنے مین آسانی ہو -

(۴) جہان مجموعے جھوپڑون کے ہون جنکو بستی کہتے ہین اور جنپر اغراض صفائی کے لئے

کے ساتھہ مخلوط پائے جائین۔

(۲) یہ کہ وہ حصے چھاؤنیون کے جن مین فوجون کی کمپنی یا دوسرے خاص فوجی حدود شامل ہون اور جنکی مردم شماری فوجی حکام کی طرف سے کیجائیگی انکو چھاؤنیون کے بازارون اور دوسرے مماثل مقامات سے علحدہ سمجھنا چاہئے جنکی مردم شماری کنٹونمنٹ مجسٹریٹ باتباع حکم حکام اہل قلم ضلع یا ریاست کریگا۔

ف شہر اور بلاد۔ یہ تجویز ٹہرائی گئی ہے کہ بڑے شہرون کے لئے کل صدر ٹیبل یعنے تخنجات اخیر علحدہ مرتب کئے جائین اور یہ اعداد بعلاوہ اونکے موازنی اور ارتباطی فوائد کے انتظامی ضرورتون کے لئے بھی بکار آمد ہونگے اسلئے شہرون اور بلدون کی مردم شماری کی تقسیمین محتاج خاص توجہ کی ہین صاحب کمشنر مردم شماری ہند تحریر فرماتے ہین کہ چونکہ ہندوستان کے مختلف خطون مین حالات مختلف ہین اسلئے سوا اسکے کہ چند عام اصول نظام سے مردم شماری کی ہدایت کے لئے ظاہر کئے جائین اور کچھہ زیادہ لکھنا مشکل ہے:۔

(۱) جو طریقہ مردم شماری ۱۸۹۱ء (۱۳۰۰ف) مین مرعی رکھا گیا تھا اب بھی اونہی اصول کی پابندی کیجاے تو مناسب ہے۔ بڑے شہرون مین صیغہ حفظان صحت کے اغراض کے لئے بہت بکار آمد ہوگا کہ موازین مقابلہ وارڈز یعنے گذرون اور سمتون سے بھی چھوٹے مقرر کئے جائین۔

(۲) اس طریقہ کی تنقیح و تصحیح کے لئے صفائی کے عملہ سے جہان تک ممکن ہو کام

تعداد مواضعات (تعداد وارڈز یعنے گذر یا محلہ یا راستون کی) ہوگا۔
اگر ۱۸۹۱ء (۱۳۰۰ فصلی) کی تقسیمین بہ تبدیل ضروری قایم رکھی جاسکین تو جو نمونے اوقت کام مین آتے تھے وہی اسوقت بھی کارآمد ہونگے۔

رجسٹر کے خانہ (۴) کے بھرنے کے لئے جو مکانات کا شمار کیا جائیگا تو صفائیون کے حدود مین صفائی کے نمبرون کی پیروی و پابندی کافی ہوگی یعنے جو نمبر صفائی کے مکانات کے ٹکس کے لئے مقرر ہین وہی قایم رکھے جائین۔ دوسرے لفظون مین اس کی مضی یہ ہوگی کہ کوئی مکان جسپر صفائی کا ٹکس جداگانہ قایم کیا گیا ہے موقتی تقسیم مردم شماری کے لئے بھی اوسیکو مکان سمجھا جائے۔

ف ۵ غیر فوجی لین - فوجی چھاونیون کے قریب جو غیر فوجی آبادی ہے خاص احتیاط انکے حدود کے معین کرنے مین مرعی رکھنی چاہئے کیونکہ ایسی صورتین ممکن ہے جہان ایسے حدود صفائی مین شامل پائے جائین ویسی صورت مین اونکو قصبہ کا حصہ شمار کیا جاسے اور اونکی تفریق قصبہ یا مضافات کے طور پر کیجاسے یعنے بمناسبت حالت اوس وارڈ کے جسکے یہ حصے واقع ہوتے ہین۔

ف ۶ کنٹونمنٹ - یعنے چھاونیون کے لئے ایک باب علحدہ رکھا گیا ہے لیکن یہان صرف اسقدر بیان کردینا ضرور ہے کہ:-

(۱) مردم شماری کی تقسیمون کے مقرر کرنے مین چھاونیون کے حدود کو نہایت احتیاط کے ساتھہ معین کرنا ضرور ہے خصوصاً جبکہ چھاونیون کے حدود صفائی اور غیر فوجی حدود

اوسیقدر زیادہ صفائی کے عملہ سے کام لئے جانیکی امید ہے۔ جہان کہین مکانات پر صفائی کے نمبر نہین لگائے گئے ہین مناسب ہوگا کہ تجویز کیجاے اور آیندہ کے لئے اونہی نمبرون کو صفائی کے لئے بھی استعمال کیا جائے۔

ف ۴ طریقہ عمل - نمونہ رجسٹر مواضعات اور اوسکے خلاصہ کا جو باب دوم دفعہ ۴۳ مین دیا گیا ہے دونون قسمون کے قصبات کے لئے مستعمل ہو سکتا ہے لیکن اسقدر ترمیم کے ساتھہ جو درج ذیل ہے۔

عنوان رجسٹر مذکور کا یہ ہوگا (عام رجسٹر قصبات یا عام فہرست قصبات) اور خانہ (۳) مین عنوان (نام قصبہ یا وارڈ یا محلہ یا راستہ) لکھا جائیگا اور ہدایت یہ ہوگی کہ پہلے قصبہ کا نام لکھکر اوسپر ایک خط امتیاز کے لئے کھینچا جائیگا اور اوسکے نیچے نام اور تعداد وارڈز یعنے گذرون محلون اور راستون کے دکھلانے ہونگے جنمین وہ قصبہ تقسیم پایا ہے۔ بقیہ خانے علی حالہ رکھے جائینگے۔ قصبات کے لئے یہ نہایت اہم امر ہے کہ ایک مکمل فہرست شمار کنندون کی تیار کرلیجاے کیونکہ قصبات کے لئے ایک کثیر تعداد انکی ضرور ہوگی اور یہ مناسب ہے کہ اندازہ سے زیادہ تعداد انکی نظر مین رکھی جاے تاکہ خالی جایدادون پر انکا تقرر عمل مین آسکے۔

خلاصہ رجسٹر مذکور کا یہ عنوان ہوگا (خلاصہ عام فہرست قصبات) خانہ (۲) کا عنوان بجاے نام تعلقات کے (نام قصبات) ہوگا۔ اور خانہ (۳) کا عنوان بجاے

(۲) بڑے قصبہ یا چھوٹے شہر جنکی مردم شماری بیس ہزار سے ایک لاکھ تک کی ہو۔

(۳) شہر یا بلاد جنکی مردم شماری ایک لاکھ سے زاید ہو۔

نوٹ ۔ گانون اور قصبہ اور شہر تین قسمین ہین قصبات مین کسیقدر شہرت پائی جانی چاہئے بلکہ قصبہ کو چھوٹا سا شہر سمجھنا چاہئے لیکن عام طور پر قصبہ بلحاظ نوعیت مکانات و تجارت وغیرہ شہر اور گانون کے درمیان واقع ہے۔

ف ۲ چھوٹے قصبہ ۔ چھوٹے قصبات مین خاص قصبات اور اونکے مضافات مین امتیاز کرنے کی کوئی ضرورت نہین ہے ۔ انکے خارجی حدود کو بخوبی محدود کرکے قصبات کو طبقات و رقبات مین بغرض خانہ پری مردم شماری تقسیم کر دینا لازم ہوگا ۔ لیکن اگر اون مین گذر دسمت و محلہ علاقہ صفائی سے مقرر و معین ہوئے ہون تو مناسب ہوگا کہ اونہی گذرون اور محلون کے حدود کی پابندی کیجاے ۔

ف ۳ بڑے قصبات یا چھوٹے شہر ۔ بڑے قصبات جنمین قصباتی اور مضافاتی حدود شامل ہون تو وہان مردم شماری کی تقسیمین ایسی ہونی چاہئے کہ خاص قصبہ اور اوسکے مضافات کے لئے موازین علحدہ علحدہ مرتب و مدون کرنا ممکن ہو سکے اکثر صورتون مین ایسا پایا جائیگا کہ یہ امتیاز صفائی کے اغراض کے لئے بھی قابل تسلیم ہے اور مردم شماری کی تقسیم کے لئے بھی بغیر موجودہ وارڈز یا گذرون کے توڑنے کے قایم رکھا جا سکتا ہے ۔ جسقدر زیادہ ان حدود کے ساتھ مطابقت رکھی جائے

باب سوم

قصباتی حدود مین مردم شماری کی تقسیمین

۱ عام بیان - قصبہ کی تعریف - (باب اول فقرہ - ۲۶) مین بہت سے مختلف مقامات شامل ہین جنمین بلحاظ ہیت عمارات و نوعیت ساکنین قصبات کے تاریخی یا مذہبی ارتباطات اور اونکی عظمت بلحاظ تجارتی مرکزیت کے تفاوت پایا جاتا ہے بعض مقامات تو نرے گانوون کے مجموعے ہین اور بعض کے گرد حصار ہے اور بعض تو ایسے ہین جن مین پختہ مکانات سڑکون پر اور گذرون مین گنجان طور پر واقع ہین لیکن اطراف و جوانب مین دیہاتی حیثیت کے احاطون سے گھرے ہوئے ہین یعنے دونون دیہاتی اور قصباتی حیثیتین بعض مین پائی جاتی ہین - اغراض مردم شماری کے لئے تقسیم ایسی معین ہونی چاہئے کہ جسوقت ٹیبلز کی تیاری کا موقع آجاے تو ممکن کہ ہو قصبات اور اونکے مضافات کے لئے جداگانہ موازین کل ایسے قصبات مین مرتب و مدوّن کئے جائین جہان انتظامی لحاظات سے ایسا امتیاز مناسب اور اہم معلوم ہو - عام طور پر تو ایسے موازین ایسے قصبات کے لئے ضرور ہونگے جنکی مردم شماری بیس ہزار سے کمتر ہو -

اس لحاظ سے قصبات کے تین درجے ہونگے -

(۱) چھوٹے قصبہ جنکی مردم شماری بیس ہزار سے کمتر ہو -

۴ اور نیز وقت خانہ پری خانۂ (۱) فہرست مذکور امور ذیل پر بھی ضرور نظر ڈالنی چاہئے۔

۱۔ احتمال ہے کہ سہو بشری یا سرحدی نزاعات یا اور کسی مجہلون کے وجہ سے کوئی موضع انتظام مردم شماری ہونے سے یا فہرست مواضعات مرتبۂ مردم شماری ۱۳۰۱ف مین درج ہونے سے رہگیا ہو۔

۲۔ مردم شماری گذشتہ کے وقت کوئی مقام ویران تھا اور مابعد وہان کوئی نیا موضع آباد ہوگیا۔

۳۔ مردم شماری گذشتہ کے وقت کوئی موضع آباد تھا اور مابعد وہ ویران ہوگیا ہو۔ ایسی تمام صورتون مین اون مواضع کے نام تعلقہ متعلقہ کے آخر فہرست مین لکھکر اونکے متعلق سرخی سے شرح لکھدیجاوے۔

کے ساتھہ مخلوط پائے جائین۔

(۲) یہ کہ وہ حصے چھاؤنیون کے جن مین فوجون کی بارکس یا دوسرے خاص فوجی حدود شامل ہون اور جنکی مردم شماری فوجی حکام کے طرف سے کیجائیگی انکو چھاونیون کے بازارون اور دوسرے مماثل مقامات سے علحدہ سمجھنا چاہئے جنکی مردم شماری کنٹونمنٹ مجسٹریٹ باتباع حکم حکام اہل قلم ضلع یا ریاست کریگا۔

ف شہر اور بلاد۔ یہ تجویز ٹہرائی گئی ہے کہ بڑے شہرون کے لئے کل صدر ٹیبل یعنے تخنجات اخیر علحدہ مرتب کئے جائین اور یہ اعداد بعلاوہ اونکے موازنی اور ارتباطی فوائد کے انتظامی ضرورتون کے لئے بھی بکار آمد ہونگے اسلئے شہرون اور بلدون کی مردم شماری کی تقسیمین محتاج خاص توجہ کی ہین صاحب کمشنر مردم شماری ہند تحریر فرماتے ہین کہ چونکہ ہندوستان کے مختلف خطون مین حالات مختلف ہین اسلئے سوائے اسکے کہ چند عام اصول نظام سے مردم شماری کی ہدایت کے لئے ظاہر کئے جائین اور کچھہ زیادہ لکھنا مشکل ہے:۔


(۱) جو طریقہ مردم شماری ۱۸۹۱ء (۱۳۰۰ف) مین مرعی رکھا گیا تھا اب بھی اونہی اصول کی پابندی کیجاے تو مناسب ہے۔ بڑے شہرون مین صیغہ حفظان صحت کے اغراض کے لئے بہت بکار آمد ہوگا کہ موازین مقابلہ وارڈز یعنے گذرون اور سمتون سے بھی چھوٹے مقرر کئے جائین۔

(۲) اس طریقہ کی تنقیح و تصحیح کے لئے صفائی کے عملہ سے جہان تک ممکن ہو کام

ہونگے - اگر موضع چھوٹے ہون یعنے اونمین تعداد مکانات و نفوس کم ہون اور باہم نزدیک بھی ہون تو کوئی مضایقہ نہین کہ ایک ہی شمارکنندہ کے تفویض ایسے دو موضع کئے جائین لیکن شرط یہ ہے کہ وہ ہر ایک موضع کی مردم شماری کو اوس موضع کی علیحدہ کتاب مین درج کرے -

ح نقشہ جات مردم شماری - کوئی عام قاعدہ مردم شماری کے لئے نقشجات کے استعمال کا نہین دیا جا سکتا ہے - لیکن جہان کہین تعلقات کے نقشجات موجود ہون تو اونپر سے خاکا اوٹھا کر اگر مفوضات مین تقسیم تعلقہ کی کیجاے اور پھر اون مفوضات کو حلقون پر تقسیم کر کے تنقیح کنندون اور ناظران مفوضات کو دیا جاے تو نہایت عمدہ بات ہے کیونکہ اس سے ایک اہل کار مردم شماری کو اوسکے سپرد شدہ عدد معلوم ہو سکینگے -

لیکن جہان کہ نقشجات موجود نہون وہان سرسری طور پر ایک دستی نقشہ اگر بنا لیا جاے تو کام بخوبی نکل سکتا ہے یعنے ایک نقشہ مثل ذیل کے سرسری طور پر کھینچ لیا جاے -



حلقہ اوسکی وسعت ایسی ہونی چاہئے کہ ایک تنقیح کنندہ ابتدائی مردم شماری کے داخلون کو کو جو اوس حلقہ کے شمار کنندون نے اپنی کتابون مین درج کیا ہے شب اخیر مردم شماری کے ایک ہفتہ یا دس روز قبل آسانی سے تنقیح کرا سکے۔ لیکن مفوضات کو حلقجات مین تقسیم کرنے کے وقت مالگزاری کے حدود کا لحاظ پیش نظر رکھنا لازم ہے تاکہ اگر تعلقہ مین کوئی مالی حدود بھی مالگزاری کے تنقیح کے لئے موجود ہون تو اونکے حدود اور مردم شماری کے حدود حلقہ مین فرق نہ آجاے۔ لیکن اس ملک مین یہ بات نہین ہے یعنے چھوٹے سے چھوٹے حدود انتظامی وہی تعلقہ یا پٹی ہین اسلئے اسکا خیال کرنا بے سود ہے۔

رقبہ رقبات کی وسعت موقوف ومنحصر ہے تعداد مکانات پر جنکی مردم شماری ابتدائی کی تنقیح اپنے رقبہ کی شمار کنندہ شب اخیر مردم شماری مین یعنے پہلی مارچ کی شب کو سات بجے شب سے نصف شب یا ایک یا دو بجے تک شب مین بآسانی ختم کرسکے۔ اگر مکانات متصل بہم اور پیوستہ ہین تو پچاس مکان کی تنقیح کرسکتا ہے اور اگر مکانات دور دور اور بکھرے ہوے ہون تو تعداد اس سے کمتر ہونی چاہئے۔ اگر شمار کنندون کی تعداد کافی مل سکے تو رقبہ کے مکانات کی تعداد بھی گھٹا دیجا سکتی ہے جو خود خالی از فائدہ نہین ہے۔ اور چونکہ ہر موضع انتخاب کی اکائی ٹھہرایا جائیگا اسبات کی احتیاط لازم ہے کہ مختلف گانودن کو یا مختلف گانودن کے اجزا کو ملا نہ دیا جاے اور درہم برہم نکیا جاے۔ ہر موضع کو گو وہ کتنا ہی چھوٹا کیون نہو ایک علحدہ رقبہ بنایا جاے اور علحدہ کتاب مین اوسکی مردم شماری درج ہو۔ اگر موضع بڑا ہے تو البتہ اوسمین متعدد رقبات

ساکنین کی خانہ پُری بآسانی کرسکے یہ بات تو ظاہر ہے کہ جسقدر شمار کنندے زیادہ ہمدست ہوسکین اوسی قدر بہتر ہے کیونکہ کام کی تنقیح عمدہ طرح سے ہونے کی امید ہوگی۔

ف تقسیم ہاے مردم شماری و انتظامی۔ ملک کی انتظامی تقسیم تو وہی تعلقہ یا پٹی ہے چونکہ کامیابی مردم شماری کی کلیتہً عہدہ داران سرکار کے اہتمام و نگرانی پر موقوف و منحصر ہے اسلئے لازم آتا ہے کہ جسقدر مردم شماری کی تقسیمین ملک کی انتظامی تقسیمون سے مطابقت رکھینگے اوسیقدر مردم شماری کا کام بھی اچھا ہوگا اور دقتین کمتر واقع ہونگی۔ واضح ہو کہ اس سرکار مین چونکہ منتظم طریقہ تحصیل مالگزاری کا موجود ہے اور عمال وہی سے کام لیا جاسکتا ہے۔ اسلئے مفوضہ یا تو کل تعلقہ یا پٹی ہوگا یا بصورت وسعت تعلقہ کے دو یا تین مفوضات مین ہر ایک پٹی یا تعلقہ کی تقسیم ہوگی اور تحصیل کا افسر تنہا یا وہ افسر مع اوسکے پیشکار و گرداور کے اوس تعلقہ کے مفوضات کے ناظر مقرر ہونگے اور چونکہ خود تعلقہ یا پٹی بہیئت مجموعی ایک قسمت یا حصۂ انتظامی ہے اسلئے اوس کے مشمولہ مفوضات کے حدود اوس تعلقہ یا پٹی کے حدود سے مطابقت رکھینگے اور ممکن نہین کہ اس تعلقہ یا پٹی کے گانون دوسرے ہمجوار تعلقہ مین شریک ہوسکین۔ احتیاط صرف اس بات کی رکھنی چاہیئے کہ مفوضات کی تقسیم مین ایسا نہو کہ ایک گانون غلطی سے دو مفوضون مین شریک ہوجاے۔ اور چونکہ اس ملک مین مالی تقسیم ٹھیک اور درست ہے کوتوالی کی تقسیمون کا لحاظ نہین کیا جائیگا یعنے تھانہ و چوکی و بیٹ وغیرہ کے لحاظ سے تقسیم نہین کیجائیگی۔

مفوضہ

حلقہ مردم شماری کا تعین صرف مردم شماری کے اغراض کے لحاظ سے عمل مین آئیگا

نئی ریل اور نئی بندرون کی تیاری جو اس عرصہ مابین یعنے دس سال مین ہوئی ہے بیشک
اوسکا اثر نفوس کی تقسیم اور تعدیل و تبدیل مقام پر بہت کچھ ہوا ہے اور یہ بھی یاد رکھنے کے
قابل ہے کہ اگر کہین نئے مواضع جو آباد ہوے ہین شمار سے چھوٹ جائین تو کیا کچھ خرابیان
اور دقتین واقع ہونگی۔

بہرحال یہ ایک مسئلہ طریقہ عمل کا ہے نہ اُصول کا اور اسکی تعمیل و تبدیل نظام سے
مردم شماری ممالک مختلفہ دریاستہاے ملکی کی راے پر چھوڑ دینا مناسب ہے۔

یہ دو طریقہ صاحب کمشنر مردم شماری کُل ہندوستان نے بغرض اطلاع و پسند
بھیجے ہین لیکن ہمارے ہان بہ مناسبت حالات یہہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بالفعل رجسٹر یعنے
فہرست مواضعات جو اس دستورالعمل کے ساتھہ منسلوب ہین آجانے کے بعد اور مکان کی
تعریف معین ہوجانے کے بعد نشان اندازی و خانہ شماری کے لیے تاریخ معین کرکے
سب کو اطلاع دیجاے لہذا بالفعل فہرست مواضعات مرتب کراکے دفتر نظامت مردم شماری
کو پہونچ جانے چاہئے۔ اگرچہ قبل اسکے بذریعہ گشتی نشانات واقع ۲ برہمن ۱۲۷۹ف فہرست
مواضعات طلب ہوئے ہین اور اب تک وصول نہین ہوے ہین مگر وہ صرف بغرض اندازہ
تعداد مکانات و مواضعات ہین تاکہ طبع کا کام شروع کردیا جاسکے اور جسوقت یہ رجسٹر مرتب
ہوکر آجائیگا اسپر سے کل تعلقات کی تقسیم رقبات و حلقجات و عوضات مین کیجائیگی اور تعداد شمار
کنندگان و تنقیح کنندگان مین جہان کہین کمی بیشی واقع ہوگی اوسکی نسبت احکام جاری کیے
جائینگے تاکہ ہر شمار کنندہ کو ایسی تعداد مناسب مکانات کی تفویض کیجاے کہ وہ اوسکے

کی صحیح تعریف کے استعمال نہ کرنے سے بہت بڑی بڑی تبدیلیان سلسلہ نشانات مین اوسوقت کرنی لازم آوین جسوقت کہ فہرست مکانات ورقبات کی تیاری شروع ہوجاتی ہے۔

(۵) یہ کہ باضابطہ عمل نشان اندازی کو اسقدر طول ہوجائیگا کہ مکانات کی تعداد جو طبع تخنجات کے لئے مطلوب ہے تعویق مین پڑجائیگی۔

۲۔ **سنہ ۱۳۰۰ف کی تقسیمون پر عمل کیا جاے۔** دوسری صورت یہ ہے کہ

سنہ ۱۳۰۰ف کی تقسیمون پر عمل کیا جاے

گذشتہ مردم شماری کے تقسیمون کی بنیاد پر ہی کام جاری کیا جاے اور یہ معین کردیا جاے کہ انہی حدود کی پابندی کرنی ہوگی مگر ایسی صورت مین جہان کہین بسبب کثرت آبادی تغیرات واقع ہوے ہون، یا بوجوہ خاص ومقامی اسمین تبدیلی مناسب نظر آوے۔ مگر اس طریقہ کی تعمیل اوسی صورت مین ہوسکتی ہے کہ ہر موضع وقصبہ وعلاقہ صفائی مین کامل داخلہ سنہ ۱۳۰۰ف کی مردم شماری کی تقسیمون کا ہدست ہوسکے اور بصورت موجودی داخلہ گذشتہ بھی نہایت درجہ کی تنقیح واستحان کے بعد اوہنی حدود کو مردم شماری حال کے لئے معین کیا جاسکیگا۔ خوف اس بات کا ہے کہ ماتحت کے عمال واہلکاران مردم شماری کو جب معلوم ہوجاے کہ ایسی کاغذی تقسیم موجود ہے تو وہ بلا دریافت مقامی حالتون کے اوہنی داخلون کو لکھہ لینگے اور اپنے سر سے ازسرنو کام کرنے کا بوجھ اوتار دینے کی کوشش کرینگے جس سے احتمال ہے کہ کام بالکل خراب ہوجاے۔

نشان اندازی ابھی سے شروع کر دیجائے

یہ ہے کہ مکانات کی نمبر اندازی اسیوقت سے شروع کر دیجاے اور نومبر ۱۹۰۰ع (دوسے ماہ الہی ۱۳۱۰ف) تک ملتوی نرکہی جاے یعنے اہلکاران مردم شماری (مثل ناظران مردم شماری و تنقیح کنندگان و شمار کنندگان) کے تقرر کے بعد تک ملتوی نہ رکھی جاے۔ غرض اس سے یہ ہے کہ مکانات کا شمار صحیح طور پر ہو جائیگا۔ اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ گذشتہ مردم شماری کے تجربہ سے ظاہر ہوا ہے کہ ہوشیار عمال دیہی بھی مکانات کو صحت کے ساتھہ شمار نہین کر سکتے ہین جب تک کہ ہر مکان پر نمبر نہ لگایا گیا ہو۔ لیکن اس کے خلاف مین مفصلہ ذیل اعتراضات ہوے ہین:-

(۱) یہ کہ اس کام کا وہین ہونا ممکن ہے جہان ایک اعلیٰ درجہ کا سمجھدار اور تعلیم یافتہ عملہ مثل پٹیل و پٹواری کے موجود ہو۔

(۲) یہ کہ یہ نشان مردم شماری کے وقت تک قایم نہین رہ سکینگے اور احتمال انکے مٹ جانے کا ہے۔

(۳) یہ کہ نشانات کا سلسلہ بھی قایم نہین رہ سکیگا کیونکہ ممکن ہے کہ اس عرصہ مابین مین نئے مکانات تعمیر ہون یا بعض پرانے مکانات گر جائین یا ڈھا دیئے جائین۔

(۴) یہ کہ ہمین اس دقت کا سامنا ہوگا کہ مکان کی تعریف کا استعمال ایسے وقت مین کرنا ہوگا جبکہ مردم شماری کے اہلکارون کا تقرر بھی نہین ہوا ہے اور کوئی باضابطہ تنقیح و نگرانی ہونے کی امید بھی نہین ہے اور ممکن ہے کہ مکان

عام فہرست قصبات کا خلاصہ

ضلع

صفحہ ۲۳ نمبر

نمبر شمار	نام قصبات	تعداد	تعداد مکانات	تعداد قریات	تعداد حلقہ جات	تعداد مکانات فی رقبہ			تعداد قریات فی حلقہ			تعداد مکانات فی حلقہ			تعداد مکانات جن کا شمار نہیں ہوا	تعداد مکانات جن کا شمار ہوا	کیفیت
						اعلیٰ	ادنیٰ	اوسط	اعلیٰ	ادنیٰ	اوسط	اعلیٰ	ادنیٰ	اوسط			
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹

کے لئے بھی گانون ہی سمجھے جائین۔

(۲) اور جن حصّون کی پیمایش ٹیکس کے لئے نہین کی گئی تھی وہان اوس مجموعہ مکانات کو گانون سمجھا جاے جسکا خاص کوئی نام جداگانہ مقرر ہو۔

(ب) ملک بنگالہ مین دیہات کی تعریف یہہ تھی کہ گانون یا گرام مع اپنے متصلہ ملحقہ ٹولہ و پاڑا و محلہ کے دیہہ یا گانون سمجھا جاے بشرطیکہ ایسے مکانات کے مجموعونمین سے کوئی بھی اونمین سے ایسے بڑے اور وسیع یا ایسے فاصلہ پر نہون جو بطور خود ایک موضع یا دیہہ کی حیثیت اور جداگانہ نام رکھتے ہون۔

(ج) ملک برسہ مین کسی قسم کی وقت پیدا نہین ہوئی کیونکہ (سوائے اکیاب کے جہان سو یعنے مزرعہ کو موضع ہی سمجھا گیا تھا) کل ملک مین یہہ بات صاف طور پر معلوم تھی کہ موضع یا گانون وہ حصّہ انتظامی ہے جو موضع کے کتخدا یعنے پٹیل کے تحت مین ہے۔

(د) ممالک وسطی مین کوئی معین تعریف گانون کی مقرر نہین کیگئی تھی اور اسی وجہ سے بیان کیا گیا ہے کہ تقریباً وہان کے ہر ضلع مین مزرعون کو بھی مثل گانون کے سمجھا گیا تھا۔ وہان کے ناظم مردم شماری نے یہ راے دی کہ (آیندہ مردم شماری کے وقت صاف طور پر معیّن ہو جانا چاہئے کہ گانون سے مراد کل موضع ہے اور جملہ مزرعہ جات اوس اصلی گانون کے اجزا محسوب ہونگے) وہ ایسی استثنائی صورتین یہی بیان کرتے ہین (جہان کوئی مزرع یا باڑی موضع کی آراضی مین سے کوئی خاص حصہ لیتی ہو اور جسکی مردم شماری کو علیحدہ طور پر دکھلانا مناسب معلوم ہو) اور لکھتے ہین کہ ایسی صورتون مین مضایقہ نہین کہ

مواقع کے تفاوت کو بھی دکھلا سکین مگر یہ بات یاد رکھنے کے لایق ہے کہ (۱) بڑے اور عالیشان مکانات کے مجموعہ کو کوئی معین معیار حسابی نتایج کا مقرر نہین کیا جاسکتا ہے لیکن اگر کسی خاص موضع کے اوسط تعداد مین ترقی ہوئی ہو تو اوسکا اندراج البتہ منفعت سے خالی نہین (۲) دوم یہ کہ انتخاب نتایج کی ایکائی گانون بٹہرائی گئی ہے اور خواہی نخواہی گانوون کی تعداد بڑہانے سے کام بھی بڑہجائیگا (۳) اور یہہ کہ اگر پوسٹ آفیس کو فہرست مزرعہ جات مطلوب ہو کہ وہ کل مواضع و مزرعہ جات کی تفصیلی فہرست مرتب کرائین جیسا کہ بنگالہ مین چند سال قبل کیا گیا تھا تو پوسٹ آفیس کی یہ خواہش بغیر اسکے بھی پوری ہوسکتی ہے نہ کہ خواہ مخواہ مزرعہ جات کو موضع بنایا جاے۔

بہ لحاظ وجوہ مندرجہ صدر یہ مناسب ہے کہ :—

(۱) جہان کہین گانون کی تعریف قانوناً مقرر ہوچکی ہے تو وہی قانونی تعریف گانون کی معین کیجاے مگر اوسصورت مین جہان کہ وجوہ مخالف بہت ہی قوی ہون۔ یا

(۲) جہان قانونی تعریف تو نہین ہے مگر گانوون کے حدود پیمایش سے معین ہوگئے ہین تو اون پیمایش شدہ گانوون کو اقل معیار سمجھکے ایکائی مردم شماری کی مقرر کیا جاے اور جو مزرعہ جات ایسے پیمایش شدہ مواضع کے حدود کے اندر واقع ہوے ہون اونکو اون مواضع کے اجزا سمجھا جاے۔ اگر کہین اصلی نام پیمایش شدہ موضع کا مفقود ہوگیا ہو تو بڑے سے بڑے گانون کا نام درج کرلیا جاے جو اوسکی جاے پر واقع ہے۔ یا

ایسے مزرعون کو علیحدہ گانون سمجھکر فہرست مین جداگانہ درج کیا جاے۔

(۵) ممالک شمالی غربی مواوده مین تعریف ذیل کے مطابق عمل ہوا تھا گانون سے وہ حدود ظاہر ہوتے ہین جو اغراض مالگزاری کے لئے بطور موضع کے معین کئے گئے ہون مگر اس بناپر کہ جہان کہین کوئی گانون یا گانون کا حصہ کسی قصبہ کی سیاحت کا جزو واقع ہوتا ہے وہ اوسی قصبہ مین شامل سمجھا جائیگا اور باقی جزو بلحاظ مردم شماری گانون کے طور پر محسوب ہوگا۔

تشریح اول۔ گانون شامل ہے تمام اون مزرعون کے جو کہ مالگزاری کے موضع کے حدود کے اندر واقع ہین۔

تشریح دوم۔ موضع بلحاظ مردم شماری اوسیوقت گانون سمجھا جائیگا جبکہ اوسمین ایسے مقامات پائے جائین جنمین شب اخیر مردم شماری کو لوگون کے قیام کا احتمال ہو۔

تشریح سوم۔ صحرائی و جنگل کے قطعات جو کسی مالگزاری کے موضع کے حدود مین شامل ہون بطور گانون کے سمجھے جائینگے لیکن اونکے حدود وہ ہونگے جو سررشتہ جنگلات سے معین کئے گئے ہون۔

نہایت مشکل ہے کہ گانون کے لئے کوئی ایسی حاوی تعریف مقرر کیجائے کہ تمام ممالک ہندوستان کے ہر خطہ کے لئے مناسب ہو لیکن ہر صوبہ کے نظما سے مردم شماری کو لازم ہے کہ وہ اپنے اپنے صوبجات مفوضہ مین ایسی تعریف گانون کی معین و مقرر کرین جو اونکے مفوضہ صوبہ کے حالات سے مناسبت رکھتی ہو اور خاص

قصبہ کی حیثیت نہیں ہے قصبہ مین شامل نکیا جاے ۔

ف ۲۷ شہر یا بلدہ

(۱) ہر ایسے بڑے قصبہ کو کہینگے جسمین ایک لاکھ نفوس سے کمتر نہون ۔

(۲) ہر ایسا بڑا قصبہ جسکو ناظم مردم شماری مقامی گورنمنٹ کی منظوری سے اغراض مردم شماری کے لئے شہر قرار دین ۔

(۳) جہان کہین دو مرتبہ پیمایش ہوئی ہو جنمین سے ایک پیمایش قدیم و دوسری جدید ہے تو جدید پیمایش شدہ موضع کو اغراض مردم شماری کے لئے گانون سمجھا جاے

ف ۲۵ مکان سے مقصود ایک عمارت ہے جسپر ایک علیحدہ نشان (نمبر) مردم شماری کے لئے دیا گیا ہو اس تعریف کے استعمال کے متعلق مکانات کی نشان اندازی کے باب مین مفصل بحث کی گئی ہے۔

ف ۲۶ قصبہ ذیل کے حدود کے شامل ہے:-

(۱) ہر علاقہ صفائی - اوسکی وسعت کچھہ ہی ہو۔

(۲) کل سیول لین یعنے غیر فوجی آبادی جو حدود صفائی سے خارج ہے۔

(۳) ہر کنٹونمنٹ یعنے فوجی چھاونی۔

(۴) ہر ایک متصل بہم مجموعہ مکانات کا جسمین ہمیشہ کے لئے پانچ ہزار نفوس سے کم نہ رہتے ہون اور جسکو ناظم مردم شماری اغراض مردم شماری کے لئے قصبہ قرار دیوے - دیسی ریاستون مین جہان علاقجات صفائی نہین ہین اس تعریف کو لئے غیر النہایتہ استعمال کرنا ہوگا۔

نوٹ - اس شق چہارم کے متعلق جو مسئلہ پیدا ہوتا ہے ناظم مردم شماری کو چاہئے کہ لحاظ وہان کی مخلوق کی نوعیت کا پیش نظر رکھے اور مکانات کی گنجانی اور قصبہ کی مرکزیت بہ لحاظ تجارت اور اوسکی تاریخی تعلقات کا بھی خیال رکھے اور یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ بڑے اور بہت آباد دیہات کو جنمین

کی صحیح تعریف کے استعمال نہ کرنے سے بہت بڑی بڑی تبدیلیان سلسلہ نشانات مین اوسوقت کرنی لازم آوین جسوقت کہ فہرست مکانات ورقبات کی تیاری شروع ہوجاتی ہے۔

(۵) یہ کہ باضابطہ عمل نشان اندازی کو اسقدر طول ہوجائیگا کہ مکانات کی تعداد جو طبع تخمینات کے لئے مطلوب ہے تعویق مین پڑجائیگی۔

۲۔ **سنہ ۱۳۰۰ف کی تقسیمون پر عمل کیا جاے**۔ دوسری صورت یہ ہے کہ

سنہ ۱۳۰۰ف کی تقسیمون پر عمل کیا جاے

گذشتہ مردم شماری کے تقسیمون کی بنیاد پر ہی کام جاری کیا جائے اور یہ معین کردیا جاے کہ انہی حدود کی پابندی کرنی ہوگی مگر ایسی صورت مین جہان کہین بسبب کثرت آبادی تغیرات واقع ہوے ہون، یا بوجوہ خاص ومقامی اسمین تبدیلی مناسب نظر آوے۔ مگر اس طریقہ کی تعمیل اوسی صورت مین ہوسکتی ہے کہ ہر موضع وقصبہ وعلاقہ صفائی مین کامل داخلہ سنہ ۱۳۰۰ف کی مردم شماری کی تقسیمون کا ہمدست ہوسکے اور بصورت موجودی داخلہ گذشتہ بھی نہایت درجہ کی تنقیح وامتحان کے بعد ادہنی حدود کو مردم شماری حال کے لئے معین کیا جاسکیگا۔ خوف اس بات کا ہے کہ ماتحت کے عمال واہلکاران مردم شماری کو جب معلوم ہوجاے کہ ایسی کاغذی تقسیم موجود ہے تو وہ بلا دریافت مقامی حالتون کے ادہنی داخلون کو لکھہ لینگے اور اپنے سر سے ازسرنو کام کرنے کا بوجھ اوتار دینے کی کوشش کرینگے جس سے احتمال ہے کہ کام بالکل خراب ہوجاے۔

نشان اندازی ابھی سے شروع کر دیجائے

یہ ہے کہ مکانات کی نمبر اندازی اسیوقت سے شروع کر دیجائے اور نومبر ۱۹۰۰ء (دوسرے ماہ الہی ۱۳۱۰ف) تک ملتوی نہ کی جاے یعنے اہلکاران مردم شماری (مثل ناظران مردم شماری و تنقیح کنندگان و شمار کنندگان) کے تقرر کے بعد تک ملتوی نہ رکھی جاے۔ غرض اس سے یہ ہے کہ مکانات کا شمار صحیح طور پر ہو جائیگا۔ اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ گذشتہ مردم شماری کے تجربہ سے ظاہر ہوا ہے کہ ہوشیار عمال دیہی بھی مکانات کو صحت کے ساتھ شمار نہین کر سکتے ہین جب تک کہ ہر مکان پر نمبر نہ لگایا گیا ہو۔ لیکن اس کے خلاف مین مفصلہ ذیل اعتراضات ہوئے ہین:-

(۱) یہ کہ اس کام کا وہین ہونا ممکن ہے جہان ایک اعلی درجہ کا سمجھدار اور تعلیم یافتہ عملہ مثل پٹیل و پٹواری کے موجود ہو۔

(۲) یہ کہ یہ نشان مردم شماری کے وقت تک قایم نہین رہ سکینگے اور احتمال انکے مٹ جانے کا ہے۔

(۳) یہ کہ نشانات کا سلسلہ بھی قایم نہین رہ سکیگا کیونکہ ممکن ہے کہ اس عرصہ مابین مین نئے مکانات تعمیر ہوں یا بعض پرانے مکانات گر جائین یا ڈہا دیئے جائین۔

(۴) یہ کہ ہمین اس وقت کا سامنا ہوگا کہ مکان کی تعریف کا استعمال ایسے وقت مین کرنا ہوگا جبکہ مردم شماری کے اہلکارون کا تقرر بھی نہین ہوا ہے اور کوئی باضابطہ تنقیح و نگرانی ہونے کی امید بھی نہین ہے اور ممکن ہے کہ مکان

ہین تاکہ بوقت ضرورت یا خالی ہونے ایک آدہ جاسے کے انتخاب کے لیے وقت ہو
اس تختہ کے لئے اخیر تاریخ ۱۳ شہر یور ۱۳۰۹ ف مناسب سمجھی گئی ہے یعنے اوسوقت
تک یہ تخمینات کمل اس دفتر کو پہونچ جانے چاہئے۔

ف ۵ دو مختلف طریقہ عمل کے۔ غرض اصلی جو طریقہ بالا سے ہے وہ یہ ہے کہ مردم شماری
کے ابتدائی زمانہ مین ناظم مردم شماری کے پاس ایک کامل منصوبہ انتظام مردم شماری کا پہونچ جاسے
کیونکہ کام کی عمدگی اس امر پر مبنی ہے تاکہ وہ سہولت سے پیش از پیش غلطیون کی اصلاح
اور دقتون کو دور کر سکین اور اس کام کا آگے سے ہی ہو جانا مناسب ہے نہ یہ کہ جب زور
وشور سے کام چلنے لگے جسمین عدیم الفرصتی توجہ کامل کی مانع ہو۔ اس خلاصہ سے بآسانی
ظاہر ہو سکیگا کہ مردم شماری کے لئے تعلقات کی تقسیم صحیح طور پر ہوئی ہے یا نہین اور
تعلیم یافتہ لوگ کہان کہان کم اور کہان کہان زیادہ ہین اور کن مقامات مین بسبب حالات
خاص کے کیا کیا خاص انتظام کئے گئے ہین اور شمار کنندون کے ہمدست کرنے کی دقتون
کو کس طرح پر رفع کیا گیا ہے۔

کمشنر صاحب مردم شماری ہند لکھتے ہین کہ ہرچند کہ تمام ممالک ہندوستان اور دیسی
ریاستون مین کام کا یکسان ہونا نہایت ہی مطبوع ومطلوب ہے لیکن یہ ممکن نہین کہ ایک ہی
طریقہ سب جاسے مسلوک رہ سکے اور اسی غرض سے وہ دو طریقہ پیش کرتے ہین
جو اونہی کی عبارت مین بطور ترجمہ ذیل مین لکھے جاتے ہین۔

۱۔ **نشان اندازی ابھی سے شروع کر دیجائے۔** ایک صورت تو

نقشہ ہمدست نہو سکین تو سرسری طور پر ایک نقشہ تعلقہ کا کھینچ لیا جاے تو انسب ہے جس سے مفوضات و حلقجات کی تقسیم ظاہر ہو سکے۔

ف ۴ عام فہرست مواضعات کا خلاصہ جبکہ کسی ضلع کی عام فہرست مواضعات مرتب ہولے تب حسب نمونہ ذیل ایک تعلقہ واری ہر ضلع کا تیار کرا کے ناظم مردم شماری کے پاس بھیجدیا جاے جسکی بنا پر وہ کل امور پر نظر اور غور کر کے تخمجات کے طبع و ترسیل و تقسیم کا انتظام کر سکین۔

اس تختہ یعنے خلاصہ کے خانون کی تشریح کی ضرورت نہین ہے کیونکہ بالکل مطلب صاف ہے اعلیٰ و ادنیٰ و اوسط سے مراد یہ ہے کہ ہر تعلقہ مین رقبہ مین زیادہ سے زیادہ مکانات جہان ہون اوس تعداد کو خانہ اعلیٰ مین لکھا جاے اور کم سے کم جہان ہون اوس تعداد کو ادنیٰ کے تحت مین لکھا جاے اور اوسط وہ عدد ہے کہ کل تعلقہ کے مکانات کی تعداد کو کل رقبات کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ عمل تعداد مکانات فی رقبہ و تعداد رقبات فی حلقہ و تعداد مکانات فی حلقہ کے لئے مرعی رکھا جانا ضرور ہے۔

اس خلاصہ کے خانہاے (۱۷ و ۱۸) کی تعداد بالکل عام فہرست مواضعات کے خانہاے (۵ سے ۸) تک کی میزانون کے مطابق رہے گی۔ اور ان دونون خانون سے تعداد تنقیح کنندون اور شمار کنندون کی ظاہر ہوگی جو ان کامون کے لایق ہون۔ ان دونون خانون کی میزانون کو اسی خلاصہ کے خانہاے (۵ و ۶) کے ساتھ مقابلہ کرنے سے ظاہر ہو جائیگا کہ کتنے شمار کنندے اور تنقیح کنندے زاید از تعداد رقبات و حلقجات ہمدست ہو سکتے

کے پالی جاسے - علاوہ برین جہان کہین مکانات دور دور واقع ہون یا یہ کہ موضع کی حدود مین خاصلہ پر کچہ مجموعہ مکانات کے واقع ہون تو ایسے مقامات کے لئے اوس مکانات کے میزان سے زیادہ شمار کنندہ رکہنے ہونگے یعنے تعداد مکانات کا اوسط جو فی شمار کنندہ رکہا گیا ہے اسوجہ سے اوس سے کمتر مکانات فی شمار کنندہ رکہنے ہونگے یا بعبارت دیگر شمار کنندون کی تعداد بڑہائی ہوگی - بعض نظماے مردم شماری نے ایسا مناسب خیال کیا ہے کہ احکام متعلقہ ترتیب حسب مواضعات مین مکان کی تعریف کامل طور پر بڑہائی جاسے لیکن یہ قبل از وقت ہے - اہل کاران مردم شماری جو اب تک اصول کار سے واقف نہین ہوے ہین ایسی تعریف کے سمجہنے اور اوسکے استعمال مین اپنا وقت ضایع کرینگے مگر مکان کی تعریف اپنے وقت پر بتلائی جاویگی - سردست اگر مکانات احتیاط کے ساتہہ شمار کئے جاہین تو ممکن نہین کہ اخیر مین تفاوت اسقدر ہو کہ ایک زائد شمار کنندہ کی ضرورت ہو یا جس سے تخمینہ تخمجات مین ایسا بیّن فرق و تفاوت نکلے جس سے تخمینہ غلط ٹہر جاسے کیونکہ بنظر احتیاط فی مکان ایک صفحہ تختہ کار کہا جاویگا اور وہ قدیم طریقہ بی مسدود کر دیا گیا ہے جسمین ایک صفحہ مین ایک ہی مکان درج کرنے کا حکم تہا اور اوسوقت خانہ پری کے متعلق جدید احکام جاری ہونگے -

خانہای (۱۰ و ۱۲ م) جہان کہین نقش تعلقات کا ہمدست ہوسکے تو مناسب ہوگا کہ اوپر سے گردہ یا خاکا اوٹہایا جاسے اور مفوضات اور حلقجات کے حدود کو اون نقشجات کے خاکون پر سرخی اور نیلی روشنائی سے دکہلایا جاسے لیکن جہان ایسے

کے پالی جاسے - علاوہ برین جہان کہین مکانات دور دور واقع ہون یا یہ کہ موضع کی حدود مین فاصلہ پر کچہ مجموعہ مکانات کے واقع ہون تو ایسے مقامات کے لئے اوس مکانات کے میزان سے زیادہ شمار کنندہ رکہنے ہونگے یعنے تعداد مکانات کا اوسط جو فی شمار کنندہ رکہا گیا ہے اسوجہ سے اوس سے کمتر مکانات فی شمار کنندہ رکہنے ہونگے یا بعبارت دیگر شمار کنندون کی تعداد بڑہا نی ہوگی - بعض نظماے مردم شماری نے ایسا مناسب خیال کیا ہے کہ احکام متعلقہ ترتیب رجسٹر مواضعات مین مکان کی تعریف کامل طور پر ٹہرائی جاسے لیکن یہ قبل از وقت ہے - اہل کاران مردم شماری جو ابتک اصول کار سے واقف نہین ہوے ہین ایسی تعریف کے سمجہنے اور اوسکے استعمال مین اپنا وقت ضایع کرینگے مگر مکان کی تعریف اپنے وقت پر بتلائی جاویگی - سردست اگر مکانات احتیاط کے ساتہہ شمار کئے جائین تو ممکن نہین کہ اخیر مین تفاوت اسقدر ہو کہ ایک زائد شمار کنندہ کی ضرورت ہو یا جس سے تخمینہ تخمجات مین ایسا بیّن فرق و تفاوت نکلے جس سے تخمینہ غلط ٹہر جاسے کیونکہ بنظر احتیاط فی مکان ایک صفحہ تختہ کا رکہا جاویگا اور وہ قدیم طریقہ بہی مسدود کر دیا گیا ہے جسمین ایک صفحہ مین ایک ہی مکان درج کرنے کا حکم تہا اور اوسوقت خانہ پری کے متعلق جدید احکام جاری ہونگے -

خانہاے (۱۰ و ۱۲) جہان کہین نقشہ تعلقات کا ہمدست ہوسکے تو مناسب ہوگا کہ اوپر سے گردہ یا خاکا اوٹہایا جاسے اور مفوضات اور حلقجات کے حدود کو اون نقشجات کے خاکون پر سرخی اور نیلی روشنائی سے دکہلایا جاسے لیکن جہان ایسے

کے کام کے لایق ہون اور ان کامون کے لیے مقرر ہوسکین - یہ کچھ ضرور نہین کہ کل کو موضع مین مامور کیا جاے کیونکہ ممکن ہے کہ بعض تو بالکل مامور ہی نکئے جائین اور بعض اون مین سے متصلہ اور ہمسایہ کے مواضع مین مامور کئے جائین جہان شمار کنندون کی کمی ہے - یا بعض کو احتیاطاً نظر مین رکھا جاے کہ بوقت ضرورت اونکو مامور کیا جاسکے اس بات کا ظاہر کرنا بھی ضرور ہے کہ رقبہ کی وسعت موقوف ہوگی خواندہ لوگون کی تعداد پر جو قابل شمار کنندگی کے ہون اور اگر رقبہ چھوٹا ہو تو اوسکی مردم شماری بہتر اور زیادہ سہولت کے ساتھ ہوگی - جبکہ اطلاعات متعلقہ خانہاے (۱ تا ۸) فراہم ہو جائین اوسوقت افسر ضلع یا تعلقہ کو چاہئے کہ اپنے ماتحت علاقہ کی تقسیم حلقوں وحلقجات مین کرنا شروع کرے خانہ (۹ سے ۱۳) تک کی خانہ پری کردے - اگر کہین نقشہ جات تعلقہ موجود ہون تو اونسے ورنہ فہرست مواضعات سابقہ سے کمک لین تو مناسب ہوگا تاکہ مواد خانہ (۳) کی تنقیح ہوسکے اور اس بات کا بھی لحاظ ضرور ہے کہ کوئی موضع اونکے ضلع یا تعلقہ کا کسی حلقہ یا مفوضہ مین مندرج ہونے سے رہ نجاے -

خانہ (۹) اس خانہ کے داخلون سے ایک سرسری تقسیم ظاہر ہوگی جو تعداد مکانات موقوفہ موضع اور تعداد شمار کنندگان پر مبنی ہے یہ تقسیم ہمیشہ کے لئے قایم نہین رہ سکیگی اور نہین شاید آگے چلکر مکان کی تعریف اور موضع مین مکانات کی تقسیم کی لحاظ سے تبدیلی کرنا لازم ہوگا - جب مکانات کی نشان دہی اندازی شروع ہوجاے اور مکان کی تعریف احتیاط کے ساتھ استعمال کیجاے تو ممکن ہے کہ تعداد مین کمی بیشی بہ نسبت اس شمار

باڑی (واڑی) وگوڑہ وپلی دہلی واقع ہون تو پہلے اصلی موضع کا نام لکھکر اوسکے اوپر ایک خط کھینچا جاسے تاکہ فرعجات سے تمیز کیا جاسکے اور فرعون کو جو اوس موضع کے متعلق ہین اونکے تحت مین لکھا جاسے - غیر آباد یعنے غیر مسکون دیہات کو بھی درج فہرست کر دینا چاہیے کیونکہ ممکن ہے کہ اوسمین کوئی اگر بسے بعض اضلاع مین مواضع اور اوسکے فرعون کے نام کے بعد اگر اون مواضع مین کوئی روڈ گھاٹ یا فرودگاہ مسافرین یا سرائے یا کوئی بڑا کارخانہ وغیرہ ہو جو قابل اقتنا یا اصلی موضع سے ایسے فاصلہ پر ہون جنکو قصبہ جداگانہ بنایا جاسکے تو اونکو بھی نام وکیفیت درج کر دینا چاہیئے -

خانہ (۴) مکانات کا شمار نہایت احتیاط سے کرنا چاہیئے کیونکہ تقسیم ہاے مردم شماری کا طریقہ اور طبع تخمینات کا تخمینہ اسی شمار پر مبنی ہوگا -

خانہ ہای (۵ و ۶) ہدایات ان دونون خانون کی خانہ پری کے تتبع کنندہ کی تعریف سے تعلق رکھتے ہین اور مثالون سے دکھلانا ہوگا کہ کس قسم کے لوگ اس کام کے لئے موزون ہونگے - فہمیدہ پٹواری یا نائب ناظر مدارس یا گماشتہ زمیندار یا خود چھوٹے زمیندار اسکام کے لئے منتخب ہونے چاہیئے -

خانہ (۷ و ۸) ان خانون کے لئے بھی ہدایات مثال کے ساتھ دینے چاہئے ان چارون خانون کے متعلق بخوبی ذہن نشین کرانا مناسب ہے کہ ان خانون کی خانہ پری سے ہمکو ایک مکمل فہرست کل اون لوگون کی مطلوب ہے جو کہ ہر موضع مین شمار کنندہ اور تتبع کنندہ

خانہ (۱) یہ نشان سلسلہ ضلع وار ہونا چاہیے یعنے اس خانہ مین لحاظ اون نشانات کا رکھا جاے جو فہرست مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ف مین درج ہین - وہ نشانات فہرست مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ف مین جس اسلوب سے دئے گئے ہین وہ بربناے مردم شماری یعنے تعداد نفوس ہے پہلے تو وہ تعلقہ لیا گیا ہے جسمن مستقر ضلع واقع ہے اور دوسرے تعلقات اسکے بعد لکھے گئے ہین - سلسلہ نشانات اس بنا پر مبنی تھا کہ جس موضع کی مردم شماری تعلقہ مین سب سے زیادہ تھی وہ پہلے لکھا گیا اسکے بعد جیسی جیسی تعداد نفوس کی گھٹتی گئی مواضع بھی فہرست مین اترتے گئے اس دفعہ اونہی نشانات گذشتہ کو قایم رکھنا چاہیے تا وقتیکہ مردم شماری ختم ہوجاے اور دوسرے فہرست مرتب ہو-

خانہ (۲) جسطرح سے کہ خانہ (۱) مین ضلع وار نشانات کا سلسلہ دیا گیا ہے اس خانہ مین تعلقہ کے نشانات سلسلہ وار لکھے جائینگے - ترتیب وہی ہونی چاہیے جو گذشتہ مین تھی یعنے اول تو خالصہ یا مرفحاص کے دیہات بعد جاگیرات غیر مستثنیٰ و اگرہارات وغیرہ فہرست مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ف سے اس کام مین استعانت لیجاے - مستثنیٰ جاگیرات کے مواضع کا لکھنا تعلقہداران و تحصیلداران اضلاع کو ضرور نہین یہ مواد اونہی جاگیردار صاحبون کے پاس سے آجائیگا اور بعد ختم مردم شماری اوسکی اخیر ترتیب یہین ہوگی -

خانہ (۳) اس خانہ کی خانہ پری کے لئے تفصیلی ہدایات جاری کرنے مین موضع کی تعریف بخوبی سمجھانی چاہیے اس مسئلہ پر باب اول فقرہ (۲۴) مین بحث ہوچکی ہے - جہان کہین کسی پیمایش شدہ موضع مین متعدد قریہ جات یعنے

عام فہرست یا رجسٹر مواضعات
(عام فہرست یا رجسٹر قصبات)

ضلع

تعلقہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
نمبر شمار مواضعات ضلع وار	نمبر شمار مواضعات تعلقہ وار	نام موضع	تعداد دیہات	اشخاص قابل تفتیش کنندگی		اشخاص قابل شمار کنندگی		مجموعہ تعداد دیہات	مواضعات جن میں دورہ تفتیش کنندگی ہوا	نام ناظر مفوضہ	حاضری میں دورہ تفتیش کنندگی	نام تفتیش کنندہ	کیفیت
				نام	پیشہ	نام	پیشہ						

مین کچھ نہ کچھ تفاوت ہوتا ہی رہتا ہے یعنی اگر حدود مین او سکے فرق نہ آئے مگر او سکے مکانات کی تعداد مین ضرور انقلابات زمانہ کا اثر ہوتا ہے اور خصوصًا او نکے باشندون مین تعلیم یافتہ لوگون کی تعداد بڑہتی رہتی ہے جو تنقیح کنندہ اور شمار کنندہ کے کام کے لایق ہون۔ لہذا مردم شماری کے اغراض کے لئے اضلاع و تعلقات کی عمدہ تقسیم کرنے کے لئے ان باتون کا جاننا ضرور ہے۔

(۱) اسماء و تعداد مواضعات۔

(۲) اسماء و تعداد مرزعجات ہر موضع کے

(۳) ہر موضع و مزرع کے تعداد مکانات۔

(۴) تعداد و اسما ایسے لوگون کے جو تنقیح کنندہ اور شمار کنندہ کے کام کے لایق ہون مع او نکے پیشۂ موجودہ کے۔

جب یہ مواد فراہم ہو جائے تو تنقیح کنندون کے حلقہ جات اور شمار کنندون کے رقبات کا معین اور محدود کرنا کوئی مشکل امر نہین ہے اور ہر موضع کے رقبات آسانی سے معین ہو سکتے ہین۔ یہ ایک موقتی تقسیم ہے اور شاید اس مین مکانون کی نشان اندازی اور مکانات کی فہرست کی تیاری کے وقت کسی قدر تغیر تبدل لازم آئے لیکن اسی پر سے ہر موضع کے لئے تخمینات مردم شماری کی تعداد معین کیجا سکتی ہے۔ اور تنقیح کنندون اور شمار کنندون کے تقرر کے اسناد کی تعداد بھی مشخص کیجا سکیگی جسکے ذریعہ سے وہ معمور بکار ہونگے۔ علاوہ برین یہ امر بھی اس سے ظاہر ہو جائے گا کہ کہان کہان شمار کنندون اور تنقیح کنندون کی ہمدستی مین دقت لاحق ہوگی جسکا

انتظام قبل از وقت کر دینا ہوگا۔

ف ۲ فہرست مواضعات کی تیاری - جہان کہین پیمایش ہوگئی ہے اور پیمایش موضع کے کاغذات پٹیل یا پٹواری کے پاس زمانہ حالیہ تک کے موجود ہین وہان تو کوئی دقت نہ ہوگی کیونکہ مواضعات کا رجسٹر ہر وقت عمال دیہی سے تیار کرایا جا سکتا ہے۔ لیکن جہان نقشجات بھی نہ ہون اور عمال دیہی بھی لایق اس کام کے نہ ہون تو وہان البتہ کسی واقف کار کا جانا لازمی ہے تاکہ وہ معین کر سکے کہ فی الحال کتنے موضع اور اونکے مزرعہ موجود و آباد ہین یہ تو ظاہر ہے کہ ہر تعلقہ مین دیہہ جہاڑہ موجود ہے جس سے موضع و مزارع کی تعداد و کیفیت ظاہر ہوتی ہے لیکن چونکہ زراعت کے مواقع آناً فاناً بدلتے رہتے ہین۔ نئے مزرعہ اور واڑیان آباد ہوتی جاتی ہین اور بعض وجوہ سے پرانے مزرعہ جات ویران ہوتے جاتے ہین۔ اسی خیال سے اس کام کو موسم گرما یا بارش مین کرنا مناسب نہین سمجھا گیا اور موسم سرما اس کام کے لئے موزون ہونے سے ایک سرسری تختہ مواضع و مکانات کا طلب کیا گیا تھا تاکہ مواضع مین غلطی اور اونکے قلم انداز ہو جانے کا احتمال باقی نہ رہے اور یہہ کام صرف بطور بنیاد کے سمجھا گیا ہے اور گشتی نشان واقع ۲۷ بہمن ۱۳۱۹ف کی اجرائی اسی بنا پر ہوئی تھی۔

ف ۳ طریقہ عمل - جو نمونہ استعمال کے لئے تجویز ہوا ہے مقامی تبدیلات مناسب کے ساتھ حسب ذیل ہے۔

باب دوم

حدود مفصلات مین مردم شماری کی تقسیمین

ف ۱ عام بیان - بنیاد کل مردم شماری کے اعمال کی مفصلات کے حدود مین وہ رجسٹر یا تختہ ہے جس سے مقامی انتظامی حصص سے موقوعہ دیہات موجودہ ظاہر ہوسکین - انتظامی حصص وقطعات سے اس ملک مین تعلقہ یا پٹی یا شہرون مین گذر وسمت مراد ہے - بغیر ایسے رجسٹر کے جو صحت تمام زمانہ حالیہ تک مرتب کیا گیا ہو احتمال ہے کہ موضع کے موضع مردم شماری کے عمل سے چھوٹ جائین یا وہی ایک گانون یا اوسکے اجزا دو مختلف حلقون یا مفوضات مین شریک ہو جائین اور یہہ بھی احتمال ہے کہ اضلاع وتعلقات کے حدود پر ایسے اختلاط سے کام کی برہمی ہو جاے - اسمین شک نہین کہ مختلف ممالک ہند مین دو مردم شماریون کے درمیانی زمانہ مین گانون کی حیثیت مین بہت کچھہ فرق آجاتا ہے - دکن کے حصار دار دیہات اور گڑھیان بہ نسبت ایسے بے حصار مواضع کے جو صرف بکھرے ہوے مکانات کا مجموعہ ہین کہین زیادہ پائدار ہین لیکن ہر جاے گانون کی حیثیت

ہر مزرعہ کی کتاب مردم شماری علٰحدہ رہیگی - اگر کسی مزرعہ مین پانچ چار بھی مکان ہون علٰحدہ رقبہ سمجھا جائیگا - البتہ کچھہ لازم نہین کہ اتنے چھوٹے رقبہ کے لئے علٰحدہ شمار کنندہ مقرر کیا جاے بلکہ موضع کے شمار کنندہ کے ہی تفویض اس مزرعہ کے مکانات کی خانہ پُری بھی کر دیجائیگی جس کے متعلق دستور العمل مین ہدایات موجود ہین -

گذشتہ مین جو مزرعہ ایک میل سے زاید کے فاصلہ پر تھے اونکو علٰحدہ رکھا گیا تھا اسوقت وہ عمل مناسب نہین فاصلہ کچھہ ہی ہو کیونکہ جب مزرعہ کسی موضع کا جز سمجھا جاتا ہے تو کوئی نہین جو اوسکی مردم شماری آخر کار اوس ہی موضع مین شامل نرہے لیکن ہر مزرعہ کا علٰحدہ موضع کے تحت مین دکھلانا ضرور ہے اور جسطرح سے کہ خاص موضع کے لئے جسکے مواضعات مین خانہ پُری کیجائیگی اوسکے مزرعہ کے لئے بھی وہی عمل مرعی رہیگا -

بعض صورتون مین ایسا بھی ہوگا کہ ایک موضع ہے جسکے تحت مین ایک یا کئی مزرعہ آباد ہین اور اصل موضع کسی وجہہ سے ویران یا بے چراغ ہوگیا ہے تو ایسے موضع کے منجملہ تحتی مزرعجات کے جو سب سے بڑا مزرع ہو وہ اول لکھہ جاے اور موضع سمجھا جاے اور بعض مزرعجات ایسے بھی ہونگے کہ جنکے پٹیل پٹواری علٰحدہ ہون اور مالگزاری بھی علٰحدہ وصول اور جمع بندی بھی علٰحدہ ہوتی ہو تو ایسے مزرعہ کو بھی موضع سمجھنا چاہئے -

گانون کی تعریف

دستورالعمل مردم شماری کے باب اول فقرہ (۲۴) مین گانون کی تعریف کے متعلق صاحب کمشنر ہندوستان نے مفصل بحث لکھی ہے لیکن ہم اس ملک کے لئے گانون اور مزرعہ کی نسبت صرف اتنا لکھنا کافی سمجھتے ہین کہ کل موضع کو مع اوسکے مزرعون اور ڈیہ واردن کے گانون سمجھنا جاہیے کیونکہ ہر گانون کے مزرعہ کی رقم مالگزاری بشمول اوسی موضع کی رقم کے داخل سرکار ہوتی ہے جبکا وہ مزرعہ ہے اور اکثر پٹیل وپٹواری موضع و مزرعہ کے ایک ہی ہوا کرتے ہین اسلئے فہرست مواضعات مین پہلے تو اصل موضع کا نام لکھا جائیگا اور اوسکے مزرعہ یا مزرعون کو اوس موضع کے نیچے لکھا جائیگا اور اوس موضع کے نام پر ایک خط سیاہی یا سرخی سے کھینچا جاہیے کہ موضع اور مزرعہ مین امتیاز کیا جا سکے - ایسی فہرست یا رجسٹر سے کل مواضعات اور اون کے مزرعجات ظاہر ہونگے اور انتخاب نتایج کے وقت ان مزرعون کی مردم شماری اصل موضع کی مردم شماری مین شریک کردیجائیگی اور تعداد مواضع کی بھی زیادہ نہوگی -

مزرعون کی تقسیم رقبات مین اوسی طرح پر ہوگی جیسی کہ مواضع کی اور ہر موضع کے مزرعہ کے کاغذات اوسی موضع کے ساتھہ رکھے جائینگے اور اس دفتر مین بعد ختم مردم شماری جو انتخاب ہوگا تو موضع کی مردم شماری کے ساتھہ ہی اوس موضع کے مزرعون کی بھی مردم شماری شریک کردیجا سکیگی -

فہرست رقبہ جسکا ذکر دفعہ (۱۶) مین ہوا ہے اس فہرست مکانات کا ایک قطعہ یا جزو ہے یعنی فہرست مکانات موضع یا وارڈ یعنی گذر کے کل مکانات کو دکھلاتی ہے اور فہرست رقبہ سے صرف اوتنے ہی مکانات ظاہر ہوتے ہین جتنے اوس رقبہ مین ہین کیونکہ ممکن ہے کہ موضع یا وارڈ متعدد رقبون مین تقسیم پایا ہو۔

دفعہ ۲۲ خلاصہ حلقہ ایک فرد ہے جس مین اوس حلقہ کے شمار کنندون کے خلاصون کی

خلاصہ حلقہ | میزان درج ہے یعنی شمار کنندون کے کتب مردم شماری کے صفحہ (۳) پر جو خلاصہ ہین یہ خلاصہ اون سب کتب کے خلاصون کی میزان کو ظاہر کرے گا جو اس حلقہ کے لئے رقبہ وار دیگئی ہین۔

دفعہ ۲۳ خلاصہ مفوضہ کو خلاصہ حلقہ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو خلاصہ حلقہ کو ہے خلاصہ

خلاصہ مفوضہ | شمار کنندہ سے یعنی اس خلاصہ مفوضہ مین اوسکے موقوعہ حلقون کے خلاصون کی میزانین درج ہونگی۔

دفعہ ۲۴ ممالک و ریاستہاے ہندوستان کے ہر خطہ مین دیہات کی تعریف مین تفاوت

دیہات یا مواضع | پایا گیا ہے۔ اسکی کسی قدر تشریح ضرور ہے کیونکہ ۱۸۹۱ء مین طرز عمل سب جاے یکسان نہین تھا۔

(۱) ملک آسام مین کوئی عام تعریف معین نہین کی گئی تھی لیکن اسقدر لکھا گیا تھا کہ:۔

(۱) وادی اسام کے وہ حصہ جنکی پیمایش بہ لحاظ ٹیکس کیگئی تھی تو دو حصہ جو بوقت پیمایش گانون کے نام سے موسوم ہوے ہون پس اغراض مردم شماری

(عام فہرست مواضعات) | جزو ملک کے موقوعہ مواضعات و دیہات و مزرعجات و تعداد مکانات و تعداد رقبات جنمین کوئی موضع تقسیم ہوا ہے اور حلقہ و مفوضہ جنمین وہ موضع واقع ہے اور نام تنقیح کنندہ و ناظر مفوضہ ظاہر ہون - ملک کے انتظامی جزو سے مقصود تعلقہ یا پٹی ہے - شہرون اور بڑے قصبات مین مثل مستقر ضلع و تحصیل کے گذر و محلہ و سمت موضع کا حکم رکھینگے - جہان کہین کوئی مفوضہ کسی انتظامی جزو ملک کے ساتھ مطابقت حدودی نہین رکھتا ہے مثلاً وہ جزو ملک یعنے تحصیل یا پٹی ایسی وسیع ہے کہ اوسکی دو یا زاید مفوضون مین تقسیم کرنی پڑتی ہے تو ایسی صورت مین اس عام فہرست مواضعات کا ایک جزو یا قطعہ ہر ناظر مفوضہ کو بطور اوسکے فہرست مفوضہ کے دینا چاہئے -

ف ۲۰ فہرست حلقہ وہ ہے جس سے ہر حلقہ کے موقوعہ مواضعات اور رقبات جن پر ہر موضع تقسیم پایا ہے اور تعداد مکانات ہر رقبہ و اسماے شمار کنندہ رقبہ و تنقیح کنندہ حلقہ ظاہر ہوتے ہین - شہرون اور بڑے قصبات مین محلہ و گذر و سمت کی تقسیم متعدد حلقون مین ہوگی اور یہ حلقے راستون اور سڑکون یا بستیون یا مناسب حدود کے لحاظ سے تقسیم کئے جاینگے جو فہرست حلقہ کے نظر کرتے بمنزلۂ مواضعات کے ہین -

فہرست حلقہ

ف ۲۱ فہرست مکانات سے ہر موضع یا وارڈ یعنے سمت و گذر کے ہر مکان کے متعلق عام کیفیت اور اوسکے ساکنین کے بڑے کا نام ظاہر ہوتا ہے

فہرست مکانات

جلد | اسکے پہلے صفحہ پر کام کی تدریجی ترقی لکھنے کے لئے گنجایش رکھی گئی ہے ۔
یعنے ابتدائی کارسے میزان معمل کے نکالنے تک ۔ صفحہ دوم پر ہدایت نامہ شمارکنندگان
ہے ۔ صفحہ سوم پر نمونہ خانہ پری ہے جس سے عام تختہ مردم شماری اور خلاصہ شمارکنندہ
کی تمثیل ظاہر ہوگی اور چوتھے صفحہ پر کیفیت متعلقہ عمل انتخاب درج ہے ۔

ف ۱۸ کتاب مردم شماری مشتمل ہے کاغذات ذیل پر نہ۔

کتاب مردم شماری | (الف) جلد

(ب) اوتنے صفحہ عام تختہ مردم شماری کے جتنے کہ مکان اوس
رقبہ مین ہین ۔

(ج) اوتنے صفحہ فہرست رقب کے جتنے ضرور ہون یعنے بحساب
فی بارا مکان جو رقب متعلقہ مین ہین ایک صفحہ ہر رقب کے
لئے ایک علحدہ کتاب چاہئے ۔ اوراق اضلاع وتعلقات
کو چھانٹ بھیجے جائینگے تاکہ وہان بحسب ضرورت سی لئے جاسکین
تاکہ بعد ختم مردم شماری شمارکنندہ اپنے رقب کی کتاب
کی سیون کو کھولکر اوسمین اگر کوئی خانگی تختہ مردم شماری ہو
اوسکے رقبہ کے متعلق نمبر مکان کے لحاظ سے سلسلہ وار
لگاکر پھر سی دیسکے ۔

ف ۱۹ عام فہرست مواضعات وہ فہرست ہے جس سے کوئی انتظامی

اور وہ کسی امر کو شمار کنندہ سے دریافت کر سکتے ہین جو اونکے سمجھ مین نہ آیا ہو -

ف ۱۴ تختہ نمونہ خانہ پری وہ تختہ ہے جس مین داخلہ بطور مثال کے لکھے گئے ہین -

تختہ نمونہ خانہ پری | جس سے طریقہ خانہ پری کا بخوبی سمجھ مین آسکتا ہے ہر کتاب مردم شماری کی جلد کے صفحہ (۳) پر ایک ایسا تختہ چھپا ہوا ہوگا اور نیز تختجات خانگی کے پشت پر بھی ہوگا - اس مثالیہ تختہ کی خانہ پری اسطرح پر کیجائے گی جس سے مطلب اچھی طرح سمجھ مین آجا سکے -

ف ۱۵ خلاصہ شمار کنندہ وہ ہے جس سے ایک مختصر خلاصہ تعداد مکانات و مرد و عورت

خلاصہ شمار کنندہ | کا جو کسی رقبہ مین پائے گئے ہین ظاہر ہوگا یہ خلاصہ کتاب مردم شماری کے جلد کے صفحہ (۳) پر طبع کیا گیا ہے - مردم شماری کے ختم پر جب اس کی تنقیح ہو جائے اور کتاب کے داخلون کے ساتھ مقابلہ کرنے کے بعد جب اسکی تصحیح ہو جائے تو اسکو علیحدہ کر کے دوسرے خلاصون کے ساتھ منسلک کیا جائے گا -

ف ۱۶ فہرست رقبہ ایک جزو ہے فہرست مکانات کا جس کا بیان دفعہ (۲۱) مین آتا ہے

فہرست رقبہ | اور اون مین خانہ شماری کے نمبر ہر مکان کے متعلق دے گئے ہین اور وہ اوسی سلسلہ سے ہین جس سلسلہ سے شمار کنندہ ہر ایک مکان کو جا کر دیکھے گا اس فہرست مین ہر مکان کی نوعیت اور اوسکے ساکنین کے بڑے کا نام ہر نمبر کے محاذی لکھا جائے گا -

ف ۱۷ جلد کارٹرج پیپر یعنی دبیز خاکی رنگ کے کاغذ کی ہے - جسکے چار صفحہ مطبوعہ ہین

کے کام کا سمجھا جائیگا۔ وسعت (یعنے عرض و طول) ایسے حلقہ کی مواضعات کی تعداد پر سے معین کیجائیگی۔ جنکی ابتدائی مردم شماری کے داخلون کی تنقیح ایک ہفتہ یا دس روز قبل مردم شماری اخیر اوس تنقیح کنندہ سے بخوبی اور قابل اطمینان ہو سکے۔

ف ۱۱ مفوضہ ایک مجموعہ ہے چند حلقون کا تحت ناظر مفوضہ کے جسکے سپرد

مفوضہ | عام نگرانی مردم شماری کے کام کی کیگئی ہے اور اوسکو لازم ہے کہ اپنے ماتحتون کے کام کے ایک بڑے حصہ یا جزو کی تنقیح بخوبی کرے۔ مفوضہ اکثر کسی معین انتظامی حدود کے ساتھ مطابقت رکھیگا مثل حدود تھانہ یا تحصیل یا پٹی کے لیکن اگر کسی تعلقہ کی وسعت زیادہ ہو تو وہان تعلقہ کو دو یا تین حصون مین تقسیم کرنا ہوگا جنپر تحصیلدار و پیشکار و گرداور بطور ناظر کے مقرر ہونگے۔

ف ۱۲ عام تختہ مردم شماری ایک صفحہ ہے اوس نمونہ کا جسپر داخلہاے مردم شماری

تختہ مردم شماری | لکھے جائینگے۔ ایک تختہ مردم شماری سے مراد ایک صفحہ ہے اور ورق مردم شماری سے مقصود دو صفحہ یعنے ایک تختہ اوسکے ہر طرف کو ہوگا یا بعبارۃ دیگر ہر ایک ورق دو رخہ مطبوع ہوگا جسکے ہر رخ پر ایک تختہ مردم شماری ہوگا۔

ف ۱۳ تختہ خانگی وہ تختہ ہے جسکی خانہ پری خود صاحب خانہ یعنے گھر کا بڑا کر لیگا اور

تختہ خانگی | اوس رقبہ کے شمار کنندہ سے اوسکی خانہ پری نہین کرائی جائیگی۔ اس نمونہ کے پشت پر خانہ پری کی ہدایتین درج ہونگی جنکے مطابق خانہ پری تختہ کی لازم ہے۔ ایسے تختجات معززین و عمایدو عہدہ داران سرکار و یورپین و یورشین کو دیجائینگے

کو حقیقت واقع سے جو شب اخیر مین موجود ہے مطابق کیا جاے یعنے جو کمی و بیشی شمار ابتدائی اور اخیر مردم شماری مین واقع ہوئی ہے اوسکو برابر دکھلا دیا جاے۔

ف ۸ میزان معجّل سے تعداد مکانات مسکونہ اور مرد و عورت کی ظاہر ہوتی ہے

میزان معجّل | یہ میزان مبنی ہے اون میزانون پر جو اخیر مردم شماری کے بعد صبح کو شمار کنندہ اپنے رقبہ کے مکانات و نفوس کی نکالکر درج تختہ کرتا ہے۔

ف ۹ رقبہ چھوٹے سے چھوٹا احاطہ شمار ہے جسمین (۳۰) سے (۵۰) مکان تک

(مردم شماری کے حدود) رقبہ | ہوتے ہین اور جو کسی ایک شمار کنندہ کے تحت مین دیا جاتا ہے۔ یہ مشتمل ہے ایسی تعداد مکانات پر جس کی اخیر مردم شماری کو ایک شمار کنندہ بآسانی شب اخیر یعنے یکم مارچ کی شب کو سات بجے سے بارہ بجے تک ختم کر سکے۔ تجربہ سے یہ ثابت ہوا ہے کہ اگر مکانات پیوستہ اور متصل بہم ہون تو ایک اوسط درجہ کا شمار کنندہ پچاس مکانات کی مردم شماری کی تنقیح شب اخیر مین بآسانی کر سکیگا۔ لیکن اگر مکانات دور دور واقع ہون تو تعداد مکانات کی رقبہ مین گھٹا دینی چاہئے۔

ف ۱۰ حلقہ مجموعہ ہے دس سے پندرہ رقبات یا تخمیناً پانسو مکانات کا جو تحت

حلقہ | ایک تنقیح کنندہ کے دیا گیا ہے جو ذمہ دار اپنے حلقہ کے کل شمار کنندون

دیسکہان و دیسپانڈیان و مدرسین وغیرہ مین سے ایسے لوگ انتخاب کئے جا سکتے ہین -

ف ۴ شمار کنندہ وہ شخص ہے جسکے تفویض ایک رقبہ حسب دفعہ (۹)

شمار کنندہ | کیا گیا ہے اس فریق مین پٹواری موضع و پٹیل مالی و کوتوالی و دیگر خواندہ لوگ دیہات و قصبات کی مردم شماری کے لئے مقرر ہونگے اور اس کام کے لئے جسقدر زیادہ لوگ مسکین اوسیقدر بہتر ہے -

ف ۵ نشان اندازی کل مکانات پر نمبر لگانے کو کہتے ہین جنمین شب اخیر

نشان اندازی | مردم شماری مین کسی کے رہنے کا احتمال ہو - نمبرون کا سلسلہ اوس تسلسل کو ظاہر کرتا ہے جس سلسلہ سے شمار کنندہ اپنے رقبہ کے موقوعہ مکانون کو دیکھتا جائیگا -

ف ۶ شمار ابتدائی اوس عمل کا نام ہے جس سے تختہ مردم شماری کے

شمار ابتدائی | مختلف خانون کی خانہ پری کسی رقبہ کے کل باشندون کے متعلق کیجاتی ہے جو بوقت شمار ابتدائی اوس رقبہ کے موقوعہ مکانات مین رہتے ہون - دیہات مین یہ کام تین ہفتہ یا ایک ماہ قبل اخیر مردم شماری کے کیا جائیگا اور قصبات مین دونون شمار مین مہلت اس سے کمتر رہیگی -

ف ۷ اخیر مردم شماری جسکو انگریزی مین سنسس کہتے ہین وہ عمل ہے جس سے

اخیر مردم شماری | ابتدائی شمار کے داخلون کی تنقیح و تصحیح کیجاتی ہے تاکہ اون داخلون

دستور العمل مردم شماری

حصہ اول

شمار نفوس

باب اول تعریفات

ف ۱ - ناظم مردم شماری - اوسکو کہتے ہین جو کسی صوبہ یا ریاست کے انتظامات مردم شماری کی نگرانی کرے -

افسر مردم شماری

ف ۲ - ناظر مفوضہ اوس عہدہ دار یا اہلکار مردم شماری کو کہتے ہین جسکے سپرد حسب دفعہ (۱۱) عام نگرانی ایک مفوضہ کی کیگئی ہو - مفصلات تحصیلدار و پیشکار و گرداور ناظران مفوضات مقرر ہونگے -


ناظر مفوضہ

ف ۳ تنقیح کنندہ وہ اہلکار مردم شماری ہے جسکے سپرد حسب دفعہ (۱۰) ایک حلقہ مردم شماری کے عملی کام کے لئے کیا گیا ہے -

تنقیح کنندہ

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
واقع اسفندار سنہ ۱۳۱۱ف

نشان



تقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس } طلب مبلغ بابت
خدمت معتمد صاحب } استخراج نتایج مردم شماری سنہ ۱۳۱۱ف

حسب الحکم سرکار عالی مثل مردم شماری گذشتہ آپکی مردم شماری کے استخراج نتایج کی بھی رقم بحساب فیصد فلوس (عدد ۱۲) حالی جاگیرداران مستثنیٰ وسمستانون سے لینا قرار پایا ہے لہذا آپکے علاقہ کے مواضعات کی مردم شماری ( ) ہے اور بحساب صدر اوسکی بابت ( ) ہوتے ہین امید کہ مبلغ مذکور ایک مہینے کے اندر ارسال فرمائین چونکہ اب دفتر مردم شماری کے برخاست کا زمانہ قریب آگیا ہے اور اندرون برخاست دفتر تصفیہ حسابات مردم شماری لازمی۔

ف۲ مثنیٰ ہذا اطلاعاً خدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی علاقہ فینانس مرسل فقط

شرح دستخط

مرزا مہدیخان

ناظم مردم شماری۔

نام کاغذ	تعداد قطعات	قیمت فی ہزار	قیمت فی قطعات بعوض فائدہ (۲)	اخراجات ڈاک وغیرہ (۵)	جملہ (۶)	کیفیت (۷)
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
فہرست مکانات						
فہرست حلقہ						
عام تنخواہ						
فہرست رقبہ						
کور بالائی						
کور زیریں						
پروانجات						
خلاصہ شمار کنندگان						
خلاصہ تنقیح کنندگان						
ہدایت نامہ تنقیح کنندگان مع تکملہ و ضمیمہ						
ہدایت نامہ ناظران						
تنخواہ خانگی						
ٹکٹ						
صدا قتنامہ جات						

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

نشان واقع امرداد سنہ ۱۳۱۰ ف

مقدمہ

منجانب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس بخدمت معتمد صاحب جاگیرات علاقہ۔ } طلب رقم کاغذات مردم شماری

آپکی خدمت مین جسقدر کاغذات مثل جنرل شدیول و کور وغیرہ باغراض مردم شماری بھیجے گئے ہین اونکا ایک تختہ اسکے پشت پر دیا گیا ہے۔ مہربانی فرماکر رقم مندرجۂ تختۂ مذکور جلد تر ارسال دفتر ہذا فرماکے رسید حاصل کرلیجاوے فقط۔

شرح دستخط

مرزا مہدی خان

ناظم مردم شماری

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

۲۴۰۹/ نشان واقع ۲۵ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف

اشد ضروری

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت اول تعلقدار صاحب ضلع اورنگ آباد

بسلسلہ روبکار دفتر ہذا نشان (۲۳۰۷) مورخہ ۱۹ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف نگارش ہے کہ جلد دوم تنخجات مردم شماری و فہرست رقبہ حسب فقرہ (۸) باب اول دستور العمل مردم شماری جنپر کتاب مردم شماری محتوی آنا چاہیئے اور نیز تعلقہ کے کتب کا رجسٹر بھی جو مرتب کیا گیا ہوگا وہ بھی آنا چاہیئے تاکہ یہاں کتب کا مقابلہ اوس رجسٹر یا فہرست کے ساتھہ کر لیا جا سکے۔

ف ۲ ثانی جملہ تعلقدار صاحبان و تحصیلدار صاحبان و معتمد صاحبان سمستان و جاگیردار صاحبان مستثنیٰ تعمیلاً مرسل فقط

شرح دستخط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری۔

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

۲۳۴۴/نشان واقع ۲۰ فروردی سنہ ۱۳۱۱ف

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت معتمد صاحب علاقہ نواب حسام الملک خان خانان بہادر

مقدمہ
طلب نتایج میزان معمل

بجواب مراسلہ نشان ۱۷ واقع ۲۰ فروردی سنہ ۱۳۱۱ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ حسب درخواست علاقہ پایگاہ نواب سر آسمانجاہ بہادر یہہ ہدایت دیگئی ہے کہ اگر تحصیلات مین میزان معمل کے نتیجے بوجہ قربت مستقر بھیجدیے جائین تو تعلقات کی میزانون مین شریک کرلئے جائین اس سے یہہ ضرور نہین کہ ضلع مین نہ بھیجے جائین۔ آپکو اختیار ہے کہ چاہے ضلع مین میزانین روانہ فرمائین یا تعلقہ مین بہرحال جو تاریخ تعلقات کیلئے مقرر ہوچکی ہو اوسکے قبل تعلقات مین اور جو تاریخ ضلع کیلئے مقرر ہوچکی ہے اوس تاریخ تک ضلع مین روانہ ہوجانا چاہیے۔

۲ ثنی جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع وسمستانات و معتمد صاحبان جاگیرات مستثنےٰ اطلاعاً مرسل ہے فقط۔

شرحدستخط


اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

۲۲۹۳ واقع ۱۹ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف

نشان



منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ملک سرکار عالی و مددگار معتمد فینانس
خدمات معتمد صاحبان نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی و عہدہ دار صاحبان دفاتر بلدہ
} مقدمہ امداد بکار مردم شماری

ہرچند کہ دفتر فینانس سے بحسب منظوری نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی ذریعہ مراسلات نشان (۵۳ و ۶۷) مورخہ ۱۶ بہمن و ۹ مر فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف مردم شماری کے کاموں کی امداد کیلئے تاکید و تعطیل ہوئی ہے لیکن روبکار ما بعد میں بموجب روبکار سابقہ بلا لحاظ تعطیل جمعہ کام کرنیکی تاکید نہیں فرمائی گئی ہے جس سے احتمال ہوتا ہے کہ لوگ بحیلہ جمعہ اس کام کے انصرام سے پہلو تہی کرین چونکہ آخری مردم شماری ۲۸ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف جمعہ کا دن ہوگی اسلئے براہ کرم عملہ نیتجہ کو تاکید بلیغ فرمائی جاوے کہ وہ ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ تاریخ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف کو بحسب خواہش دفاتر صفائی بلدہ و چادرگھاٹ مفوضہ کام کو بلا لحاظ تعطیل و جمعہ انجام دین ورنہ بموجب قانون مردم شماری مستوجب مواخذہ سمجھے جائینگے فقط

شرحد سنخط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

نشان ۲۲۰۱ واقع ۷ امر فروردی سنہ ۱۳۱۱ ف

اشد ضروری

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ملک سرکار عالی خدمتہ تحصیلدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص۔

میزان معجّل

بوصول مراسلہ معتمد صاحب پایگاہ نواب سر آسمانجاہ بہادر نگارش ہے کہ آپکے تعلقہ مین جو جاگیرات مستثنیٰ ہین اونکی مردم شماری کے نتائج بعض اندراج میزان معجل آپکے پاس وصول ہون تو فوراً اپنے تعلقہ کی میزان کے ساتھہ اون نتائج کو بھی تعلقدار صاحب ضلع کے پاس بھیجدیجئے وہ اپنے ضلع کی میزان مین شریک کر لینگے۔

ف۲ ثنی جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع و ستانات و معتمد صاحبان جاگیرات مستثنیٰ مرسل ہے فقط

شرحدستخط

اسد اللہ۔

مددگار ناظم مردم شماری

یہ بدین غرض مرسل ہے کہ مراسلہ مذکور کے مطابق اپنی اپنی کل جاگیرات کی میزان معمّل سے یعنے جو جاگیر جس ضلع مین شریک ہو اوس کی تعداد نفوس واکمنہ سے بروقت اوس ضلع کے تعلقدار صاحب کو فوراً اطلاع دین تاکہ آپ کی مرسلہ میزانین اضلاع کی میزانون مین بروقت شامل ہوسکین اوسمین کسی قسم کی تعویق جائز نرکہی جاے فقط۔

شرحدستخط

اسداللہ

مددگار ناظم مردم شماری

STATION,

Date

FROM

THE TALUKDAR OF

To

THE STATION MASTER OF

SIR,

Please transmit the accompanying message to the Census Commissioner for India, at Calcutta, and send a copy of it to the Census Commissioner, Hyderabad, and oblige. The totals should be wired in words, *not in figures.*

Yours truly,

TALUKDAR,
District.

To
CALCUTTA.

FROM

To
THE CENSUS COMMISSIONER,
FOR INDIA.

FROM
THE TALUKDAR,
Nizam's Dominions.

Houses
Males
Females
Total population

(*Signature.*)

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
واقع ۱۲ر فروردی سنہ ۱۳ف

نشان ۲۱۱۷

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص ملک سرکار عالی

ترسیل فارم مراسلہ موسومہ
تار ماسٹران و فارم چھٹی
تار متعلقہ میزان معجّل

مراسلہ دفتر ہذا نشان (۱۵۱۱) واقع ۱۲ر اسفندار سنہ روان کے آخر مین ذکر کیا گیا ہی کہ آخر مردم شماری کے بعد تعداد نفوس کے متعلق میزان معجّل کو سنسس کمشنر صاحب ہندوستان کو ذریعہ تار جو اطلاع دیجائیگی اُس چھٹی کا مسودہ مسومہ تار ماسٹر منسلک ہے مگر بوجہ طبع نہونے کے وہ چھٹی اوسوقت نہین بھیجی گئی تھی چونکہ اب طبع کرلیگئی ہے اسکے متعلق ایک فارم موسومہ تار ماسٹر جو تعلقدار صاحب ضلع کے دفتر سے جاری ہوگا۔ اور دوسرا فارم چھٹی تار جس کے ذریعہ سے تعداد نفوس مکمنہ کے متعلق تار دیا جائیگا مرسل ہین مراسلہ دفتر ہذا نشان (۱۵۱۱) واقع ۱۲ر اسفندار سنہ روان اسکے متعلق تعمیل کرنی چاہیئے۔

ف ۲ جاگیردار صاحبان مستثنےٰ اور ستانات سے جو میزان معجّل آئیگی اوسکو بھی تعلقدار صاحبان اضلاع اپنے ضلع کی میزان مین شریک کرکے تار دین۔

ف ۳ یک یک مثنی ہذا جملہ معتمدین جاگیردار صاحبان مستثنےٰ و ستانات کیخدمات

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
واقع ۱۱ فروردی سنہ ۱۳۱۱ف

نشان ۲۰۳۶/ اشد ضروری

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت معتمد صاحبان جاگیردار صاحبان مستثنیٰ موقوعہ ملک سرکار عالے

ہرچند کہ ذریعہ مراسلہ نشان (۱۵۱۱) مورخہ ۲۰ سفندارماہ الہی سنہ ۱۳۱۱ف اطلاع میزان مفصل کی نسبت بسیط ہدایات جاری کردئے گئے ہین اور اوسی مراسلہ کے فقرہ نمبر (۹ و ۱۰) مین سمستانات کی نسبت حکم دیا گیا ہے کہ اونکے علاقہ کی میزانات اوسی ضلع مین شریک ہونگے جس کے حدود ارضی مین وسمستانات واقع ہون لیکن جاگیرات مستثنےٰ کی نسبت کوئی صراحت نہین ہے لہذا اب اوسکی بھی صراحت کردیجاتی ہے کہ بموجب سمستانات جاگیرات مستثنیٰ کی میزانین بھی بلحاظ حدود ارضی ضلع متعلقہ مین شریک کیجاکر کنسس کمشنر صاحب کو بمقام کلکتہ اطلاع بھیجدیجاوے گی لہذا اسکی نسبت رائے انتظام فرمادیا جاوے۔

و۲ مثنیٰ جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی وصرفخاص کیخدمت مین اطلاعاً ابلاغ ہے فقط

اسد اللہ
مددگار ناظم مردم شماری

سکئے جاوینگے جو شب آخر مردم شماری مین مسکون پائے جائین یعنے اوس
شب کو اگر لوگ اون مکانات مین موجود ہین تو اونہین مکانات کی تعداد
لکہی جاوے گی فقط۔

شرح دستخط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
واقع ۱۱ فروردی سنہ ۱۳۱۰ف

نشان ۲۰۳۶/

اشد ضروری

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت معتمد صاحبان جاگیردار صاحبان مستثنیٰ موقوعہ ملک سرکار عالے

ہرچند کہ ذریعہ مراسلہ نشان (۱۵۱۱) مورخہ ۲ر اسفندارماہ الہی سنہ ۱۳۱۰ف اطلاع میزان مؤجل کی نسبت بسیط ہدایات جاری کردئے گئے ہین اور اوسی مراسلہ کے فقرہ نمبر (۹ و ۱۰) مین سمستانات کی نسبت حکم دیا گیا ہے کہ اونکے علاقہ کی میزانات اوسی ضلع مین شریک ہونگے جس کے حدود ارضی مین وسمستانات واقع ہون لیکن جاگیرات مستثنےٰ کی نسبت کوئی صراحت نہین ہے لہذا اب اوسکی بھی صراحت کردیجاتی ہے کہ بموجب سمستانات جاگیرات مستثنیٰ کی میزانین بھی بلحاظ حدود ارضی ضلع متعلقہ مین شریک کیجاکر کنسس کمشنر صاحب کو بمقام کلکتہ اطلاع بھیجدیجاوگی لہذا اسکی نسبت رائے انتظام فرمادیا جاوے۔

و۲ مثنیٰ جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی وصرفخاص کیخدمت مین اطلاعاً ابلاغ ہے فقط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

کئے جاوینگے جو شب آخر مردم شماری مین مسکون پائے جائین یعنے اوس شب کو اگر لوگ اون مکانات مین موجود ہین تو اونہین مکانات کی تعداد لکہی جاوے گی فقط۔

شرح دستخط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
واقع ۱۰ فروردی سنہ ۱۳۱۲ف
نشان ۱۹۷۹

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و معتمد صاحبان جاگیرات مستثنےٰ و سمستانات۔

ہدایت نسبت خانہ پری خانہ (۴) خلاصہ شمار کنندگان

بعض جگہ سے تختہ خلاصہ شمار کنندگان کے خانہ (۴) و (۳) کی نسبت شبہات پیدا ہوے ہین۔ لہذا نگارش ہے کہ تختہ خلاصہ شمار کنندگان و خلاصہ جات حلقہ کے خانہ (۴) مین جو عبارت درج ہے اوس کا ترجمہ یہہ ہے کہ (رہنے کے مکانون کی تعداد) اور فہرست رقبہ کے خانہ (۳) مین جو عبارت درج ہے۔ اوس کا ترجمہ یہہ ہے کہ (صراحت مکان مسکونہ یا مسافرخانہ یا دیول یا مسجد وغیرہ) اب یہان یہہ اشتباہ ہوتا ہے کہ بموجب خانہ (۳) فہرست رقبہ۔ کل مکانات کی میزان خلاصہ شمار کنندگان اور حلقہ جات کے خانہ (۴) مین درج کیجاوے یا صرف وہی مکان جس مین لوگ رہتے ہین۔ اس لئے ذریعہ ہذا بغرض رفع اشتباہ حکم دیا جاتا ہے کہ خلاصہ شمار کنندگان کے خانہ (۴) مین وہ تمام مکانات درج

مردم شماری کے متعلق لازم ہوگی۔


۳ یک یک مثنیٰ ہذا جملہ معتمدین جاگیرداران صاحبان مستثنےٰ وسمستانات ملک سرکار عالے کیخدمت مین مرسل ونگارش ہے کہ حسب تصریح صدر عمل کیا جائے آپکے علاقہ جات مین عہدہ داران مردم شماری جو مقرر کئے گئے ہین اونکو اپنے ناظم مردم شماری کے لقب سے موسوم کیا ہے مگر یہہ امر خلاف اصول ہے کل ممالک محروسہ سرکار عالی کی مردم شماری کے لئے سرکار کی طرف سے جس عہدہ دار کا تقرر ہوا ہے وہی ناظم مردم شماری ہے۔ آپ اپنے علاقہ کے افسر کو مہتمم مردم شماری کے لقب سے نامزد کرسکتے ہین فقط۔

سرحد خط

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
۱۹۳۹
نشان واقع ۸ فروری سنہ ۱۳۱۰ف



مقدمہ

منجانب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمت جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص علاقہ جات صفائی اندرون و بیرون بلدہ و جمعیت سرکار عالی و جملہ عہدہ داران بلدہ حیدرآباد۔

تقرر عہدہ داران مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی


قانون مردم شماری جو پیشگاہ سرکار سے منظور اور جریدہ اعلامیہ سرکار مورخہ ۲۹ دے سنہ ۱۳۱۰ف کے جزو ثالث صفحہ از (۲۲۹) تا (۲۳۶) مین طبع ہوا ہے اس کی تعمیل تمام عہدہ داران جاگیرداران سمستانون اور رعایاے ساکنین ملک سرکار عالی پر لازم ہے۔

ف۲ تعلقداران اول و دوم و سوم اور تحصیلداران تعلقات کے علاوہ وہ اشخاص بھی جو کسی حصہ یا شہر یا ضلع یا تعلقہ کے انتظام خانہ شماری و مردم شماری کے لئے یا انتظام مردم شماری مین امداد دینے یا نگرانی کی غرض سے مقرر کئے گئے ہون خواہ وہ کسی علاقہ سرکار عالی کے ملازم ہون یا خوشباش و سب حسب دفعہ (۲) قانون مذکور عہدہ داران مردم شماری کہلائین گے اور اون کے جائز احکام کی تعمیل انتظام

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

واقع ۶ فروری سنہ ۱۳ف

نشان ۱۹۰۶



منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص و معتمد صاحبان علاقہ جاگیرات مستثنے و ستانات۔

مقدمہ

تقسیم ٹکٹ ہائے مردم شماری

تقسیم ٹکٹ کے بارہ مین بوضاحت ذریعہ مراسلہ نشان (۱۱۲۹) مورخہ ۲۱ ربیع سنہ ۱۳ف ہدایت دیجا چکی ہے اب ٹکٹ بھی بعد طبع بحساب اوسطی موضع پانچ پانچ عدد علحدہ بھیجدیے گئے ہین اور ساتھ ہی اسکے یہہ اختیار بھی آپ صاحبونکو دیا جاتا ہے کہ ان ٹکٹون کی تقسیم مین موجودہ مقامی ضروریات کے لحاظ سے کمی بیشی کرلیجاے یعنی اگر کوئی مقام ایسا ہو کہ وہان سے سرحدات قریب ہون یا مسافرین کے غیور و مرور کا زیادہ احتمال ہو تو وہان ٹکٹ زیادہ بھیجدین اور دوسرے مقامات مین کم کردین اور اگر ٹکٹ ہائے مرسلہ بمقابلہ ضرورت ناکافی ہون تو ناظرونکو اجازت دیدیجاوے کہ بقید ضرورت یہی عبارت سادہ پرچہ جات پر لکھوا کر بدستخط خود دیدین فقط۔

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری۔

اپنی اپنی تنخواہ بڑے بھائی کو دیتے ہین اور ایک ہانڈی مین کہاتے ہین۔ تو ایسی صورت مین ان دوسرے چارون بھائیون کا پیشہ خانہ (۹) مین لکھا جائے یا خانہ (۱۱) مین (جواب) ان کا پیشہ خانہ (۹) مین لکھنا چاہئے

ف ۶ خانہ (۵) فہرست رقبہ مین مالک مکان کا نام لکھا جائے یا کرایہ دار موجودہ کا (جواب) مالک مکان سے مطلب وہ مالک مکان ہے جو خاندان کا بڑا ہے خواہ مکان مین کرایہ سے رہتا ہو یا آنکہ مکان ذاتی ہو۔

ف ۷ ہندوؤن مین بعض قوم بلحاظ پیشہ بلائے جاتے ہے۔ جیسے حجام۔ دھوبی۔ سنار لوہار۔ برڑائی۔ انکو خانہ (۸) عام تختہ مردم شماری مین قوم لکھی جائے یا کیا۔ مثلاً ویدو دب کا حجام ہے اور وہ بذریعہ اپنے ذاتی کسب کے پرورش پاتا ہے تو اب خانہ (۸) مین حجام لکھہ کر خانہ (۹) مین حجامت بنانا لکھنا چاہیئے یا خانہ (۸) مین تلنگا یا شدر لکھہ کر خانہ (۹) مین حجام لکھنا چاہیئے۔ (جواب) اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ذات اور پیشہ دونون ایک ہی ہوتے ہین۔ لہذا جو ذات اوسکی ہو وہ ذات کے خانہ مین لکھی جائے اگر وہ پیشہ ذاتی بھی کرتا ہو خانۂ پیشہ مین وہی پیشہ لکھا جائے۔ لیکن بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ذات تو اوسکی کہار کی ہے مگر برتن نہین بناتا بلکہ مزدوری کرتا ہے تو اوسکا اصلی پیشہ یعنے مزدوری لکھا جائے گا نہ ذات کا پیشہ فقط۔

اسد اللہ

مددگار ناظم مردم شماری۔

لکھے جاسکینگے (جواب) بقدر گنجایش دو تین مکان کا تکملہ ایک ہی کاغذ پر مکان کے نمبر درج کرکے لکھا جاسکتا ہے۔

ف۲ (سوال) دھیڑ اور اون کی عورتین دن تمام کام کرتے ہین۔ کبھی گھانس لاتے ہین کبھی لکڑی اور کبھی روزمزدوری کرتے ہین ایسی صورت مین اون عورتون کا پیشہ خانہ (۹) مین لکھا جاے۔ یا خانہ (۱۱) مین (ج) خانہ (۹) مین لکھنا چاہیئے۔

ف۳ قوم سکھ صغیرسن اطفال کو بھی ماہوار چار پانچ روپیہ مقرر اور نوکری معاف رہتی ہے اونکا پیشہ خانہ (۹) مین لکھنا چاہیئے یا خانہ (۱۱) مین (جواب) خانہ (۹) مین لکھا جاے۔

ف۴ اگر کسی مکان مین (۵۰) یا (۶۰) سال کا ضعیف اپنے بیٹے اور پوتے کے ذریعہ پرورش پاتا ہے اور وہ اوس خاندان کا بزرگ کہلاتا ہے اور اوس کے تابع سالم مکان ہے وہ تختہ کے خانہ (۳) مین اوس معمر بزرگ کا اولاً نام لکھا جائیگا یا اوس کے بیٹے پوتے کا کہ جسکے ذریعہ سے تمام کنبا پرورش پاتا ہے (جواب) اس صورت مین اگرچہ وہ معمر بزرگ گھر کا بڑا ہے لیکن خود تابع اصل شخص معاش پیدا کرنے والا کا ہے۔ اس لئے پہلے معاش پیدا کرنے والے کا نام لکھکر بعد مین اوس بزرگ کا نام مفصلاً لکھنا مناسب ہے۔

ف۵ اگر ایک مکان مین متعدد اشخاص ملازم ہین مثلاً زید منشی ہے اور اوس کے چار چھوٹے بھائی جو وہ بھی فرداً فرداً ملازم سرکار اور تنخواہ یاب ہین وہ سب کے سب

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
نشان ۱۷۸۷ واقع ۲۹ مہ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ

خدمات اول تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی وصرفخاص ومعتمد صاحبان جاگیرات مستثنےٰ وسمستانات ملک سرکار عالی وافواج باقاعدہ وصفائی ہائے بلدہ وچادر گھاٹ۔

ہدایات نسبت عام تختہ مردم شماری

اکثر تحصیلات کے استفسارات سے معلوم ہوتا ہے کہ عام تختجات مردم شماری کی خانہ پری مین باوصف ہدایت نامجات کی اجرا اور دستور العمل مردم شماری کی صراحت کے ہنوز شکوک اور اشتباہات باقی ہین اور نیز امتحانی طور پر جو تختجات مرتب کرکے بغرض رفع شکوک یہان بھیجدئے گئے تھے اونکی اصلاح مین بھی کسیقدر فرو گذاشت ہوگی لہذا بغرض استدراکات کے مدنظر ذیل مین فقرہ وار ہدایات دیجاتی ہین۔ امید کیجاتی ہے کہ حسبہ تعمیل کیجائیگی۔

ف ۱ (سوال) شب اخیر مردم شماری مین بصورت ضرورت تکملہ کا کاغذ ہر مکان کے لئے علیحدہ ہوگا۔ آپکے ایک کاغذ مین بقدر گنجایش دو تین مکانات کے تکملے

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالے علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

نشان ۱۷۷۱ واقع ۲۸ مراسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمت معتمد صاحبان جاگیرداران مستثنےٰ و سمستانات۔

چونکہ پیدایش کا ضلع خانہ (۱۲) تختہ مردم شماری مین لکھنے کے لئے احتمال ہے کہ شمار کنندے نجانتین کہ کیا لکھین لہذا مناسب ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی پیدایش اوسی جاگیر یا سمستان کے کسی موضع مین تبلائے تو اوسی ضلع کا نام اوس خانہ مین لکھدیا جائے جسکے حدود ارضی مین وہ جاگیر یا سمستان واقع ہے اور اس ہدایت کو آپ اپنے اپنے علاقجات مین بہت جلد مشتہر فرما دیجئے۔

و ۲ مثنی خدمت تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی مرسل ونگارش کہ آپکے اضلاع مین بھی اگر کوئی اشخاص ایسے ہون جنکی زادیوم جاگیرات مستثنیٰ یا سمستان ہو تو آپ بھی یہی طریقہ مسلوک رکھئے اور فہرست مواضعات مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ ف سے اسمین بہت کمک ملیگی فقط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری
نشان ۱۵۸۳ واقع ۱۵ اسفندار سنہ ۱۳۱۱ ف

محمد نظام الدین
نیشی

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت معتمد صاحبان جاگیرداران مستثنے و راجہ صاحبان ستاتات
ملک سرکار عالی۔

مقدمہ
تقسیم تختجات خانگی بزبان
اردو

خانگی تختجات کے مطالبہ مین اکثر علاقہ جات سے بہ تعداد کثیر تحریرات آرہے ہین جس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید ان تختجات کو عام تختجات مردم شماری خیال کرلیا گیا ہے۔ حالانکہ ایسا نہین ہے بلکہ یہہ تختجات صرف اون معززین کو دیے جائین گے جو اونکے تعلقہ مین ہون مثلاً تحصیلدار یا امین یا طبیب یا پیشکار یا کوئی معزز زمیندار پس ظاہر ہے کہ ایسے لوگ کسی جگہ پانچسو یا دوسو نہین رہتے غرض اب زیادہ تشریح و انتظار کا موقع نہین ہے لہذا بموجب علاقہ خالصہ آپ کے پاس بھی بیس ۲۰ تیس ۳۰ قطعہ تختجات خانگی کے بزبان اردو اسکے ساتھہ بھیجدیے جاتے ہین حسب موقع اونکی تقسیم کیجاوے اور اس سے زیادہ ملنے کی توقع بھی نہ رکھی جاوے فقط

شرح دستخط
مرزا مہدیخان
مددگار ناظر مردم شماری

ف۳ ثنی ہذا بہ سلسلہ مراسلہ دوم تعلقدار صاحب مستقر اندول متذکرہ صدر خدمت اول تعلقدار صاحب ضلع میدک اطلاعاً مرسل۔

ف۴ مثلث بغرض اطلاع وتعمیل خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلع دیوانی وصرفخاص وسمستانات ومعتمدین جاگیردار صاحبان مستثنےٰ مرسل فقط۔

شرحدستخط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

ہی لکھا جائے۔ مرہٹواڑی مین معمار کو گونڈیا بھی کہتے ہین اسکا خیال رہے کہ کہین ذات کیجائے
پرگونڈیہ جو پیشہ ہے غلطی سے درج نہ کیا جائے۔ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو کشتریا ویشیا
یا سودرا بتلائے تو اوس سے دریافت کیا جائے کہ کشتریا وغیرہ کی کونسی ذات کا ہے اور ان
دونون باتون کو لکھ لیا جائے۔ اور اگر وہ اپنا پیشہ بھی بتلائے تو وہ بھی درج کر لیا جائے جیسا کہ
بھنگی یا حلال خور۔ لعل بیگی۔ یا حلال خور ہاری۔ ذاتون کے شعبون اور اڑنام (لقب) اور اندرون قوم
اور بیرون قوم شادی کرنے والے مجموعون کے نام درج کرنے کی ضرورت نہین ہے مثل کنوجیا
ئی۔ کولن۔ کسیپا وغیرہ کے۔ مسلمانون اور کرستانون کے متعلق اونکا بیان کافی ہے جو وہ متعلق
اپنی قومیت یا ذات کے بیان کرین۔

نوٹ یہ امر نہایت مشکل ہے اور صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ یہ جو لکھا گیا ہے نتیجہ ایک
وسیع تجربہ کا ہے اور دو دو لفظ متعلق ذات کے لکھنے سے یہ غرض ہے کہ اگر کہین ایسا غیر معروف
نام بتلایا جائے تو اس ذریعہ سے اوس کا پتہ نکل سکے۔

ضمیمہ قاعدہ ۹ ۔ خانہ ۹ مین عام اور غیر معین الفاظ کا استعمال نہ کیا جائے مثل نوکری یا سرکاری
نوکری۔ یا دوکانداری۔ یا لکھنا یا مزدوری وغیرہ بلکہ اوس شخص سے بخوبی دریافت کر کے لکھنا چاہیئے
کہ کس قسم کی نوکری ہے اور اگر دوکانداری ہے تو قسم اشیاء فروخت کو لکھنا چاہیئے۔ یا مزدوری
ہے تو کس قسم کی اگر کسی شخص کو بتلانے مین شک یا شبہ ہو کہ اپنا معظم پیشہ کیا بتلائے تو وہ اپنا زیادہ
سے زیادہ وقت کس کام مین صرف کرتا ہے اوسی کام کو خانہ ۹ مین اوسکا پیشہ درج کیا جائے
اگر کوئی شخص اپنا پیشہ نوکری بتلاتا ہے تو حسب ذیل تمیز کرنی چاہیئے۔

اوس کو بتانا چاہیئے۔ آپ کی باقی تحریر اس خانہ کے متعلق ٹھیک ہے۔

ف۳ خانہ (۲) سطر دوم کی تشریح حسب تحریر بالا سمجھنی چاہیئے اور خانہ (۱۴) مین کملا بائی کو ناخواندہ لکھہ کے خانہ پندرہ مین (نہین) جو لکھا ہے وہ صحیح نہین ہے۔ بے شک وہ خانہ معرا رہتا ہے۔ یہہ چھاپے والے کی غلطی ہے۔ جس نے پروف صحت شدہ کے موافق وہ لفظ بوقت طبع تختجات کے چھوڑ دینا تھا نہین چھوڑا۔ اور یہہ غلطی صرف تلنگی مثالیہ نمونہ مین ہی ہوئی ہے اردو اور مرہٹی زبان کے مثالیہ تختجات مطبوعہ مین نہین ہوئی ہے۔

ف۴ سطر چار (۴) خانہ (۹) مین ( ) جو لکھا ہے اوس سے مراد نوکر خانگی سمجھنا چاہیئے چنانچہ نمونہ مثالیہ اردو مین بھی الفاظ لکھے گئے ہین۔

ف۵ سطر (۵) محمد علی کے نام کے محاذی خانہ (۱۳) مین اردو لکھنے ہر خانہ (۱۴) مین نہین جو لکھا ہے وہ بے شک غلط ہے یہہ غلطی وقت طبع تختہ تلنگی مین ہوئی ہے تختہ اردو اور مرہٹی مین اس خانہ مین خواندہ اردو و فارسی کے الفاظ لکھے ہین اور خانہ (۱۴) معرا ہوے پر خانہ (۱۵) مین انگریزی جو لکھا ہے وہ بھی غلط ہے بلکہ خانہ (۱۴) مین خواندہ اردو و فارسی لکھہ کر خانہ (۱۵) صرف (نہین) کا لفظ لکھنا تھا۔ چنانچہ نمونہ اردو مرہٹی مین اون دونون خانون کے متعلق حسب المسطور لکھا ہے اور یہہ غلطی صرف نمونہ تلنگی مین ہوئی ہے

ف۶ سطر (۶) زینب بی کے محاذی خانہ (۱۴) معرا نہین رکھنا چاہیئے۔ بلکہ لفظ ناخواندہ یا خواندہ جو حالت ہو وہ لکھنا چاہیئے۔ اور ایسا عمل صرف تختہ تلنگی مین ہوا ہے تختجات

اردو اور مرہٹی کے خانہ (۱۴) مین صاف طور پر ناخواندہ لکھا ہوا ہے۔

ف ۷و۸ کا جواب سطور (۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱) تختہ اردو و مرہٹی کے محاذی خانہ (۱۴) مین ناخواندہ لکھکر خانہ (۱۵) مین درج کیا جائے یہہ صحیح ہے مگر تختہ تلنگی مین انہین سطور کے متعلق خانہ (۱۴) بھی معرا رکھا گیا ہے حالانکہ اس خانہ مین ناخواندہ لکھنا چاہیئے تھا۔ یہہ غلطی بھی بوقت طبع ہوئی ہے۔ تمام زبانون کے تختجات کے خانہ (۱۵) مین سطر (۷) کی محاذی بوجہ خواندہ ہونے کے لفظ انگریزی جو لکھا ہے وہ صحیح ہے اس سے ظاہر ہو سکتا ہے کہ خواندہ شخص ہی کے محاذی لفظ انگریزی یا لفظ نہین خانہ (۱۵) مین لکھنا چاہیئے ناخواندہ اشخاص کے محاذی خانہ (۱۵) مطلق معرا چھوڑ دیا جائے۔

ف ۹ سطر (۱۰) لچھما کے محاذی خانہ (۹) مین عام لفظ مزدوری جو لکھا ہے بے شک اس کی نسبت آپ کا اعتراض صحیح ہے یہان مزدوری زراعت یا اور جو کچھہ ہو وہ لکھنا چاہیئے چنانچہ تختہ اردو مین مزدوری زراعت لکھا ہے۔

ف ۱۰ ہدایت نامہ تلنگی کے الفاظ ادق ہونے کے سبب سے ہدایت نامہ اردو کا ترجمہ کراکے پٹیل پٹواریون کو جو دیا گیا مناسب ہوا۔

ف ۱۱ عام تختجات مردم شماری کی ترتیب دستور العمل اور ہدایت نامہ اور تختہ مثالیہ زبان اردو اور اس مراسلہ کے ہدایات کے مطابق کرائی جائے۔ کیونکہ دوسری زبانون کے تختجات مثالیہ کے ترجمہ مین گڑبڑ ہوئی ہے۔

ف ۱۲ آپ نے جو تختہ مثالیہ بھیجا ہے اوس کی ضروری اصلاح کرکے واپس کیا جاتا ہے۔

اوس کو بتانا چاہیئے۔ آپ کی باقی تحریر اس خانہ کے متعلق ٹھیک ہے۔

ف۳ خانہ (۲) سطر دوم کی تشریح حسب تحریر بالا سمجھنی چاہیئے اور خانہ (۱۴) مین کملا بائی کو ناخواندہ لکھہ کے خانہ پندرہ مین (نہین) جو لکھا ہے وہ صحیح نہین ہے۔ بے شک وہ خانہ معرا رہتا ہے۔ یہہ چھاپے والے کی غلطی ہے۔ جس نے پروف صحت شدہ کے موافق وہ لفظ بوقت طبع تختجات کے چھوڑ دینا تھا نہین چھوڑا۔ اور یہہ غلطی صرف تلنگی مثالیہ نمونہ مین ہی ہوئی ہے اردو اور مرہٹی زبان کے مثالیہ تختجات مطبوعہ مین نہین ہوئی ہے۔

ف۴ سطر چار(۴) خانہ (۹) مین ( ) جو لکھا ہے اوس سے مراد نوکر خانگی سمجھنا چاہیئے چنانچہ نمونہ مثالیہ اردو مین بھی الفاظ لکھے گئے ہین۔

ف۵ سطر (۵) محمد علی کے نام کے محاذی خانہ (۱۳) مین اردو لکھنے ہر خانہ (۱۴) مین نہین جو لکھا ہے وہ بے شک غلط ہے یہہ غلطی وقت طبع تختہ تلنگی مین ہوئی ہے تختہ اردو اور مرہٹی مین اس خانہ مین خواندہ اردو و فارسی کے الفاظ لکھے ہین اور خانہ (۱۴) معرا ہوے پر خانہ (۱۵) مین انگریزی جو لکھا ہے وہ بھی غلط ہے بلکہ خانہ (۱۴) مین خواندہ اردو و فارسی لکھہ کر خانہ (۱۵) صرف (نہین) کا لفظ لکھنا تھا۔ چنانچہ نمونہ اردو مرہٹی مین اون دونون خانون کے متعلق حسب المسطور لکھا ہے اور یہہ غلطی صرف نمونہ تلنگی مین ہوئی ہے

ف۶ سطر (۶) زینب بی کے محاذی خانہ (۱۴) معرا نہین رکھنا چاہیئے۔ بلکہ لفظ ناخواندہ یا خواندہ جو حالت ہو وہ لکھنا چاہیئے۔ اور ایسا عمل صرف تختہ تلنگی مین ہوا ہے تختجات

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری

نشان ۱۵۳۴ واقع ۱۳ مہ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

تصحیح محمد نظام الدین میر منشی

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس } استفسار چند امور نسبت ترتیب
خدمت دوم تعلقدار صاحب مستقر اندول ضلع میدک۔ } عام تختہ مردم شماری

بجواب مراسلہ نشان (۸۱) واقع ۵ مہ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف مقدمہ صدر نگارش ہے کہ آپ کے ہر سوال کا جواب فقرات ذیل مین دیا جاتا ہے۔

ف ۱ خانہ (۹) عام تختہ مثالیہ کے معظم پیشہ مین منشی جو لکھا ہے وہ معین پیشہ ہے نہ کہ عام پیشہ دستور العمل مین لفظ (لکھنا) لکھنے سے جو ممانعت کی گئی ہے وہ ٹھیک ہے جو بجائے لفظ (لکھنا) لکھنے کے خانہ مذکور مین لفظ منشی لکھا جائے۔ چونکہ ہر لکھنے والے سے مراد لکھنے ہر گذر کرنے والا نہین لیجا سکتی۔ بلکہ لفظ منشی سے وہ مراد لیجا سکتی ہے۔

ف ۲ خانہ (۱۴) مین حسب ہدایت نامہ بیشک صراحت کرنی چاہیئے کہ لکھنا اور پڑھنا دونون جانتا ہے یا نہین مگر صرف خواندہ یا ناخواندہ کی صراحت نمونہ مثالیہ مین جو کی گئی ہے اوس سے وہی مراد ہے سمجھنی چاہیئے جو اوپر ذکر کیا گیا۔ ترتیب تختہ کے وقت بے شک حسب رائے آپ کے جس زبان مین جو شخص لکھنا اور پڑھنا جانتا ہے

اس کا انتظام بخوبی کیا جائے۔ ہمنے تار ماسٹر کے نام کی چٹھی بھی لکھکر منسلک کی ہے تاکہ کارکن مذکور اوس کو پہونچا دے اور وہ حسبہ تار کر دے گا۔ یہہ صفحہ اس لئے ہے کہ بعض اضلاع مین شاید بسبب لاعلمی زبان انگریزی کے لکھنے مین دقت ہو۔ اور تار بھی ارجنٹ یعنی ضروری دینا چاہیئے۔ اسکا صرفہ صادر سے دیا جائے اور رسید اوسکی یہان بھیجدینے پر صیغۂ مردم شماری سے اوس کی رقم مجرا دیجائیگی فقط

شرحدستخط

مرزا مہدی خان

ناظم مردم شماری ملک سرکار عالی

اندرونی انتظام ایسا کرین کہ وقت پر قریب ترین اسٹیشن پر نتایج پہونچ سکین کہ وہان سے بذریعۂ تار صاحب کمشنر کو کلکتہ مین اور ہمکو حیدرآباد مین اونکی اطلاع ساتوین مارچ م (۳) اروی بہشت تک پہونچ سکے ۔ مثلاً ۔

ضلع ورنگل مین اسٹیشن قاضی پیٹہ سے

نلگنڈہ مین ۔	بہونگیر سے	ضلع نلدرگ مین ۔ شولاپور سے
محبوب نگر مین ۔	سیدآباد سے	۔گلبرگہ مین گلبرگہ سے
۔میدک مین ۔	شنکرپلی سے	۔رایچور مین اسٹیشن رایچور سے
۔اندور مین ۔	اندور سے	۔لنگسگور مین اسٹیشن یادگیر یا رایچور سے
۔ناندیڑ مین ۔	ناندیڑ سے	۔بیدر مین ۔ دھارور سے
۔پربھنی مین ۔	پربھنی سے	۔اطراف بلدہ مین ۔ حیدرآباد سے
۔اورنگ آباد مین	اورنگ آباد سے	۔ایلگندل مین ۔ قاضی پیٹہ سے
۔بیڑ مین ۔	احمدنگر یا پارسی سے	۔عملداری سرپور ماندور مین ۔ اسٹیشن ورورا سے

جن اضلاع کے مستقر اسٹیشن کے قریب واقع ہین تو وہان سے نتایج کا بہیجنا بالکل آسان ہے لیکن جہان کہ مستقر ضلع اسٹیشن سے فاصلہ پر ہے تو اسٹیشن کے قریب ترین تحصیلدار کے پاس نتایج کو بہیجا جاے کہ وہ تار ادس قریب کے اسٹیشن سے دلوادے سکین یا اپنے یا تحصیل کے دفتر کے کسی کارکن کو قبل از وقت اسٹیشن کو بہیجدین تاکہ بمجرد وصول نتیجہ وہ الفاظ مین تار کرادے ۔

تک پہونچ سکین جہان سے اصلی تعداد بعد ختم مردم شماری اخیر پہونچ سکتی ہے تو
وہان کی میزانین تو وہی ہونی چاہئے جو اصلی اور حقیقی مردم شماری پر سے
شب اخیر کے بعد حاصل ہوئی ہین لیکن دور دست مقامات کے لئے جہان ایک
ہفتہ یا دس یوم قبل مردم شماری اخیر کے بھی میزانون کا ہمدست ہونا ممکن
نہ ہو تو چھٹے خلاصہ جات سادہ پر مردم شماری ابتدائی اور اوس کی تنقیح
ختم ہونے پر ان خلاصہ جات کی خانہ پری کرکے تنقیح کنندون کی معرفت ناظرون کے
پاس اور ناظرون کے پاس سے تعلقہ کے دفتر پر تحصیلدار کے پاس پہونچا دئے
جائین تاکہ وہ بعد ختم مردم شماری اخیر اپنے تعلقہ کا گوشوارہ تیار کرتے وقت
ان دور دست مقامات کے میزانون کو شریک کرکے تختہ ضلع کو بھیجدین اور
اگر بعض تحصیلات بھی ایسے دور ہون تو وہان سے بذریعہ ٹپہ گھونگرو مستقر ضلع کو
نتایج بھیجنے کا انتظام کیا جائے۔ بہرحال مثل گذشتہ کے نہونا چاہئے کہ ہماری
میزان مُعجل کے بھیجنے مین بڑی تعویق ہوی اس کا منصوبہ ایسا ٹھیرایا جائے کہ ہر
ضلع سے میزانین کسی تار آفیس تک ساتوین مارچ مطابق (۳۵) اردی بہشت کو پہونچ
سکین۔

ہم یہان سے صرف اضلاع کے نتایج کے بھیجنے کی تجویز بتلا سکتے ہین لیکن
اضلاع کے اندرونی انتظام تعلقدار صاحبون اور تحصیلدارون کی تیزی و
حدت ذہن و مشکلات کے حل کرنے کی قابلیت پر چھوڑ دئے جاتے ہین کہ وہ آپ

ہوئی ہے مفوضات و حلقہ جات کے سلسلہ کے مطابق سی کر اس دفتر کو روانہ کردین۔

ف۱۳۔ دو دست مقامات کے لئے ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ اگر کل ملک سے ساتوین مارچ کے یعنے (۳) اردی بہشت تک یہہ میزانہائے معجل کلکتہ کو صاحب کمشنر مردم شماری ہند پاس پہونچ جائین (اور ان کو اوس تاریخ تک وہان پہونچانے مین ہر طرح کی کوشش کرنی چاہیئے) تو نتایج کل ہندوستان کے ۱۱۔ اپریل مطابق (۷) اردی بہشت تک شایع کردیے جائین گے اس لئے ہمارے تعلقدار صاحبون اور تحصیلدارون کو چاہیئے کہ کوشش بلیغ اس امر مین کرین کہ ہماری سرکار کے نتایج بھی بروقت پہونچ جائین اور ہمارا ملک دوسرے ملکون سے کسی طرح سے اس امر مین پیچھے نرہے۔

ف۱۴ چونکہ میزان معجل کے لئے یہہ حکم دیا گیا ہے کہ جب کسی رقبہ متعلقہ سے بوجہ فاصلہ دراز ہونے کے اصلی تعداد مردم شماری کی نہ آسکے تو اخیر مردم شماری کے ایک ہفتہ یا دس یوم قبل ان چھٹے سادہ خلاصہ جات شمار کنندگان پہ میزان لگاکر تنقیح کنندہ حلقہ کے پاس خلاصہ جات شمار کنندگان ایسے وقت مین بھیجے جائین کہ تنقیح کنندے اون کو مرتب کرکے مستقر تعلقہ کو ایسے وقت روانہ کرسکین کہ تحصیلدار اپنے تعلقہ کا گوشوارہ جو شامل چند مفوضات کے گوشوارون کا ہوگا۔ وقت پر مرتب و مستقر ضلع کو روانہ کرسکین تاکہ ضلع سے صاحب کمشنر ہند کے پاس کلکتہ اور ناظم مردم شماری کے پاس بلدہ حیدرآباد کو ساتوین مارچ (۳) اردی بہشت

ہین یا نہین - اگر کوئی سمستان ضلع مین ہو تو اوس کو بھی مثل تعلقہ کے خیال کیا جائے جیسا کہ ضلع رایچور مین سمستان گدوال وغیرہ یا محبوب نگر مین گوپال پیٹہ وامرچنتہ وغیرہ

ف ۱۱ گوشوارہ جات ضلع کے اجزا | عہدہ دار موصوف کو جسکے ذمہ ضلع کے گوشوارہ کی ترتیب کی گئی ہے چاہیئے کہ اپنے ضلع کے گوشوارہ مین سمستانون کے گوشوارہ جات کو بھی شامل کرلے جیسا کہ دفعہ (۱) مین بیان ہوا ہے اور کارپردازان سمستان کو بھی لازم ہے کہ حسب دفعات مندرجۂ گشتی ہذا عمل پیرا رہین -

ف ۱۲ ضلع کے میزانون کی رپورٹ | جبکہ ضلع کے کُل گوشوارجات وخلاصہ جات کی تنقیح حسب بالا ہوکر گوشوارہ مین میزانین درج کردی جائین اوس وقت ضلع کے میزانون کی جانچ دوکارکنون سے علیحدہ طور پر کرائی جائے اور بعد اطمینان صحت اس کے نتیجہ سے حسب ذیل بذریعہ تار الفاظ مین کمشنر صاحب مردم شماری ہند (سنسس کمشنر فار انڈیا) کو کلکتہ مین اور ناظم مردم شماری کو بلدۂ حیدرآباد مین اطلاع دیجائے -

مکانات ..... مرد ..... عورت ..... جملہ .....

الفاظ مین لکھنے سے مطلب یہہ ہے کہ ہندسہ نہ لکھی جائین مثلاً (۲۲۵۷۵) اگر تعداد ہے تو ہندسون مین نہ لکھین بلکہ {دو لاکھ پچیس ہزار سات سو ستاون} لکھین اور کل اعداد کو مکانات ومرد وعورت وجملہ کے الفاظ مین لکھین اس کے بعد تعلقات وصفائیون وسمستانون کے خلاصہ جات کو اون خلاصہ جات حلقجات کے ساتھ جن پر سے انکی ترتیب

اس کام کے ختم ہونے تک مقیم رہے۔ اوس عہدہ دار ذمہ دار کو چاہئے کہ پیش از پیش ایک رجسٹر مثل اوسکے مرتب کرلے جسکا ذکر دفعہ (۶) مین ہوا ہے اور اوسمین اون تعلقات و پٹیات و صفائیون کے نام درج کرے جو اوس ضلع مین ہین لیکن اتنے تفاوت کے ساتھہ کہ اون کے عنوان مین بجائے مفوضات و حلقہ جات کے تعلقات و پٹیات و صفائی اور مفوضات لکھے جائین۔ ہمنے بغرض سہولت فہم نمونہ اسکا ذیل مین دیا ہے۔

گوشوارہ ضلع

نشان سلسلہ و نام تعلقہ	تعداد مفوضات	تعداد حلقجات ہر مفوضہ	تعداد مکانات مسکونہ ہر مفوضہ	جملہ مردم شماری ہر مفوضہ		
				مرد	عورت	جملہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
میزان						

جیسے جیسے ہر تعلقہ کے گوشوارہ جات آتے جائین اون کو دو کارکنون سے علیحدہ علیحدہ تنقیح کراکے فہرست حلقہ کے ساتھہ مقابلہ کرکے اس گوشوارہ مین درج کردین اور بہت احتیاط رکھین کہ کوئی مفوضہ یا حلقہ تنقیح و اشتراک سے رہ نگیا ہو اور حلجات کے خلاصجات سے بھی مقابلہ کرکے دیکھین کہ اونکی میزانین برابر لگائی جاکر درج کی گئی

ترتیب و تنقیح ہوئی ہے تاکہ تعلقدار صاحب ضلع کو بھی اطمینان حاصل کرنے کا موقع ملے۔

۹ خلاصجات شمار کنندگان کے متعلق کارروائی | رپورٹ مذکورۂ بالا کے بھیجنے کے بعد شمار کنندون کے خلاصہ جات کو حلقہ وار رسی دینا چاہیے اور حلقہ جات کے کاغذات مذکورہ کو مفوضہ وار بہ لحاظ نشان سلسلہ مرتب کرکے ہر تعلقہ کے کل مفوضات کے کاغذات کو بھی سلسلہ وار ایک جائے بستہ باندہ دیا جائے اور اس پر چٹھی لگا دیجائے اور صدر دفتر مردم شماری کو کتب مردم شماری کے ساتھہ روانہ کردیا جائے اگر کسی تعلقہ مین دو یا زیادہ مختلف زبانون مین کتب مردم شماری لگی ہون تو اون کے بستون کو علیحدہ باندہا جائے تاکہ دفتر انتخاب مین بہ لحاظ زبان اون کی تقسیم کی جاسکے۔

۱۰ گوشوارہ جات اضلاع | کمشنر صاحب مردم شماری کل ہندوستان نے ایما فرمایا ہے کہ ہر ضلع کے کسی گزیٹیڈ افسر کو خاص طور پر ضلع کا گوشوارہ مرتب کرنے کے لئے مقرر کیا جائے اور جو اوس کی صحت کا ذمہ دار سمجھا جائیگا اور جس کو اسکی تنقیح اپنی ذات سے کرنی لازم ہوگی۔ اوس عہدہ دار کا نام ضلع کے گوشوارہ کلکتہ مین شایع کرتے وقت اوسکے ساتھہ ہی شایع کیا جائے گا۔ لہذا تعلقدار صاحب یا تو اس کام کو اپنے ذمہ رکھین یا کسی افسر کو جس کا نام سیول لسٹ مین مندرج ہے اس کام کا ذمہ دار گردانین اور ایسے عہدہ دار کو لازم ہوگا کہ مستقر ضلع پر

تنقیح دو کارکنون سے جداگانہ طور پر کرائی جائے ۔ پہلے تو فہرست حلقہ کے ساتھہ مقابلہ کرکے دیکھا جائے کہ کوئی رقبہ تو اندراج سے چھوٹ نہین گیا ہے بعد شمار کنندون کے خلاصجات سے تاکہ معلوم ہوجائے کہ اون کی میزانین صحیح نکالکر شریک کیگئی ہین ۔

ف ۔ احتیاط ضروری | میزانون کی کامل صحت کی وقعت سے عہدہ داران ذمہ دار کو آگاہ کردینا لازم ہے سنہ ۱۳۰۰ف کی مردم شماری مین تین قسم کی غلطیان ظاہر ہوی تہین (ا) کامل حلقے یا رقبے درج ہی نہین کئے گئے تھے (ب) بعض جائے مکانات کی تعداد ہی بالکلیہ چھوٹ گئی تہین (ج) تنقیح کنندون ناظرون اور تحصیلدارون کی لگائی ہوئی میزانین بالکل غلط پائی گئی تہین ۔

ف تعلقدار صاحبون کے پاس رپورٹ کا پہونچنا | جب ہر حلقہ کے خلاصہ کی تنقیح ہولے اور اور اوسکی صحت پر اطمینان کرلیا جائے تب اوس کو تعلقہ یا صفائی کے گوشوارہ مین درج کردیا جائے جب کسی تعلقہ کے کل حلقہ جات کی میزانون کی تنقیح کرکے اون کو گوشوارہ تعلقہ یا صفائی مین درج کرلیا جائے تب اس گوشوارہ کو جلد ترین طریقہ سے تعلقدار ضلع کے پاس پہونچا دیا جائے یعنے بذریعہ گہونگرویا جوان مجرد یا سوار کے کیونکہ معمولی پٹہ کے ذریعہ سے بھیجنے مین شاید دیر و تعویق ہوجائے اور اس گوشوارہ تعلقہ کے ساتھہ کل خلاصجات تنقیح کنندگان یعنے حلقجات کے خلاصجات بھی بھیجدیے جائین جن سے ان گوشوارہ جات کی

کی ترتیب تفویض کیگئی ہے اونکو لازم ہے کہ پہلی مارچ یعنے ۲۸ فروردین سے اوس تاریخ تک اپنے مستقر پر ٹہیرے رہین جب تک کہ کل خلاصہ جات حلقہ جات مع خلاصہ جات رقبہ جات اون کے ہان وصول ہو جائین یعنے شمار کنندون اور تنقیح کنندون کے خلاصہ جات مناسب مدت قبل اسکے ان کو چاہیئے کہ ایک تختہ حسب ذیل کھینچکر تیار رکھین تاکہ بمجرد وصول نتایج کے اوسکی خانہ پری کر سکین۔

نمونہ گوشوارہ

ضلع تعلقہ یا صفائی

نشان مفوضہ	نشان حلقہ	تعداد رقبات ہر حلقہ	تعداد مکانات ہر حلقہ	جملہ تعداد مردم شماری ہر حلقہ		
				مرد	عورت	جملہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
میزان							

اس تختہ مین پیش از پیش فہرست ہائے حلقہ پر سے نشانات مفوضات وحلقجات کے جو ہر تعلقہ یا صفائی مین ہین درج کر دینے چاہیئے ہمکو ریل اور کنٹنجنٹ کی تعداد سے کوئی تعلق نہین صرف اونہی رقبات وحلقہ جات سے تعلق ہے جنکی مردم شماری ہماری سرکار کے عہدہ دارون کے طرف سے عمل مین آئے گی جیسے جیسے ہر حلقہ کے خلاصہ جات مع خلاصہ جات شمار کنندگان آتے جائین اونکی

کی جلد کے صفحہ (۳) پر دیا گیا ہے۔

ف۳ خلاصہ جات مذکور کے عنوان | جو کچھ ان خلاصہ جات کی پیشانی پر متعلق ضلع و تعلقہ و مفوضہ و حلقہ درج ہے اونکی خانہ پُری کر دی جائے۔

ف۴ خلاصہ تنقیح کنندگان | دستور العمل مین درج ہے کہ جب ہر خلاصہ شمار کنندہ کا کسی حلقہ مین بعد تنقیح صحیح پایا جائے تو اوسپر سے ایک خلاصہ حلقہ کا تیار کیا جائے۔ چونکہ خلاصہ جات شمار کنندگان کاکتابون کی جلد سے قطع کرنا مناسب نہین ہے اس لئے ہمنے علیحدہ چھپوا کر بھجوا دئے ہین تاکہ کتاب کے مطبوعہ خلاصہ پر سے اون کی نقل کرکے ناظر کے پاس بھجوانے کا انتظام کیا جائے اور جو خلاصہ مطبوعہ جلد کے تیسرے صفحہ پر ہے وہ بدستور قایم رکھا جائے۔

ف۵ جبکہ خلاصہ جات شمار کنندگان سب بعد تنقیح و تصحیح مرتب ہو جائین تو ان سبکو سلسلہ وار رقبون کے لحاظ سے سی دیا جائے اور ان کو خلاصۂ حلقہ کے ساتھ جلد ترین طریقہ سے ناظر یا تحصیلدار تک پہونچا دیا جائے جنکے متعلق تعلقہ کے گوشوارہ کی ترتیب رکھی گئی ہے۔ مین مناسب خیال کرتا ہون کہ تعلقدار و یا جہان اضلاع تحصیلدارون کو حکم مناسب دینگے کہ وہ اپنے اپنے تحصیلات کے خلاصہ جات و گوشوارہ جات کو صحت کے ساتھ بہت جلد مرتب کرکے اونکے پاس روانہ کر دین۔

ف۶ گوشوارہ جات تحصیل وصفائی | جن عہدہ دارون کو تعلقات یا صفا بیون کے گوشوارہ جات

مراسلہ دفتر ناظم مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی — واقع ۱۲ مہ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

نشان ۱۵۱۱

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی و معتمد صاحبان سمستانات
و جاگیردار صاحبان مستثنی و صفائی ہائے بلدہ چادر گھاٹ و کمانڈر صاحبان
افواج باقاعدہ سرکار عالی۔

میزان مُعجّل کی ترسیل کے بارے مین آپ صاحبون کو دستور العمل مردم شماری باب یازدہم مین ہدایت دی گئی تھی اب اوس کے پرچہ جات مطبوعہ آپ پاس بھیجے جا چکے ہین اپنے اپنے اضلاع کے تحصیلدارون کی معرفت اون کی تقسیم کرائی جائے۔ صاحب کمشنر مردم شماری ہند کی نظر مین اس میزان کے جلد پہونچنے کی ضرورت شدید معلوم ہوتی ہے اس لیئے حسب ذیل ہدایات دیے جاتے ہین۔

۲ خلاصہ شمار کنندگان | دستور العمل کے باب (۱۱) فقرہ (۳) مین بیان کیا گیا ہے کہ شمار کنندے ۲۹ مہ فروردین (۲) مارچ کو اپنے حلقہ کے تنقیح کنندہ کے ساتھہ کسی ایک معین اور مرکزی مقام پر ملین جو قبل از وقت ٹھہرا گیا ہے اور تنقیح کنندہ کے کمک کے ساتھہ خلاصہ شمار کنندگان کو تیار کرین جو کتاب مردم شماری

بین لکھکر تقسیم کرین یا تنقیح کنندون اور شمار کنندون سے بمواجہ اپنے لکھوالین تاکہ
کام کے شروع اور ختم اور آخر شب کی تاریخون سے شمار کنندہ و تنقیح کنندہ مطلع رہین اور کام
بین ہرج واقع نہ ہو فقط

شد حد سخط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۸ بہمن سنہ ۱۳ ف

نشان ۱۲۶۲

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع و معتمدین و جاگیردار صاحبان مستثنےٰ و سمستانات۔

طبع و تقسیم عام تختجات مردم شماری و فہرست رقبہ و جلد۔

دوم طریقہ عمل کے فقرات مین

اضلاع وغیرہ مین عام تختجات مردم شماری و فہرست رقبہ وقتاً فوقتاً روانہ ہوے اور ہو رہے ہین اور ان تختجات کی جلد بھی بزبانہائے مختلف روانہ ہوے اور ہو رہے ہین جلد کے بالائی ورق پر ہدایت نامہ شمار کنندگان طبع ہوا ہے اوس مین حسب تحریر مندرجہ حاشیہ تاریخین چھپنے سے رہگئی ہین جواب لکھی جاتی ہین پس آپ صاحبون سے امید کیجاتی ہے کہ جلد کے کاغذات جب تحصیل کو آپ کے ہان سے روانہ ہو کر وہان سے ناظرون اور تنقیح کنندون کو دئے جائینگے اوسوقت ساتھہ ہی ساتھہ دفتر تحصیل مین ان تاریخون کو ہدایت نامہ کی عبارت

فقرہ (۱) کے شروع مین ۱۲ اسفندار مردم شماری ابتدائی کے شروع کی تاریخ درج کیجاوے۔

فقرہ (۵) کے آخر مین مردم شماری ابتدائی کے ختم کی تاریخ ۳۰ اسفندار درج کیجاوے۔

فقرہ (۶) مین پہلی مارچ سنہ ۱۹۰۱ء درج ہے اوسکے مطابق تاریخ ۲۸ فروردی درج کیجاوے۔

صفحہ پر لکھے جائین اور جہان ان کی تعداد ختم ہوگی تو اوسکے بعد پھر ایک سطر خالی چھوڑکر
پھر دوسرے مکان کے نفوس کو لکھنا شروع کر دیا جائے البتہ اس آخر الذکر صورت
مین جب دوسرے صفحہ پر لکھنے کی نوبت آوے تو اوس دوسرے صفحہ کے پیشانی پر
عبارت تکملہ مکان نمبر (فلان) لکھدینا کافی ہوگا پس اس سے اپنے ماتحتین کو بخوبی
آگاہ کر دیجئے فقط۔

شرح دستخط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۶ مہر اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

نشان ۱۴۱۷

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس خدمت تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص و معتمدین جملہ جاگیردار صاحبان مستثنیٰ و ممتانات ملک سرکار عالی۔

مقدمہ

روبکار دفتر ہذا نشان ۶۸۵ مورخہ ۲۴ مہ سنہ ۱۳۱۰ ف کے ذریعہ سے جو ہدایت تقسیم کاغذات مردم شماری کے بارہ مین دیگئی ہے اوسمین تذکرہ کیا گیا ہے کہ "ہر ورق پر دو رخہ دو ہی مکان رکھے گئے ہین الخ" اس عبارت کی بنا پر جو استدراکات اضلاع سے ہو رہے ہین اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تقسیم کاغذات کی حسابی ہدایت کو حکم خانہ پری تخمینجات سمجھا گیا ہے اور پوچھا جاتا ہے کہ اگر کسی مکان مین صرف دو ہی نفوس ہون تو اونکے نام وغیرہ لکھنے کے بعد اوس صفحہ کو چھوڑ دیا جائے یا کیا وغیرہ اور نیز اگر کسی مکان مین اسقدر نفوس ہون کہ اونکے لکھنے کیلئے ورق مردم شماری کے ایک صفحہ کے رول کافی نہون تو کیا کرنا چاہیے اسلئے عام طور پر سمجھا دیا جاتا ہے کہ اگر کسی مکان مین نفوس کم ہون تو اونکو مسلسل درج کر لینے کے بعد ایک سطر خالی چھوڑ دیجائے بعد ازان پھر اوسی صفحہ پر دوسرے مکان کے نفوس لکھے جائین اور اسطرح جب بوجہ زیادتی نفوس کسی مکان کے ایک صفحہ کافی نہ ہو تو اونکے اسما اوسیطرح مسلسل دوسرے

(۳) اوتنے صفحہ فہرست رقبہ کے جتنے کے بحساب ہر ورق فہرست پچیس سے تیس تک ضرور ہون یا بحساب ہر صفحہ فہرست (۱۲) مکان۔

پس بمقابلہ فہرست حلقہ جو آپ کے پاس تیار ہوگی ہر ایک رقبہ کے لئے ایک جداگانہ کتاب بموجب فقرہ (۱۸) ضمن (ج) دستور العمل مردم شماری باب اول سلوائی جائے۔

واضح ہو کہ فہرست ہائے رقبہ اوراق مردم شماری کے آخر مین شامل کیئے جائینگے اور کتاب اس نہج پر سلوائی جائے گی کہ اگر تختجات خانگی جو کسی کو دیے گئے ہون واپس آجائین تو آسانی سے کتاب مین شریک کیے جا سکین۔ مثلاً اگر کسی ایسے رقبہ کی کتاب بنانا ہو جس مین پچیس مکان ہون تو اسکے لئے اٹھائیس ورق عام تختجات مردم شماری کے اور تین ورق فہرست رقبہ کے کافی ہو جائین گے امید ہے کہ انہین اصول پر بلحاظ احکام دستور العمل کتابین جلد سلوائی جائین گی۔ تاکہ اسفندار کے پہلے ہفتہ تک شمار کنندونکو تقسیم کر دیے جا سکین اور بموجب فقرہ نشان باب ۱ دوم (۱۲ اسفندار ماہ الہی سنہ ۱۳ ف سے) ابتدائے مردم شماری کا کام آغاز کر دیا جاوے لیکن بلدہ و شہر بین عبارت آخر فقرہ مذکور کے بموجب کام شروع ہوگا فقط۔

مرزا مہدیخان

ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۳ بہمن سنہ ۱۳۱۱ف

نشان ۱۱۷۰

منجانب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع و معتمد صاحبان سمستانات و جاگیرات مستثنیٰ و معتمد صاحبان صفائی چادرگھاٹ و بلدہ و افواج باقاعدہ سرکار عالی

آپ چونکہ کاغذات مندرجہ حاشیہ کی تقسیم کیجا چکی ہے اور کتابونکی سلوائی کا وقت آگیا ہے۔ اسلئے آپ صاحبون کو توجہ باب پنجم دستور العمل مردم شماری کے فقرہ (۴) کے جانب معطوف کرائی جاتی ہے اور بالاجمال یہان بھی تذکرہ کیا جاتا ہے۔

فقرہ نمبر (۱۸) باب اول دستور العمل مردم شماری کے بموجب ہر ایک کتاب مردم شماری شامل ہوگی۔

کاغذات مصرحہ ذیل کو۔

(۱) جلد (یعنے کاغذات بالائے و زیرین جسپر ہدایت نامہ شمار کنندگان درج ہے)

(۲) اوتنے صفحے کاغذات مردم شماری کے جتنے کہ مکان اوس رقبہ مین ہون۔ یا مکانات کی نصف اوراق مردم شماری۔

فہرست مکانات

عام تشخیصات مردم شماری

کاغذات بالائے (جلد)

فہرست حلقہ

فہرست رقبہ

کاغذات زیرین (جلد

مراسلہ دفتر معتمد مدارالمہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۴ اربہمن سنہ ۱۳ اف
۹۸۲
نشان

پیشی
مرزا امہدی جعفر
صیغہ دار

مقدمہ

منجانب مرزا امہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمات اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی و معتمد صاحبان صفائی
چادرگھاٹ و بلدہ و افواج و جاگیردار صاحبان مستثنےٰ و سمستانات

طلب تعداد خانگی تختجات مردم شماری

دستور العمل مردم شماری باب دہم کے فقرہ (۲) ضمن (۴) کے بموجب تختجات خانگی کی تعداد ابتک بھی نہین بتلائی گئی حالانکہ ہفتہ دوم بہمن ختم ہونے کو ہے پس آپ خیال فرمائے کہ کب آپکے علاقہ جات سے مطلوبہ آوے گا اور طبع کا انتظام کب کیا جاوے گا اور تقسیم کب عمل مین آوے گی اور آپ لوگ اوسکے بموجب تعمیل کب فرمائینگے ایسے ہی ضروریات کے لحاظ سے تو اس کام کی اہمیت دوسرے کامون پر تسلیم کی گئی ہے معلوم ہوتا ہے کہ احکام مندرجہ دستور العمل پر غور نہین کیا جاتا بہرحال اب جسقدر جلد ہوسکے بلحاظ زیادہ تعداد تختجات خانگی سے ایما فرمیئے تاخیر بالکل نامناسب ہے فقط

شرح دستخط

مرزا امہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

ف ۲ قصبہ مذکور کے بعض مکانات کے دو دروازہ ہین جس دروازہ سے آمدورفت نہین ہے اوس پر چلیپا دینا تھا نہین دیا گیا اور ایک مکان کے دو راستے ہین اور دو راستون سے دو خاندان کے لوگ آمدورفت کرتے ہین اوس مکان کے دوسرے دروازہ پر بھی اوسی کا ضمنی نمبر ڈالا گیا ہے حالانکہ نمبر علیحدہ ڈالنا چاہیئے تہا۔ خصوصاً جبکہ مکان کے لئے جس کا ایک دروازہ ایک کوچہ مین تہا اور دوسرا دوسرے کوچہ مین مگر چونکہ نمبرون کا سلسلہ دور تک چلکر ختم ہوگیا تھا اور علیحدہ نمبر ڈالنے کا موقع باقی نہ رہنے کے باعث حکم دے دیا گیا کہ دوسرے دروازہ پر (۱۵۱) لکھدیا جائے سوائے اسکے اکثر نمبرون پر چونہ ڈالدیا گیا ہے اور بعض نمبرین گوبر سے لیپکر مٹا دئے گئے ہین غرض یہہ تمام خرابیان اس وجہ سے ہوئین کہ عہدہ داران ذمہ دار نے اس کی تنقیح اپنی ذات سے نہین کی اور قانون مردم شماری سے عام لوگ واقف نہین کرائے گئے۔

ف ۳ میرے روبرو اس تعلقہ کے اکثر تنقیح کنندگان و شمارکنندگان حاضر ہوے اون سے چند ضروری ابواب انتظام مردم شماری کے متعلق پوچھے گئے تو وہ جواب نہ دیسکے اگر پہلے سے یہہ لوگ سمجھا دئے جاتے تو اونکو اونکے فرایض منصبی کا علم ہوجاتا پس جملہ عہدہ داران سرکار عالی سے امید ہے کہ جہان کہین امورات متذکرہ صدر کی اختلال ہون وہان اونکی اصلاح کردین فقط۔

شرح دستخط۔ مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری۔

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۲ بہمن سنہ ۱۳ ف
۹۶۲
نشان

صیغہ دار

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس خدمت جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و معتمدین جاگیردار صاحبان مستغنی و سمستانات ممالک محروسہ سرکار عالی۔ } تنقیح نمبر اندازی مکانات قصبہ بہونگیر تعلقہ مذکور ضلع نلگنڈہ صوبہ ورنگل

مین نے اپنے دورہ مین قصبہ بہونگیر تعلقہ مذکور کے مکانات کی نمبر اندازی کی تنقیح کی تو ظاہر ہوا کہ اس قصبہ کے مکانات کی تقسیم قرینہ سے نہین کی گئی اور نہ ہر رقبہ کے حدود طبعی مثل راستہ یا کوچہ نافذہ یا سڑک کو خط فاصل سمجھکر محدود کیا گیا ہے اور نہ امتیاز حدود کی غرض سے کوئی نقشہ مرتب کیا گیا اور نہ جہان راستہ کا نفاذ اور نمبرون کے سلسلہ کا امتیاز بوجہ پیچیدگی راستہ کے ہوتا تہا وہان علامت تیر بنا دیکر اوس رہنمونی کی گئی ہے جن کے سبب سے احتمال ہے کہ اگر شب اخیر مردم شماری کو کوئی نیا شمار کنندہ یا تنقیح کنندہ مقابلہ یا تنقیح کرے گا تو امتیازات مقامی کے لحاظات سے اس کو حدود جلد معلوم نہونگے پس حکم دیا جاتا ہے کہ ایسے پیچیدہ گذرگاہون مین علامات تیر بنا دیکر اوس کے رخ سے رہنمونی کر دینے کے لئے عملہ ماتحت کو ہدایات کافی دیئے جائین۔

دروازہ پر (۱/۵) نمبر دیگر ضمنی مکانات کے دروازون پر حسب نقشہ بالا بطور کسر کے ضمنی نمبرین سمہ اصلی نمبرون کے دیئے جائینگے مثلاً ۱/۱ ۱/۲ ۱/۳ ۱/۴ ۱/۵ علی ہذا مکانات نمبر (۵) و (۶) و (۹) و (۱۰) کے ہر دروازہ بیرونی پر ۵/۳ و ۶/۲ و ۹/۳ و ۱۰/۲ لکھکر ہر اندرونی نمبر کے ساتھہ حسب تصریح نقشہ ضمنی نمبرون کا سلسلہ بتایا جائے۔ افسوس ہے کہ بعض تحصیلدارون نے بجائے نشان سلسلہ کے خانہ (۴) بین تعداد اوس مکان کے ساکنین کی لکھی ہے حالانکہ خانہ (۲ و ۴) کے عنوان ایک ہی ہین یعنے نشان سلسلہ اور خانہ (۲) بین تو برابر سمجھے لیکن خانہ (۴) بین یہہ غلطی کی ہے۔ امید ہے کہ اب اونکو اس گشتی سے متنبہ ہوجاے گا اور تعلقدار صاحبان و تحصیلداران اضلاع بھی اس امر سے ناظرون و تنقیح کنندون اور شمارکنندون کو آگاہ کردینگے فقط

شرح دستخط

مرزا مہدیخان

ناظم مردم شمار

گو یہہ سب درحقیقت (۱۰) مکان ہین لیکن اغراض مردم شماری کے لئے (۲۰) مکان سمجھے جاتے ہین چنانچہ ان مین (۲۰) خاندان کے لوگ رہتے ہین جس کی تصریح خانہ (۴) سے ہوتی ہے اور خانہ (۴) مین محض خاندان کی تعداد کا سلسلہ رہے گا نہ کہ نفوس کی تعداد کا سلسلہ۔ پس خانہ (۲) مین صرف مکانون کے نمبر مسلسل معہ ضمنی نمبرون کے حسب تصریح مندرجہ نقشہ بالا لکھنا ہوگا اور بوجہ ضمنی نمبرون کے اصلی نمبر ہر ضمنی نمبر کے ساتھہ جسقدر ضمنی نمبر ہون بطور کسر کے لکھے جائینگے اور خانہ (۴) سے صرف خاندان کی تعداد کا اظہار ہوتا ہے اوس مین مسلسل نمبرین لکھنے ہونگے اور آخر پر جو میزان دیگئی ہے اوس سے صاف ظاہر ہے کہ ان دس (۱۰) مکانون مین (۲۰) خاندان کے لوگ سکونت رکھتے ہین مگر مردم شماری کے لحاظ سے یہہ دس مکان نہین سمجھے جائینگے بلکہ اپنے ضمنی حصون کے ساتھہ وہ بھی بیس ہی مکان شمار ہون گے۔

ف ۲ گو فہرست مکانات کی ترتیب کا زمانہ گذر گیا ہے مگر یہہ ہدایت ترتیب فہرست مکانات کے لئے جہان جاری ہے اور ترتیب فہرست رقبہ کے لئے بھی کار آمد ہوسکتی ہین جس کی ترتیب ہونی باقی ہے۔ کیونکہ فہرست مکانات اور فہرست رقبہ کے قانون مین کوئی فرق نہین یعنے فہرست مکانات سے ہر موضع کے کل مکانات ظاہر ہوتے ہین اور فہرست رقبہ سے اسی موضع کے حصون کے مکانات ظاہر ہون گے ملاحظہ ہو دستور العمل کے باب اول کے فقرات ۱۶ و ۲۱ جن مین اس کی تشریح کردیگئی ہے۔

ف ۳ واضح ہو کہ مکان نمبر (۱) مین جب (۵) ضمنی مکانات ہین تو اس مکان کے باہر کے

کہ خانہ (۲) مین نمبر سلسلہ مکانات
مع ضمنی نمبرون کے لکھا جائے گا
مثلاً مکان نمبر (۱) مین (۵) خاندان
کے لوگ علیحدہ علیحدہ رہتے ہین
تو تعداد خاندان کی ظاہر کرنیکی
غرض سے ضمنی نمبرون کا بطور کسر
کے لکھنا لازم ہے گویا ہر ضمنی
نمبر کا عدد ایک ایک خاندان
کے مسکن کو ظاہر کرتا ہے۔ اور
نمبر (۲) و (۳) و (۴) کے مکانات
مین گویا ایک ایک ہی خاندان
کا مسکن ہے اور یہان ضمنی نمبرین
نہین ہین۔ اور مکان نمبر (۵) مین
(۳) خاندان رہتے ہین اور مکان
نمبر (۶) مین (۲) خاندان۔ اور نمبر
(۷ و ۸) مین ایک ایک ہی خاندان

	۳	سکونتی مکان	۷	پاپیا	
	۴	〃	۸	رام راؤ	
	۵/۱	〃	۹	بہیم راؤ	
	۵/۲	〃	۱۰	شام راؤ	
	۵/۳	〃	۱۱	شنکر راؤ	
	۶/۱	〃	۱۲	رام چندر راؤ	
	۶/۲	〃	۱۳	کنڈل راؤ	
	۷	〃	۱۴	پرمیا	
	۸	〃	۱۵	رامیا	
	۹/۱	〃	۱۶	حیدر صاحب	
	۹/۲	〃	۱۷	چندہ صاحب	
	۹/۳	〃	۱۸	محمد علی	
	۱۰/۱	〃	۱۹	صاحب علی	
	۱۰/۲	〃	۲۰	روشن علی	
میزان	۱۰	۰	۲۰	۰	

ہے اور نمبر (۹) مین تین خاندان اور نمبر (۱۰) مین (۲) خاندان کے لوگ رہتے ہین۔

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۹ ردے ۱۳۱۰ف
نشان ۷۶۹

تنقیح
سید ضیاء الحسن
شیرستہ دار

مقدمہ

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و معتمدین و جاگیردار صاحبان مستثنیٰ و جملہ علاقجات جمعیت باقاعدہ و صفائی بلدہ و چادرگھاٹ

ہدایت تحریر فہرست مکانات و تصریح خاندان

فہرست مندرجہ عنوان کی ترتیب اور تحریر کے متعلق اکثر اضلاع اور سمستانات و دیگر علاقہ جات کے متعدد تحریرات میری نظر سے گزرین جس سے ظاہر ہوا کہ اوسکی ترتیب مین غلط فہمی ہو رہی ہے اس لئے فہرست مذکور کی ترتیب کی صحت کی غرض سے ایک فرضی نقشہ حاشیہ مراسلہ ہذا مین کھینچا گیا ہے اس کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگا

نقشۂ فہرست مکانات۔

بلدہ یا قصبہ یا تعلقہ یا پرگنہ یا خاص یا علاقہ	مکانات		ہر مکان کے خاندان		کیفیت
	نشان سلسلہ	نوعیت مکان یعنی پختہ یا کچا مکان یا دوکان یا سرائے یا مسجد یا دیوری وغیرہ	نشان سلسلہ	ہر خاندان کے سربراہ کا نام	
موضع ابراہیم پور		سکونتی مکان			
	۱/۱		۱	رامنا	
	۱/۲		۲	بھیمنا	
	۱/۳		۳	سانیا	
	۱/۴			شانیا	
	۱/۵			پوچنا	
	۲			پوچیکا	

شمارکنندون کو دو ورق امتحانی مردم شماری کرنے کے جو دینے ہونگے وہ اور نیز کچھ تختجات خراب ہونے کے اندیشہ سے بطور احتیاطی زیادہ رکھے ہین جو اس تیس ۳۰ فی صدی مین شامل ہین۔

۲ فہرست رقبہ مین ہر ورق کے دونون رخپر ۳۰ مکان لکھے جائینگے اون کی تقسیم بھی اسی حساب سے تعلقات کے رقبون پر کرنی چاہیئے یعنے مکانات کی تعداد پر جیسا کہ اوپر تیس فی صدی کا اضافہ کیا گیا اور دس ہزار کے تیرہ ہزار ہوے تو ان تیرہ ہزار مکانات کو تیس پر تقسیم کرنے سے تعداد اوراق فہرست رقبہ کی حاصل ہوگی یعنے $\frac{۱۳۰۰۰}{۳۰}$ ۴۳۳ ورق فہرست رقبہ کے۔ پس اسی طریقہ سے آپ حساب کرکے تعلقات کو تقسیم تختجات مردم شماری و فہرست رقبہ مرسلہ کی کردیجئے واضح ہو کہ یہان ان کاغذات کا شمار مطبع مین ہوا ہے اور دفتر ہذا نے مطبع کے ہی اعتبار پر کاغذات مذکورہ آپکے ہان روانہ کرنے حکم دیدیا ہے۔ پس اصلی تعداد بعد شمار صحیح کے ہر ضلع سے آنی چاہیے تاکہ مطبع والون کے حساب سے مقابلہ کرکے اون کی رقم کا تصفیہ کیا جائے۔

امید ہے کہ بہت جلد ان امور کا لحاظ کرکے تصفیہ فرمایا جائے گا فقط

مرزا مہدی خان

ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۴ ردے سنہ ۱۳۱۰ ف
نشان ۶۸۵

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و معمد و گار معتمد فینانس
خدمت جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص و معتمدین جملہ
جاگیرداران صاحبان مستثنیٰ۔

مقدمہ
تقسیم عام تخمجات مردم شماری
و فہرست رقبہ۔

عام تخمجات مردم شماری اور فہرست رقبات جو بھیجدئے گئے ہین اور بھیجے جا رہے ہین اونکو تقسیم تعلقات کو اس طور پر کیجائے کہ مثلاً کسی تعلقہ مین از روئے فہرست مواضعات و مزرعہ جات کے دس ہزار مکان ہین اوس پر فی صد تیس مکان اضافہ کرین تو دس ہزار مکان کے لئے تین ہزار کا اضافہ ہوتا ہے اور اس کا مجموعہ (تیرہ ہزار) ہوتا ہے۔ گویا دس ہزار مکانون کے بشمول اضافہ کے تیرا ہزار مکان ہوے اور تیرہ ہزار مکانون کے لیئے تیراہی ہزار صفحات یعنے ساڑھے چھ ہزار ورق عام تخمجات مردم شماری بھیجدینے چاہئین۔ اس تقسیم سے مفہوم ہوسکتا ہے کہ تختہ مذکور کے ہر ورق پر دو رخہ دو ہی مکان رکھے گئے ہین۔ اور تین ہزار کا اضافہ اس غرض سے کیا گیا ہے کہ حقیقی خانہ شماری ہوجانے کے بعد بشمول ضمنی نمبرون کے بہ نسبت تعداد مندرجہ فہرست مواضعات کے حقیقی تعداد مکانات مین ضرور اضافہ ہوگا اور حسب دستور العمل مردم شماری باب دہم فی رقبہ

اور مفوضات اور مکانات کی ہمکو معلوم ہوگی اور اسی تعداد پر سے ہم کتب مردم شماری
اور اوراق اور جلد اور ہدایت نامجات و فہرست رقبات بعد طبع روانہ کرنیکا انتظام
کرینگے فقط۔

مرزا مہدیخان۔

ناظم مردم شماری۔

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالے علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۱ مرد سنہ ۱۳ف
۵۸۹
نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ومدد گار معتمد فینانس

خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی وصرفخاص ومعتمد صاحبان جاگیرداران مستثنیٰ و علاوجات جمعیت باقاعدہ وسمستانات ملک سرکار عالے

مقدمہ

طلب خلاصہ فہرست مکانات وفہرست حلقہ جات۔

بسلسلۂ مراسلہ دفتر ہذا نشان ۱۰۳ واقع ۱۰ امرآذر سنہ ۱۳۱۰ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ مراسلہ مذکور کے ساتھ جو نمونہ بھیجدیا گیا ہے بوجہ اس کے کہ اب نمبر اندازی مکانات کی ختم ہوگئی ہے اور تعلقات مین ترتیب فہرست مکانات کا کام تمام ہوگیا ہوگا اوس نمونہ کے مطابق تعلقہ وار تختہ مرتب کرکے ہر ہر تعلقہ سے راست اس دفتر پر فوراً روانہ ہونے کا انتظام کیا جائے۔

ف ۲ مین امید کرتا ہون کہ جملہ تحصیلدار صاحبان تعلقات اور عہدہ داران مقامی اس تختہ کے بھیجنے مین جس قدر عجلت لازمی ہو اور ترتیب مین صحت کافی درکار ہو اوس مین کمی جائز نہ سمجھین گے اور فی الوقت اس تختہ کے آجانے سے حقیقی تعداد رقبات اور حلقجات

غلط نامہ متعلق باب ہفتم

صفحہ	سطر	جو غلط ہے	الفاظ درست طلب	
۱	۲	۳	۴	۵
۸۸	۹	x	ٹھہرائی گئی تھی	(صوبہ بنگالہ میں) اس عبارت کے بعد عبارت خانہ مندرجہ (۴) درج ہونا چاہئے۔
۹۰	۹	دروازہ	فاصلہ	تعریف مکان سنہ ۱۹۱۰ء کے متعلق۔
۹۳	۱۰	x	اور	(شہروں میں) اس عبارت کے بعد عبارت مندرجہ (خانہ ۴) بڑھا دیجائے۔
۹۶	۱		مکان	یا سہواً ایک) اس عبارت کے بعد عبارت مندرجہ خانہ (۴) بڑھا دیجاوے۔
〃	۱	لئے	نئے	(اوس) اس عبارت کے بعد عبارت مندرجہ خانہ (۴) بڑھا دیجاوے۔
۹۸	۳	سے	کے	(ملاحظات) اس عبارت کے بعد اسیطرح تصحیح کر لیجائے۔
۹۸	۱۱	کی گئی ہو	نہ کی گئی ہو	درست کیا جائے۔
۹۹	۵	یہہ	x	(قابل لحاظ) اس عبارت کے بعد لفظ یہہ نکالدیا جاوے

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ قانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۵ اردی بہشت ۱۳۱۰ف
نمبر ۳۱۰۵

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد قانس
بخدمات جملہ عہدہ داران صاحبان دفاتر سرکار عالی واقع بلدہ حیدرآباد
مقصد انتظام مردم شماری ملک سرکار عالی

چونکہ اب مردم شماری اخیر کا زمانہ قریب آرہا ہے اور اوس شب اخیر کو جسقدر تنقیحی کام کرنا ہے وہ موجودہ عملہ مردم شماری ناممکن۔ اسلئے مردم شماری گذشتہ کے بموجب عمال و دفاتر سرکار عالی سے خصوص اوس ایک شب کے تنقیحی کام کے لئے امداد لینے کی غرض سے امید کرتا ہون کہ جملہ عہدہ داران سرکار عالی اپنے اپنے دفاتر اور اپنی ماتحتی

جملہ دفاتر کے عملون کی ایک فہرست مطابق سیولسٹ مطبوعہ ہر ہر علاقہ اور صیغہ اور سررشتہ کی علیحدہ علیحدہ حسب نمونہ ذیل مرتب کرکے بہت جلد اسدفتر پر بھیجدینے کا انتظام فرمائینگے چونکہ یہہ کام ایک شاہی کام ہے اور اس کام مین کل دفاتر ممالک محروسہ سے امداد لینی کیلئے سرکار عالی کے عام احکام صادر ہوئے ہین لہذا بہت جلد فہرست مطلوبہ روانہ فرمائیگا۔

و۲ سنتے ہذا خدمت جناب معتمد صاحب پیشی اعلی حضرت بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی علاقہ

صرفخاص مرسل و نگارش ہے کہ کل دفاتر بلدہ علاقہ صرفخاص کے عملونکی فہرست بہت جلد روانہ فرمائیگا فقط

شرحد دستخط میرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری


فہرست اسامی عملۂ دفتر علاقہ

نشان سلسلہ	نام عملہ دفتر	نام و عہدہ	سکونت حال	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

تحجات اسد فتر پر بھیجنے ہین البتہ حسب تصریح بالا ختم نمبراندازی کے ساتھ ہی فہرست
مکانات وفہرست حلقجات مرتب کرکے دفتر متعلقہ مین رکھی جاے اور فوراً فہرست
حلقہ کے خانہ ہاے ۳ و ۴ کی تعداد سے اسد فتر کو اطلاع دیجاے جسکے متعلق اسد فتر سے
حسب صراحت متذکرۂ صدر روانگی کاغذات کا انتظام کیا جاسکے۔ یہہ اطلاع عام طور پر
اس غرض سے دیجاتی ہے کہ کہین عمال تحت ختم نمبراندازی کے ساتھ ہی ترتیب و ترسیل
تحجات کے خیال مین اصل منشا سے بے خبر رہ جائین اور توسیع مدت ختم
نمبراندازی کے لئے غیر ضروری درخواستین بھیجین فقط

دستخط میرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۰ ف
۴۷۳
نشان



منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

مقصد

ختم نمبر اندازی مکانات شہری کے تکمیل تہی فہرست حلقہ کی تیاری کیلئے اور اوسکے خانہ ہای (۳ و ۴) کی پیرائون سے اسد دفتر کو فوراً اطلاع دینے کے لئے

خدمات جملہ تعلقہ ارصاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص و معتمدین جاگیر اصاحبان ستثنے
و علاقجات فوج باقاعدہ سرکار عالی و صفائی نابلدہ و چادر گہاٹ۔

ازروی مراسلہ دفتر ہذا نشان ۱۰۳ واقع ۱۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۰ ف آپ صاحبون پر ظاہر ہوچکا ہے کہ جب نمبر اندازی کا کام ختم ہوے اور فہرست مکانات مواضعات تیار ہوجائے فہرست حلقہ مرتب کیجاے۔ اور فہرست حلقہ جسکا نمونہ صفحہ نمبر (۹۸) باب ہفتم دستور العمل مردم شماری پر دیا گیا ہے تیار ہوتے ہی فوراً اوسکے خانہاے (۳) و (۴) کی پیرائون سے اسد دفتر کو اطلاع دینی چاہیے جس سے تعداد رقبات و حلقہ جات و مفوضات و مکانات معلوم ہوسکے تاکہ اس تعداد پر سے کتب مردم شماری کے اوراق اور جلد اور ہدایت نامجات و فہرست رقبات کی صحیح تعداد مشخص کرکے آپکی خدمات مین بھیجنے کا انتظام کیا جاسکے۔

۲ ختم نمبر اندازی کے لئے فحص بغرض تسہیل کار حال مین توسیع مدت ۵ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۰ ف تک جو کی گئی تھی اوسکی نسبت بعض تحصیلدار صاحبون نے لکھا ہے کہ اس مدت کے اندر تخمینات مرتب کرکے روانہ دفتر مردم شماری کرنا دشوار اور محال ہے۔ حالانکہ نہ اسوقت توسیع شدہ مدت مین اور توسیع کرنیکی ضرورت ہے اور نہ ختم نمبر اندازی کے ساتھ ہی کوئی

نواب سالار جنگ بہادر مرسل ہے۔

ف۳ مثلث بدفتر سمستان جٹپول و نیرتی و گوپال پیٹہ
و اناگندی امرچنتہ و راجہ پیٹہ و گرگنڈہ تعمیلاً مرسل ہے
و لگارش کہ حسب تشریح فقرہ اولی حسب نمونہ ذیل
تختہ جات فوراً روانہ کردئے جائیں۔

ف۴ مربع تعلقدار صاحبان اضلاع محبوب نگر۔ نلگنڈہ۔
لنگسگور۔ رائچور کیخدمتمیں بھیجکر لگارش ہے کہ سمستانہا
اضلاع متعلقہ کے پاس سے جواب جلد اجانیکی کوشش فرمائیے فقط

نواب حسام الملک خانخانان بہادر
شرح دستخط مرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری

نشان سلسلہ	نام ضلع و تعلقہ	تعداد کنبہ	تفصیل زبان تخمجات				کیفیت
			مرہٹی	تلنگی	اردو	کنڑی	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع یکم دی سنہ ۱۳۱۱ف
۲۳۳
نشان

اشد ضروری

سنجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمات معتمدین جاگیردار صاحبان مندرجہ حاشیہ

مقصد
طبع و ترسیل تختہ جات مردم شماری بزبانہائے ملکی

آپ صاحبون سے بذریعہ مراسلہ نشان ۲۰۲۰ واقع ۳ مہر سنہ ۱۳۰۹ف
طبع تختجات مردم شماری بزبانہائے ملکی کی نسبت یہہ کیفیت
دریافت کیگئی تھی کہ آپکے علاقجات کیلئے کون کون سے
زبان مین کسقدر تختجات بھیجے جائین اوسکی تفصیل سے
اطلاع دیجائے اوسکے جواب مین جو مراسلات وصول ہوئے اونکے
ملاحظہ سے کیفیت مستفسرہ کا جواب کامل وصول نہونیسے
تختجات طبع شدہ آپ صاحبونکے پاس بھیجدینے
مین تامل ہے لہذا بفور وصول مراسلہ ہذا اپنے علاقہ
سے ایک ایک اہل کار مع ایک تختہ حسب نمونہ دیل
اس محکمہ مین بھیجدیجئے تا بعد وصول تختہ تقسیم تختجات
طبع شدہ کی کیجائے۔

ف۲ منجانب ہذا تعمیلاً خدمت ناظم صاحب اسٹیٹ

نواب اسکندر سریر آسمانجاہ مرحوم
شمس الامرا امیر نواب سرور رشید جاہ بہادر
نواب معتصم جنگ بہادر نگرانکار علاقہ جاگیر فرزند ارجمند نواب سالار جنگ مرحوم
نواب قیام جنگ غضنفر الدولہ بہادر
حضرت واحد النسا بیگم صاحبہ قبلہ
راجہ اجایب رائے بہادر راجہ کشن پرشاد بہادر پیشکار سرکار عالی
راجہ رے رایان بہادر امانت دولت
نواب سید عبد العلیخان بہادر خلف نواب شیر جنگ مرحوم
نواب فخر الملک بہادر
نواب میر نثار حسین خان بہادر
نواب شہاب جنگ مختار الدولہ افتخار الملک بہادر
نواب سید محمد علیخان بہادر خلف نواب مہدی یار جنگ مرحوم

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۲ آذر ۱۳۱۰ف

مرسلہ نشان (۲۵۱)

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

خدمت جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص معتمدین جملہ جاگیردار صاحبان مستثنے و سمستانات ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ اختتام نمبر اندازی مکانات تا ۱۵ اردی بہشت ۱۳۱۰ف ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۰۰ع

گو فقرہ (۵) مندرجہ دستور العمل مردم شماری باب ہفتم مین نمبر اندازی کے لئے بارش کے ختم ہوجانے پر شروع اور ختم آذر تک ختم کرنے کو ہدایت دیگئی ہے مگر طرز نشستہ کارروائی اضلاع اور دیرینہ فہرست سوا ضعات و مزرعجات اکثر اضلاع اور علاقہ جاگیرداران مستثنے سے اندرون مدت مذکورہ کار نمبر اندازی مکانات ختم ہونیکا اندازہ نظر نہین آتا اگر اسی مہینے مین نمبر اندازی کے اختتام کی کوشش بھی کیجائے تو خدشہ ہے کہ بوجہ عجلت غلطیان ہوجائینگی لہذا بنظر سہولت و درستی کار توسیع مہلت ضروری ہے پس مناسب ہے کہ نمبر اندازی کا کام انتہا ۱۵ اردی بہشت ۱۳۱۰ف مطابق ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۰۰ع تک ختم کردیا جاوے اور یقین مان لیا جاوے کہ اس سے زیادہ توسیع مدت نہوگی امید کہ جملہ عہدہ داران سرکار عالی اس کام کی طرف توجہہ دلی مبذول فرمائین فقط

شرح دستخط مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری

ف نمبر اندازی کیوقت خیال رہے کہ اگر ایک مکان کے دو دروازہ دو راستون پر علیحدہ علیحدہ ہون تو جس راستے سے مکان والے زیادہ آمد و رفت کرتے ہون اوس دروازہ پر نمبر سلسلہ ڈالا جاوے اور دوسرے دروازہ پر گو اوس سے بھی آمد و رفت ہوتی ہو چلیپا لکھدیا جاوے فقط


شرح دستخط میرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری

اندرونی مکانات کے نمبرون کے لئے تحصیلدار صاحب نے الف ب ج د کی جو اشکال بتائی ہین وہ اوس صورت کے لئے ہین جہان مکان شمار سے متروک ہوگئے ہون مثلاً نشان (۲۶) اور نشان (۲۷) کے درمیان کوئی مکان چھوٹ گیا تھا یا اون نمبرون کے درمیان مین کوئی نیا مکان تیار ہوا ہو اور مکانات متروکہ کیلئے ۲۶ و ۲۶ ب کے نشان دیجائینگے چنانچہ اسکی تشریح باب ہفتم دستور العمل مردم شماری مجریہ دفتر ہذا کے صفحہ ۹۵ و ۹۶ پر کی گئی ہے۔

پس جہان کہین ایسی صورتین نمودار ہون وہان حسب صراحت بالا تعمیل ہونی چاہئے

شرح دستخط میرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۴ آذر ۱۳۱۰ف
نشان ۱۳۴



بجانب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری مددگار معتمد فینانس

خدمات جملہ متعلقہ ارصاحبان اضلاع دیوانی و صرف خاص و معتمدین جاگیردار صاحبان مستثنے و سمستانات ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ

نمبر اندازی مکانات

بسلسلۂ کارروائی مندرجۂ عنوان تحصیلدار صاحب تعلقہ کھمم ضلع ورنگل نے بذریعہ مراسلہ نشان ۱ واقع ۶ آذر ۱۳۱۰ف استفسار کیا ہے کہ نشان (۱) سے نشان ۲۵ تک کے مکانات پر نمبر سلسل ڈالنے کے بعد سلسلہ مین ایک دروازہ آگیا ہے اوسکی اندرون احاطہ چہار مکانات علیحدہ علیحدہ خاندان کے لوگون کے موجود ہین اور وہ کل لوگ اسی باہر کے دروازہ سے چلتے ہین تو اونپر نشان اندازی مسلسل ۲۶ و ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ درج کرنی چاہیے یا کسی ایک مکان پر نمبر ۲۶ درج کرکے باقی تینون مکانات پر الف ۲۶ ب ۲۶ ج ۲۶ درج کیا جاے۔

اس استفسار کی نسبت جواب دیا گیا ہے کہ جب کسی ایک دروازہ کے احاطہ کے اندر چہار مکانات علیحدہ علیحدہ خاندان کے لوگون کے ہون اور وہ کل لوگ اوسی ایک باہر کے دروازہ سے چلتے ہون تو ۲۶/۴ باہر کے دروازہ پر نشان ڈالکر اندر ہر علیحدہ خاندان کے لوگون کے مکان کے دروازہ پر ۲۶/۱ ۲۶/۲ ۲۶/۳ ۲۶/۴ نشان ڈالے جائین

مراسلہ دفتر معتمد اراضیہام سرکار عالی علاقہ فنانس صیغہ مردم شماری واقع امرار در نشانہ ۱۳۳۱ف
نشان ۱۱۳

منجانب محمد مہدی خان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فنانس

مقدمہ

خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع یورانی و صرفخاص و معتمدان جاگیردار استقنے علیٰ سرکار عالی } انتظام نشان اندازی مرکانات

بسلسلہ مراسلہ دفتر ہذا نشان ۴۳۴۲ واقع ۳۰ آبان ۱۳۰۹ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ مراسلہ مذکور میں اس امر کی صراحت نہیں کی گئی تھی کہ مزرعہ جات کی نشان اندازی کس طرح پر کیجائیگی اس کی نسبت تصریح کی جاتی ہے کہ جب مزرعہ کو رقبہ ہی علیحدہ قرار دینے کے لئے ہدایت دیگئی ہے تو اوس کی نشان اندازی بھی علیحدہ ہونی چاہئے یعنے جس موضع کے تحت مزرعہ واقع ہے اوس خاص موضع کی نشان اندازی (۱) سے آخر تک ہونی چاہئے اور اوسکے تحتی مزرعہ کی نمبر اندازی کا سلسلہ پھر ایک سے شروع کرکے آخر تک رکھنا چاہئے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ موضع کی نمبر اندازی کا سلسلہ علیحدہ اور مزرعہ کی نمبر اندازی کا سلسلہ علیحدہ ہونا چاہئے۔ اسکا امکان ہے کہ کوئی مزرعہ آیندہ کی مردم شماری تک علیحدہ موضع کی حیثیت پیدا کرلے فقط

مشرح دستخط مرزا مہدی خان
ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد دارالمہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۷ آذر سنہ ۱۳۱۱ف
نشان ۱۰۴

مقصد

طلبی قیمت دستور العمل مردم شماری ملک سرکار عالی

جناب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت معتمد صاحبان جاگیردار استثنے و راجہ صاحبان سمستان ملک سرکار عالی

ضرورت تشبیت کارہائے مردم شماری کے لحاظ سے دستور العمل مردم شماری کے ابواب جس جس طرح بعد ترجمہ طبع ہوتے گئے وہ آپ صاحبونکی خدمت مین وقت بوقت روانہ ہوتے رہے اور بعض بعض علاقہ جات سے کسیقدر رقم بھی بطور قیمت علی الحساب وصول کیجاتی رہی - چونکہ اوسوقت تک کل ابواب طبع نہین ہوئے تھے اور نہ اسکا اندازہ ہوسکتا تہا کہ آخر تک ہر نسخہ پر کیا لاگت بیٹھے گی اسلئے کوئی صاف بات قیمت کے متعلق بتائی نہین گئی تھی اب چونکہ دستور العمل مذکور گیارہ باب تک طبع و تقسیم ہوچکا ہے اور بقیہ ابواب دستور العمل غالباً آپ لوگون کے لئے مفید نہون گے اسلئے

تعداد کتب رسلہ -
جملہ قیمت -
وصول -
باقی -

جملہ گیارہ باب کے صرف پرسے قیمت مقرر کی گئی ہے جو فی جلد (عیص) ہوتی ہے
اور حاشیہ پر ہر علاقہ کے نسخجات کی تعداد درج ہے جس سے معلوم ہوسکیگا کہ آپکے علاقہ مین کسقدر نسخے بہیجے گئے ہین اور اوسکی کیا قیمت ہوئی اور منجملہ اوسکی کیا وصول ہوا اور کیا وصول ہونا ہے پس براہ مہربانی آپ اپنے علاقہ کی رقم مندرجہ صدر بلا انتظار مطالبت مکرر روانہ فرماوین تاحسابات باک ہون اور مثل داخل دفتر کردیجائے فقط

بخط مرزا مہدی خان
ناظم مردم شماری

نمونۂ مثالیہ

فہرست مکانات ضلع ... تعلقہ جلد آباد

نشان مفوضہ	تعداد حلقجات مفوضات	تعداد رقبات مفوضات	تعداد مکانات مفوضات	کیفیت
مفوضہ نشان (۱)	۴ حلقہ	۴۰	۱۶۱۱	
مفوضہ نشان (۲)	۴	۱۸	۶۴۵	
مفوضہ نشان (۳)	۵	۳۳	۱۰۷۵	
جملہ ۳	۱۳	۹۱	۳۳۳۱	

علیٰ ہذا القیاس جبتک کہ تعلقہ ختم ہوجاے پھر اخیر میں کل حلقہ جات و رقبات و مکانات کی میزان دیجاے تاکہ تعداد ہر تعلقہ کے مفوضات و حلقجات اور رقبون اور مکانات کی معلوم ہوسکے فقط

شرحدستخط میرزا مہدیخان

ناظم مردم شماری

اونکی تعداد مکانات کو لکھین گے چنانچہ دستور العمل مین اسکی تشریح بخوبی لکھی گئی ہے یہان اوس کے بیان کرنے کی ضرورت نہین۔

۵ جب فہرست مکانات مواضعات تیار ہو جاے اور فہرست حلقہ بھی مرتب ہو تب آپ ہر رقبہ کے ابتدائی اور اخیر مکانات کے نشان یعنے نمبرون پر اس فہرست مین بھی وہی دایرہ اور مثلث بنائین گے جو کہ اصل موقع پر مکانات کے نشانات دکھلانے کے لئے لکھا گیا ہے (ملاحظہ ہو نقشہ آخر باب ہفتم دستور العمل) اس طرح پر عمل کرنے مین یہہ سہولت ملحوظ ہے کہ جب بوقت مردم شماری ابتدائی فہرست رقبہ کی تیاری شروع کیجائیگی تو مقابلہ کے لئے وقت نہوگی۔ امید ہے کہ بہت جلد ان فہرستون کو مرتب کرکے فہرست حلقہ تیار کرکے نہایت عجلت کے ساتھ اوس کے خانہاے (۳) و (۴) کی میزانون سے اسد فتر کو اطلاع دیجائیگی جس سے تعداد رقبات و حلقجات و مفوضات و مکانات معلوم ہو سکے تاکہ اس تعداد پر سے کتب مردم شماری کے اوراق اور جلد اور ہدایت نامجات و فہرست رقبات کی صحیح تعداد شخص کرکے آپکی خدمات مین بھیجنے کا انتظام کیا جاے اس کیلئے ایک مختصر نمونہ ذیل مین دیا جاتا ہے جسکی خانہ پری بطور فرضی کی گئی ہے۔ ظاہر ہے کہ جہان سے مواد مطلوبہ جلد تر پہونچے گا وہان تختہ جات مردم شماری وغیرہ بھی جلد تر بھیجے جاسکین گے اور کام بھی مردم شماری ابتدائی کا جلد تر شروع ہو سکے گا۔

خانہ (۵) مین ہر خاندان یعنے کنبہ کے بڑے کا نام لکھا جائیگا - یعنے ہر مکان کے بڑے کا نام -
خانہ (۶) کیفیت کیلئے ہے - اسمین جن معززین کو تختہ خانگی دیا جائیگا اونکے نام مکان مذکور کے
محاذی لکھے جائین -

ف ۲ آپ صاحبون کی مرسلہ فہرست مواضعات کے خانہ (۴) پر سے مکانات کی تعداد نکلوا کر
اوسپر فیصدی دس مکان احتیاطاً اضافہ کر کے یہہ تخمینات بھیجے جاتے ہین - اس اضافہ کی
وجہ یہہ ہے کہ ضمنی مکانات کی تعداد آپکی فہرست مواضعات مین نہین دیگئی ہے بلکہ وہ
ایک سرسری اندازہ تھا اور اب جو حقیقی تعداد نشان اندازی پر سے معین ہوجائیگی تو ظاہر ہے
کہ تعداد مکانات کی بھی بڑھ جائیگی - ہر صفحہ مین بارہ سے تیرہ مکان تک درج کئے جائینگے
یعنے ہر ورق مین پچیس مکانات اور اسی بنیاد پر حساب بھی کیا گیا ہے - لیکن اگر آپ دیکھین کہ مکانات کی تعداد
زیادہ ہے تو پندرہ مکانات تک فی صفحہ درج کر سکتے ہین - اس سے زیادہ تخمینات مطبوعہ سرعت کیساتھ بھیجنا ممکن ہے -

ف ۳ واضح ہو کہ اس فہرست سے گویا ہر موضع کے کل مکانات کی جھڑتی ظاہر ہوتی ہے
لہذا نہایت احتیاط کے ساتھ اسکی ترتیب ہونی چاہئے تاکہ کوئی مکان اندراج سے متروک
نہو جائے اور یہہ فہرست مردم شماری کی بنیاد ہے - اور فہرست رقبہ جو اسکے بعد
کتاب مردم شماری کے ساتھ بھیجی جائیگی - وہ اسی فہرست کا جزو ہے چنانچہ دستور العمل کے
باب اول فقرہ (۱۶) مین اسکی حقیقت درج ہے -

ف ۴ ان فہرستون کے ساتھ فہرست حلقہ بھی بھیجی جاتی ہین جس کا نمونہ دستور العمل کے
باب ہفتم فقرہ (۷) مین درج ہے - اس فہرست حلقہ مین آپ رقبات کو جو مقرر کرینگے

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۱۰ آذر ماہ الٰہی سنہ ۱۳۱۰ ف
۱۰۳
نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع و معتمد صاحبان جاگیرداران مستثنی

مقدمہ

ترتیب فہرست مکانات سواضعات

چونکہ مکانات کی نمبر اندازی کے لئے حکم جاری کردیا گیا ہے اور نشان اندازی اب شروع ہوجائیگی اسکے بعد جو کام ہونا ہی وہ ترتیب فہرست مکانات سواضعات و قصبات ہی جو بعد طبع بھیجی جائینگی اس فہرست کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہوجائیگا کہ کیا کام کرنا ہی۔ عنوان پر تو نام موضع یا قصبہ کا لکھا جائیگا۔ اور جبکہ کسی موضع کے مکانات ایک ورق یعنی دو صفحوں میں ختم نہوں۔ اور یہہ صورت اکثر ہوگی۔ تو دوسرے تختجات اسکے ساتھہ ہی دئیے جائین اور مابعدی تختجات پر الفاظ (تکملہ مکانات موضع فلان) لکھکر تکمیل تختہ کی کردیجاے۔

خانہ (۱) مین گانون کا حصہ یعنے اصل گانون یا موضع یا اوسکا مزرعہ وغیرہ یا قصبہ کا محلہ یا گذر یا کوچہ نام بنام لکھا جائیگا۔

خانہ (۲) نشان سلسلہ مکانات کا ہے اور یہہ وہی نشان ہونگے جو مکانات پر دئیے گئے ہین۔

خانہ (۳) نوعیت مکان کے لئے وضع کیا گیا ہی اوسکے عنوان سے صاف ظاہر ہے کہ ہر ایک مکان یا سرا یا مندر یا دھرم سالا یا مسجد یا عاشور خانہ یا دیول ہی۔ پختہ یا خام یا سفالی یا دہاتی سے مطلب نہین۔

خانہ (۴) نشان سلسلہ کنبے یا خاندان کا ہی جس سے معلوم ہوجائیگا کہ کتنے خاندان یا کنبے ہین

اور جسکا نمونہ بھی صفحہ (۹۸) کے متصل دیا گیا ہے اس فہرست حلقہ سی ہر حلقہ کے رقبات ظاہر ہونگے اور نیز اونکی تقسیم کہ ہر رقبہ کس نشانکے کس نشانکے مکان تک کو شامل ہے۔ فہرست حلقہ کی نمونجات بھی طبع کرکے بھیجے جاتے ہین حسب مندرجہ دستور العمل خانہ پُری کیجاے۔

ف اب جو نشان اندازی کا کام شروع ہوتا ہے نہایت احتیاط کام مین لانی چاہئے کہ کوئی مکان نشان اندازی سے چھوٹ نجاے اگر کوئی امر سمجھہ مین نہ آیا ہو تو فوراً استصوا کیجاے اگرچہ کوئی امر ایسا نہین جو صاف صاف طور پر لکھا نگیا ہو فقط

شرح دستخط سروے نواسا چاری

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سکلر رعایا علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۳۰ آبان ۱۳۰۹ف
۲۳۲۲
نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
بخدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و معہ صاحبان جاگیرات مستثنے
مقصد نشان اندازی مکانات۔

چونکہ اب موسم بارش ختم سمجھا جاتا ہے لہذا نشان اندازی مکانات کا کام فوراً آغاز کردیا جاے جو طریقہ نشان اندازی کے لئے دستور العمل مردم شماری کے باب ہفتم فقرہ (۴) مین دیا گیا ہے اور جو نمونہ طریقہ عمل کے لئے بتلایا گیا ہے اوس مطابق عمل ہونا چاہئے۔

ف۲ فہرست مکانات مواضعات زیر طبع ہین اور آپکو مرسلہ فہرست مواضعات کے خانہ (۴) کی تعداد کی مناسبت سے کسقدر زیادہ تعداد مکانات فرض کرکے تخمینی فہرست مکانات کی چھپوا لینگے جسکے بعد آپکے پاس بھیجدیجاینگے تاکہ آپ اوسکی خانہ پری کیجاے اور تعداد صحیح مکانات کی اب نشان اندازی پر سے بخوبی معین و مشخص ہوجائیگی اس فہرست کا ذکر دستور العمل کے باب اول فقرہ (۳) مین درج ہے۔ ہر صفحہ مین اس نسخہ کے پندرہ مکان تک لکھے جائینگے یعنے فی ورق تیس ۳۰ اور اسی حساب سے تخمینات بلحاظ زبان آپکے اضلاع و علاقجات مین روانہ ہونگے۔ لیکن جہان کہین سے فہرست مواضعات نہین پہونچی ہین وہان صرف ایک تخمینی اور اندازی تعداد روانہ ہوگی کیونکہ اون علاقجات سے جبکہ فہرست مواضعات ہی کامل نہین پہونچی ہین تو ہمارے دفتر مین اونکی ضرورتون کا اندازہ کس بنیاد پر کیا جاسکیگا۔

ف۳ فہرست مکانات مواضعات کی تیاری کے ساتھ ہی ساتھ فہرست حلقہ کی تیاری شروع کردینی چاہئے جسکا ذکر دستور العمل کے باب اول فقرہ (۲۰) و باب ہفتم فقرہ (۷) مین ہوا ہے

لہذا مناسب ہوگا کہ اوسی تختہ مین اگر ابتک صدر دفتر پر نہ بھیجے گئے ہون ایک خانہ بڑہا دیا جائے یا خانہ کیفیت مین یہہ بات درج کردیجائے کہ فلان اسٹیشن فلان موضع کے حدود ارضی مین واقع ہے تاکہ بعد ختم مردم شماری بوقت ترتیب تختجات اخیر ہمارے دفتر مین جس موضع مین وہ اسٹیشن درحقیقت واقع ہے اوسی موضع مین اوس کی مردم شماری شریک کیجا سکے اور تختجات روانہ ہوچکے ہون تو اون کی نقل دوبارہ کرکے اس اطلاع مزید کے ساتہہ تختجات روانہ کئے جائین تا داخلتہ دفتر مین یہ اطلاع آیندہ کے لئے موجود رہے فقط ۔

شرح دستخط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۳۰ مہر ۱۳۰۹ف

۲۰۲۲
نشان

صحیح
سید غلام احمد
سپرنٹنڈنٹ دار

مقدمہ

منجانب مرزا مہدی خان ناظم مردم شماری ملک سرکار عالی — وقوع اسٹیشنہائے ریلوے
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع و معتمد صاحبان جاگیرات مستثنے — حدود اضلاع وغیرہ

بسلسلہ مراسلہ نشان ۹۰۰ واقع ۲۰ مہر ۱۳۰۹ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ اگرچہ ہمنے اسٹیشنہائے ریلوے کی نسبت دریافت کیا تھا کہ کون کون اسٹیشن کن تعلقات مین واقع ہین لیکن اس دورہ سرسری مین اور ایک بات دریافت مین آئی کہ بعض اسٹیشنون کے نام بوجہ قربت کسی بڑے موضع کے اوسی موضع کے نام سے موسوم کردئے گئے ہین۔ لیکن فی الحقیقت اوس موضع کے حدود ارضی مین واقع نہین ہین بلکہ کسی اور چھوٹے موضع کے حدود مین ہین جیسا کہ اسٹیشن دولت آباد اورنگ آباد بوجہ شہرت ان مقامات کے انہین کے نام سے نامزد کئے گئے ہین حالانکہ یہ دونون دوسرے مواضع کے حدود ارضی مین واقع ہین یا ضلع اندور مین دیکھا گیا کہ اسٹیشنہائے اندلوائی و ڈیچ پلی جو فی الحقیقت مواضع ترمن پلی و نرپلی کے سوار مین واقع ہین۔ لیکن بوجہ قربت ان بڑے اور معروف مواضع کے اونکے نام سے موسوم کئے گئے ہین۔

جہان ریل گذرتی ہے ایسا تیار کرائے جس سے معلوم ہو کہ کونسا اسٹیشن کس ضلع کے کس تعلقہ مین واقع ہے۔ نمونہ ذیل غالباً مفید ہوگا۔ امید ہے کہ بہت جلد اس مراسلہ کا جواب ادا کیا جائے گا فقط

شرحدستخط

مرزا مہدیخان

مددگار ناظم مردم شماری

تختۂ ضلع

بیان سلسلہ	نام اسٹیشن	نام تعلقہ خالصہ یا مرضی یا جاگیر مستثنےٰ	نام کمپنی ریلوے جسکا وہ اسٹیشن ہے	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

مراسلہ محکمہ معتمد دار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس
نشان گشتی (۶)

واقع ۲۱ صفر ۱۳۱۸ھ م ۱۴ مرداد ۱۳۰۹ف
نشان ۱۱ صیغہ کلیات

۱۳۰۹ف

حسب الحکم نواب دار المہام سرکار عالی

منجانب نواب عماد جنگ بہادر معتمد فینانس

بخدمت جمیع جاگیرداران و راجگان ممالک محروسہ سرکار عالی

بمضمون

مقدمہ

وجوب تعمیل احکام دفتر مردم شماری

بامتثال منشور مصدرہ بارگاہ خداوندی نگارش ہو کہ بحسب ایما گورنمنٹ آف انڈیا مردم شماری کا اہتمام اس سال سے پھر شروع ہوا ہے۔

ف۲ اس کام کے متعلق جو ہدایات گورنمنٹ آف انڈیا سے نافذ ہین اس کے مطابق ممالک محروسہ سرکار عالی مین عمل ہونا ضرور ہے۔

ف۳ تمام جاگیرداران اور سمستانون سے امید کیجاتی ہے کہ اپنے علاقون مین ایسا خاص انتظام رکھین کہ ہدایات کے مطابق عمل ہونے مین کسی قسم کی فروگزاشت یا غفلت یا تعویق نہ ہونے پائے۔ بالفعل ایک قطعہ احکام ہدایتی بذریعہ ہذا مرسل ہی اور آئندہ جو احکام صیغہ مردم شماری سے جاری ہونگے اسکی نقلین آپ پاس پہونچینگین انکی پابندی واجب سمجھی جائے اور اس کام کے انجام دہی کی خاص نگرانی کی جائے اور اس قدر کافی مدد دیجائے کہ موجب خوشنودی بندگان بارگاہ اقدس اعلے ہو فقط

شد دستخط محمود علی
م معتمد فینانس

مراسلہ محکمہ معتمد دارالمہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع ۲۳ شہریور سنہ ۱۳۰۹ ف

نشان ۱۳۰۹

اشد ضروری

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمات جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و جاگیردار صاحبان ستتنے
ترتیب فہرست مواضعات و مرزعجات

بسلسلہ مراسلہ دفتر ہذا نشان واقع ۲۳ شہریور سنہ ۱۳۰۹ ف بمقدمہ صدر نگارش ہی کہ ترتیب فہرست مندرجہ عنوان سکے وقت اس امر کا خیال رہے کہ رقبات اور مفوضات عددی ہندسون مین بتائے جائین گے اور حلقہ جات حروف ابجدین اور ہر مفوضہ مین سلسلہ ابجد کا جداگانہ رہیگا یعنے جب تعلقہ دو یا تین یا اس سے زاید مفوضات مین تقسیم ہوگا تو ہر مفوضہ کے حلقجات بحساب ابجد جداگانہ مقرر کئے جائینگے اور دوسرے مفوضہ مین پھر وہی عمل ہوگا۔

ف ۲ اور تعلقات سے محکمہ جات ضلع مین جیسی جیسی فہرستین آتی جائین اوسکی تنقیح اور تکمیل کرکے وقتاً فوقتاً اسدفتر پر بھیجدیجائے اور فہرست کے آخر پر حاکم مقتدر کی شرح تصدیقی ان الفاظ مین لکھدیجائے کہ کوئی موضع تعلقہ کی فہرست مین درج ہونے سے رہ نہین گیا۔

ف ۳ جاگیردار صاحبان ستتنے کے معتمدین کے پاس سے جو فہرستین آئینگی وہ اونکے تمام تعلقات کی ایک ہی فہرست ہونی چاہیئے فقط

شد حد ستخط مرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری

| | | |

| | | |

فرضی رجسٹر مواضعات و مزرعہ جات تعلقہ جڑچرلہ ضلع محبوب نگر حسب نمونہ مندرجہ صفحہ (۲۵) دستور العمل دوم شماری

نشان رسلسلہ مواضعات ضلع وار	نشان سلسلہ مواضعات تعلقہ وار	نام موضع	تعداد مکانات	اشخاص قابل تنقیح کنندگی		اشخاص قابل شمار کنندگی		مجموعہ تعداد رقبجات	نمبر مفوضہ مین دفتر شمار کنندگی	نام ناظر مفوضہ	حلقہ تعین دفتر شمار کنندگی	نام تنقیح کنندہ	کیفیت
				نام	پیشہ	نام	پیشہ						
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۸۶	۴	کندرگ	۳۷۸	رام راؤ راجیشر راؤ	مدرس تلنگی جواب نویس دفتر تحصیل	نیکما ملار ریڈی نلار ریڈی رامیا سابینا راجہ رام سوریانارائن	پٹواری مقدم مالی مقدم کوتوالی برادر پٹواری بقال گماشتہ پٹواری جوشی	۷	〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	حسن علی تحصیلدار		رامراؤ مدرس تلنگی	
۹۹	۱۷	تنگلپلی	۱۶۴	ندارد	ندارد	مادہورا راؤ راج ریڈی شائی ریڈی	پٹواری مقدم مالی مقدم کوتوالی	۳	〃 〃 〃	〃 〃 〃			

سُرخی سے یا سیاہی سے خط کھینچدیا جائے اور مزرعہ کو بلا خط دکھلایا جائے تاکہ اصل موضع اور اوسکے مزرعہ مین امتیاز ہوسکے۔ موضع مین ایک یا زیادہ رقبہ بنائے جائینگے۔ اور ہر مزرعہ کو بھی بلحاظ تعداد مکانات کے علیحدہ رقبہ بنایا جائیگا مگر اُسی موضع اصلی کے نیچے مزرعہ کے نام کے مقابل اُسکی خانہ پُری لکھدینی ضرور ہے۔

ف ۵ اگر دو چھوٹے موضع یا مزرعہ قریب قریب واقع ہون جنکی مجموعی تعداد مکانات کی پچاس یا پچپن ہو تو اگرچہ وہ دو رقبے مختلف بنائے جائینگے لیکن اس مین کوئی مضایقہ نہین کہ اِنکے لئے ایک ہی شمار کنندہ مقرر کیا جائے مگر حسب فقرہ دستور العمل ہر رقبہ کی کتاب علیحدہ رہیگی گو وہ رقبہ کتنا ہی چھوٹا ہو۔

ف ٦ اب اس گشتی کے بعد میری نظر مین کوئی امر تشنہ باقی نہین رہا اور کل امور نہایت صاف بیان کردئے گئے ہین اور امید ہے کہ اب کسی قسم کے استفسار کی ضرورت نہوگی۔ تختہ منسلکہ مین جو چرلہ ضلع محبوب نگر سے اقتباس کیا گیا ہے ظاہر ہوجائیگا کہ نشان سلسلہ مواضع اگرچہ عمداً آگے پیچھے کئے گئے ہین لیکن ایسا فرض کیا گیا ہے کہ یہہ مواضع بسبب قربت کے ایک ہی حلقہ مین واقع ہین گو درحقیقت وہ شاید قریب نہین ہین اور یہہ عمل فرضی محض تمثیلاً دیا گیا ہے تاکہ مطلب اچھی طرح ذہن نشین ہوجائے فقط

شرحہ دستخط مرزا مہدی خان
ناظم مردم شماری

اوس موضع سے منفک نہین ہونا چاہیئے تاہم ضرورت کے وقت جس موضع کا داخلہ ڈھونڈنا چاہین وہ اسی سلسلہ کے نمبر سے بآسانی ڈھونڈ سکین - اگر انکی مردم شماری سے کے نمبر اور مردم شماری گذشتہ کے نمبر اور ہو جائینگے تو بڑی مشکلین تلاش اور داخلات مین پیش آئینگی -

ف ۲ خانہ (۵ و ۳) مین فرق یہ ہے کہ خانہ (۵) مین کُل اون لوگونکے نام لکھے جائینگے جو کسی موضع مین تنقیح کنندگی کے لایق ہون - اور اوس خانے سے مقصود یہ ہے کہ کل تعلقہ کے ہر گانون مین اس کام کے لایق کتنے لوگ نکل سکتے ہین اور شمار کنندون کیلئے بھی یہی طریقہ مسلوک رہیگا -

البتہ خانہ (۱۳) مین جو تنقیح کنندہ لکھا جائیگا وہ خانہ (۵) ہی کے تنقیح کنندون مین سے ایک تنقیح کنندہ ہوگا جسکو تحصیلدار منجملہ دوسرون کے سب سے زیادہ لایق تصور کرکے تنقیح کے کام پر اُسکو مامور کرینگے اور اُسکا نام اس خانہ (۱۳) مین لکھا جائیگا اور یہہ بھی بتادیا جاتا ہے کہ حلقجات کو حروف ابجد سے دکھلایا جائے مثلاً حلقہ (الف ۱) حلقہ (ب) وحلقہ (ج) وحلقہ (د) وغیرہ - اور ناظرون کے مفوضات کو عددی سون سے جیسا مفوضہ نمبر (۱) ومفوضہ نمبر (۲) وغیرہ - اور خانہ (۹) سے خانہ (۳۱) تک کی خانہ پُری بعد کیجائیگی - یعنے بعد اسکے کہ خانہاے (۱) سے تا (۸) لکھدیئے گئے ہون -

ف ۳ اُن پیچیدگیون کی تفہیم کے لئے ایک فرضی تختہ اس گشتی کے آخر مین لکھدیا گیا ہے اگر اُسکو بغور دیکھہ لیا جائے تو پھر کوئی غلطی واقع نہوگی -

ف ۴ اگر کسی موضع کے متعلق ایک یا زیادہ مزرعہ جات ہون تو اصل موضع کے اوپر

ف خانہائے (۱ و ۲) نشان سلسلہ مواضع ضلعوار اور نشان سلسلہ مواضع تعلقہ دارین وہی نمبر سلسلہ ڈالا جاے جو ہر ہر موضع متعلقہ کی نسبت گذشتہ مردم شماری سنہ ۱۳۰۰ف کی فہرست مواضعات مطبوعہ مین قایم ہوگیا تھا۔

اگر ابکی مردم شماری مین بلحاظ تقسیم حلقہ جات اور آسانی تنقیح کنندون کی غرض سے نمبر یعنے نشانات مواضع کے پس وپیش ہوجائین تو مواضع بھی پس وپیش ہوجانے چاہئیے مگر یہ کچھ ضرور نہین ہے کہ سلسلۂ عددی مسلسل رہے بلکہ غرض یہ ہے کہ اگر کوئی ایک موضع رجسٹر مطلوبہ حالیہ کے وسط مین آجاے اور اُس موضع کا نشان سلسلہ ضلع (۱) ہو تو بھی کوئی امر خلاف نہین کیونکہ یہہ تو ظاہر ہے کہ ہماری فہرست مطبوعۂ سابقہ مین جو نشان سلسلہ لگایا گیا ہے وہ بلحاظ کثرت آبادی اور نفوس کے ہے نہ بلحاظ موقع جغرافیائی کے۔ یعنے ہمارے فہرست سابقہ پر سے ممکن ہے کہ ایک موضع کسی تحصیل کے شرق مین ہو اور اُسی کے بعد کا موضع اُسی تحصیل کے غرب مین لیکن بلحاظ تعین رقبات یہ بات بالکل خلاف اصول ہوگی کیونکہ کسی طرح سے ممکن نہین کہ ایک تنقیح کنندہ ایک موضع کی تنقیح غرب تحصیل مین کرکے پھر شرق کے موضع کے تنقیح کیلئے جاے۔

غرض یہ بات معلوم رہنی چاہئیے کہ نشان سلسلہ ضلع جو فہرست مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ف مین جس موضع کے مقابل ہے وہ موضع فہرست یعنے رجسٹر حالیہ مین جہان کہین تقسیم حلقہ جات کے لحاظ سے آجاے وہ نشان سلسلہ قدیم

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقعہ ۸ شہریور ۱۳۰۹ ف
۶۱۳
نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی و دیگر معتمد فینانس

مقدمہ

خدمات جملہ تعلقہ ارصاحبان اضلاع دیوانی و صرفخاص و جاگیرداران صاحبان مستثنیٰ وغیرہ } ترتیب و ترسیل فہرست مواضعات و مزرعہ جات

بسلسلہ گشتی مجریہ دفتر ہذا نشان ۲ واقع ۲۲ تیر ۱۳۰۹ ف و فقرۂ (۳) دستور العمل مردم شماری حصۂ اول باب اول بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ اکثر تعلقہ دار صاحبان اضلاع کی تحریرون سے اور بعض جاگیردار صاحبان مستثنیٰ کے معتمدون کی بالمشافہ تقریرون سے معلوم ہوا کہ فہرست متذکرۂ صدر کے نمونۂ مطبوعہ صفحہ (۲۵) دستور العمل مجریۂ حالیہ کے مفہوم مین یہہ غلطی ہوئی ہے کہ اُنہون نے خانہ (۵ و ۱۳) کے مضمون کو ایک ہی سمجھا ہے یعنے خانہ (۵ و ۱۳) مین جسقدر تنقیح کنندے درج ہونگے وہ سب کے سب اسی موضع مندرجہ خانہ (۳) کے واسطے ہونگے حالانکہ دراصل ایسا نہین ہے۔ اور انہین غلط اصول پر بعض اضلاع سے جو فہرستین آئی تہین وُہ باعتراضات واپس کردیگئین اور اب چونکہ فہرست مذکور کو مکمل مرتب کرکے دفتر نظامت پر روانہ کرنیکا زمانہ بالکل قریب آگیا ہے لہذا قبل از قبل فہرست مذکور کی ترتیب کے متعلق چند ہدایات ضروری بموجب فقرات ذیل جاری کئے جاتے ہین جنکی بناپر اور بربنار احکامات دستور العمل فہرست مذکور مرتب کرکے آخر شہریور ماہ الہی سنہ رواں تک ضلع سے ارسال کرنا چاہئے اور ایک روز بھی مدت معینہ سے تجاوز نہونیکا انتظام فرمایا جائے۔

ایسی تمام صورتون مین اون مواضع کے نام تعلقہ متعلقہ کے آخر فہرست مین لکھہ کے اون کے متعلق سرخی سے شرح لکھدیجائے۔

ف۲ اور ایک فہرست مواضعات کا خلاصہ دستورالعمل مذکور کے فقرہ (۴) صفحہ (۳۲) کے رو سے جو طلوب ہے وہ بھی فہرست اول الذکر کے ساتھہ ہی ساتھہ آخر شہریورتک آجانا چاہئے۔

اس مراسلہ کے مضمون بالا کو علیحدہ لکھوا کر باب دوم کے آخر مین بطور ضمیمہ لگا دیجئے اور یہان بھی یہی عمل کیا جاتا ہے فقط

شرحدستخط سری نواساچاری

مددگار ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس (صیغہ مردم شماری) واقع ۱۹ امرداد سنہ ۱۳۰۹ ف
نشان (۴۴۴)



منجانب میرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمات جملہ تعلقدار صاحبان علاقہ دیوانی و صرفخاص و معتمدین جاگیرداران مستثنی و سمستانات

مقدمہ

جو فہرست موضع بموجب فقرہ (۲) حصہ اول باب دوم دستور العمل مردم شماری بھیجی جائے اسمیں ہدایات ذیل کی پابندی کیجائے اور غیرہ

دستور العمل مردم شماری حصہ اول باب دوم فقرہ (۲) کے رو سے ایک عام فہرست مواضعات ومزرعہ جات حسب نمونہ مندرجہ فقرہ (۳) باب مذکور آخر شہریور سنہ روان تک مکمل ہوکر اس دفتر پر پہونچ جانا چاہیئے مگر وقت خانہ پری خانہ (۱) مندرجہ فہرست مذکور کے امور ذیل پر بھی ضرور نظر ڈالنی چاہیئے۔

(۱) احتمال ہے کہ سہو بشری یا سرحدی نزاعات یا اور کسی مجہولون کی وجہ سے کوئی موضع انتظام مردم شماری ہونے سے یا فہرست مواضعات مرتبہ مردم شماری سنہ ۱۳۰۰ ف مین درج ہونے سے رہگیا ہو۔

(۲) مردم شماری گذشتہ کیوقت کوئی مقام ویران تہا اور مابعد وہان کوئی بنا موضع آباد ہوگیا ہو۔

(۳) مردم شماری گذشتہ کے وقت کوئی موضع آباد تہا اور مابعد وہ ویران ہوگیا ہو۔

ایک دستور العمل مردم شماری کا مرتب ہو رہا ہے چاہئے کہ مطابق اوسکے اور حسب اوسکی
فقرات کے عمل آوری ہو اور مراتب دستور العمل مذکور پر غور کافی کیا جاوے
اور جن امور مین تردید ہو اونکے نسبت استعہد کیجائے تاکہ کوئی امر تشنہ نرہے اور
جو تاریخ اوس دستور العمل مین مقرر کیگئی ہے اوس تاریخ تک فہرستین مکمل مرتب ہوکر اسفتر
پر پہونچ جائین اور یہہ امر اب کچہہ مشکل نہین ہے کیونکہ تختہ تو ایک بار مکمل ہوچکا ہے۔ اب
صرف مطابق ہدایات مندرجہ گشتی ہذا اور نیز دستور العمل جو متعاقب بھیجا جاتا ہے عمل کرکے
جہان کہین ترمیم لازم ہو ترمیم کرکے فہرستین وقت پر روانہ کیجائین افسوس معلوم ہوتا ہے
کہ اس تختہ یعنی فہرست مواضعات کے وصول کی تاریخ آخر فروردی سنہ ۳۰۹ف رکہی گئی تھی
اور اب نصف تیر بھی تجاوز کرگیا یعنی مدت معینہ سے اڑہائی مہینے زیادہ منقضی ہوگئے
اور ابتک تختہ جات مذکورہ کا انتظار ہے۔ اگر مردم شماری کے امور مین ایسا ہی تساہل
واغماض روا رکہا جائیگا۔ تو کام کے بروقت ہونیکی امید نہین یقین ہے کہ بعد اسکے
ان ابواب مین دوبارہ تاکید کرنیکی ضرورت نہوگی اور اگر عہدہ داران ماتحت سے کسی
قسم کی سستی یا کاہلی نظر آئی تو اپنے اقتدار سے اونکو جرمانہ کیا جائے ورنہ اونکی
رپورٹ یہان کیجائے تو اونکی نسبت معقول بندوبست کیا جائیگا فقط

شرحہ ستخط مرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فنانس

ف۴ چونکہ یہہ امر سب جائے طے ہوچکا ہے کہ اماثالی کو توالی سے مردم شماری کا کام
نہ لیا جائے اور اوسکے وجوہ بہت سے ہین اسلئے قطعی طور پر لکہدیا جاتا ہے کہ تنقیح کنندہ
شمار کنندہ کے کام پر اماثالی کو توالی سے کام لینے کی ضرورت نہین ہے دوسرے
سرکاری دفاتر بہت سے ہین مثل علاقہ تعلیمات و کروڑگیری وچوبیہ و تعمیرات وعدالت
ومال وطبابت وغیرہ جنہین سے کام کے لوگ تنقیح کنندونکے کام کے لیئے منتخب کئے
جاسکتے ہین مگر شمار کنندونکے لئے تو سوائے پٹیل وپٹواری وگماشتگان پٹیل وپٹواری
یا اون کے قرابتدار یا موضع کے خواندہ بقال وکاشتکار یا خوشباش کے کسی اور کو
مقرر نکیا جائے۔ مگر خواندہ ہونا شرط ہے تاکہ تختجات کی ہدایات کو بخوبی پڑہکر سمجہہ لین
اور اونکے مطابق کام بھی کرسکین ورنہ لاعلم یا جنکو نوشت خواند مین مہارت نہین ہے
ایسے لوگونکا تقرر باعث خرابی کار ہوگا۔ گذشتہ مین تو کام بخوبی چلا تھا اور بہ نظر اوسکے
کہ اس گذشتہ دس سال کی مدت مین زیادہ تعلیم عام مین ترقی ہوئی ہے شمار کنندہ زیادہ
تعداد مین ملنے کی امید بھی زیادہ ہے چونکہ دس سال مین ایک وقت سرکار کو رعایا سے
کام پڑتا ہے اسلئے اگر تحصیلداران تعلقات اور اونکے پیشکار اور گرداوران امور کو عمدہ طور سے
لوگونکو سمجہاوین تو عجب نہین تعداد مطلوبہ سے بھی زیادہ لوگ شمار کنندگی اور تنقیح کنندگی کے
کام کے لئے میسر آسکین مجہے امید ہے کہ عہدہ داران سرکار علاقہ صرفخاص و دیوانی و نیز
معتمد صاحبان جاگیرات مستثنےٰ اس امر خاص مین دلدہی و توجہ سے کام لینگے اور سرکار کو
اس اہم کام مین کمک وافی اور مدد کافی دینگے۔ بالفعل تو یہہ گشتی بھیجدیجاتی ہے مگر عنقریب

کرنا نہایت دشوار ہوگا۔ چونکہ ساٹھ یا ستر مکان زیادہ مین بہترین طریقہ تو یہہ ہوگا کہ فی پچاس سے پچپن مکان تک کے لئے ایک شمارکنندہ مقرر کیا جائے اور ہر دس یا بارہ شمارکنندونکے لئے ایک تنقیح کنندہ تاکہ اونکے کام کی تنقیح برابر کرسکے۔

ف۲ بعض دیہات یا مزرعہ جات یا مقطعہ ایسے چھوٹے اور اونمین مکانات اسقدر کم ہین کہ ممکن ہے کہ ایسے دو یا تین مزرعہ وغیرہ ایک ہی شمارکنندہ کے تفویض کئے جائین لیکن ہر ایک ایسے مزرعہ یا مقطعہ چھوٹے موضع کی کتاب علیحدہ ہونی چاہیئے اور اونکو رقبہ بھی علیحدہ بنانا چاہیئے نہ یہہ کہ مکانات کم ہونیسے مزرعہ کو موضع مین ملادیا جائے ان باتونکا بخوبی لحاظ رکھنا ضرور ہے۔

ف۳ بالفعل جو مواد ان تختجات پرسے ہمکو حاصل کرنا تھا وہ جیسے جیسے تختجات اضلاع سے آتے جاتے ہین اونپرسے حاصل کرلیا جاتا ہے اور تختجات پر شرح کرکے واپس بھیجدیے جاتے ہین تاکہ اونکی شرحونکو دیکھکر عہدہ داران اضلاع وجاگیرداران مستثنےٰ کے معتمدین آیندہ جو تختجات حسب دستورالعمل مردم شماری طلب کئے جائینگے اونمین ان شرحونکے مضامین کو پیش نظر رکھکے تختجات صحیح مرتب کرکے روانہ فرماوین۔ اور رقبات وحلقجات ومکانات کا اچھی طرح خیال رکھین مبادا وقت پر غلطی سے یا عدم توجہ سے کاغذات مطلوبہ کے تعداد مین فرق ہوجائے اور ہم تعداد مطلوبہ کے پہونچانیمین مجبور رہین جو اوسوقت کی اونھی ذمہ دار افسرونکے سر رہیگی اور مردم شماری کا کام خراب ہونیکی صورت مین وہی مستوجب بازپرس ہونگے۔

گشتی دفتر معتمد مدارالمہام سرکار عالی علاقہ فینانس (صیغہ مردم شماری) واقع ۲۲ تیر ماہ الہی ۱۳۰۹ف
نشان ۳۰

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان اضلاع خالصہ سرکار عالی و صرفخاص و جاگیر دار صاحبان مستثنے وغیرہ

مقدمہ

ترتیب فہرست ہوا ضعات گشتی دفتر ہذا ۱ واقع ۲۷ بہمن ۱۳۰۹ف

بسلسلہ مراسلات سابقہ اضلاع و جاگیر دار صاحبان مستثنے سے جو تحقیقات یعنی فہرستین ہوا ضعات کی باتباع حکم گشتی دفتر ہذا ۱ واقع ۲۷ بہمن ۱۳۰۹ف کی پہونچ رہی ہین اونمین بعض امور ایسے نظر آتے ہین جنکی نسبت ایک عام قاعدہ بتلانا اور سمجھانا ضروری ہے۔

اول تو یہہ کہ اکثر جای بالکل ہدایات کا لحاظ نہین کیا گیا ہے کہ موضع کی مکانات کے لحاظ سے تعداد شمار کنندوں کی مقرر کیجائے کہین تو فی شمار کنندہ سو سو اور دیڑھ دیڑھ سو تک مکان دیدیے گئے ہین اور یہہ غیر ممکن ہے کہ اتنے مکانات کی مردم شماری ایک شمار کنندہ کر سکے۔ یعنی لکھنے کو تو وہ لکھدے گا لیکن شب آخر مردم شماری مین اوتنے مکانات کی نظر ثانی اور کمی بیشی کا لکھنا ایک تنفس سے ممکن نہین اور نہ اتنا وقت اوسکو ملیگا کہ اپنے ایسے بڑی رقبہ کے سب لوگونکی وہ تنقیح شب آخر مین کر لیسکے۔ اسی لئے ہدایت پر بخوبی غور کرنا چاہیے اور حسب ہدایت عمل آوری ہونی ضروری امر ہے ورنہ سخت دقت لاحق ہوگی اور اسوقت سے زیادہ آدمی شمار کنندگی کے لئے مدنظر نہین رکھے جائینگے تو وقت پر کام کے آدمیونکا ہمدست

دستورالعمل کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ ہر باب کے فقرات کا نشان سلسلہ جداگانہ رکھا گیا ہے۔ تاکہ نئے دفعات ہر ایک باب کے متعلق طبع کرکے بھیجے جاسکین یا موجودہ دفعات یا عبارتوں کی ترمیم یا تنسیخ کیجا سکے اس طریقہ مین یہ بھی فایدہ متصور ہے کہ عہدہ داران متعلقہ کے پاس ہدایتین باقساط پہونچا کرینگی نہ یہ کہ ایکدم بھیجکر اونکے اذہان کو پریشان و پراگندہ کردیا جاے۔ اس طریقہ سے حسب ضرورت کار و مقتضائے وقت ہدایتین دیجا سکتی ہین نہ یہ کہ علیحدہ مراسلات کے ذریعہ سے تکمیل یا ترمیم ہدایات کی کیجاے۔

آپکے ضلع کے لئے نسخہ مرسل ہین انکی تقسیم دوم و سوم تعلقداروں اور تحصیلداروں مین کرکے بھیجدیجئے اور جہان کہین کسی تحصیل مین ایک سے زیادہ مفوضات مقرر کرتے ہون وہان فی ناظر مفوضہ ایک نسخہ روانہ کردیجئے میری نظر مین فی تحصیل دو نسخہ بطور اوسط کافی ہونگے بہرحال اب زیادہ مہلت نہین کہ کام مین تعویق روا رکھی جاے اس دستورالعمل کے مطابق تعمیل کیجائے اور نتیجات مطلوبہ یعنے رجسٹرات اور اونکے خلاصجات جلد مرتب کرکے آخر شہر یورک اس دفتر پر پہونچنے کا کامل انتظام فرما دیجئے۔ اگر اس تاریخ سے تجاوز ہوگا تو سرکار مین شکایت پیش کیجائیگی قحط سالی کی وجہ سے چونکہ رعایا بے خانمان ہوکر نکل گئی ہے اسلئے ان رجسٹرون مین تعداد نفوس کا خانہ ترک کردیا گیا ہے اس سے ترتیب تختہ مین اور بھی سہولت ہوجائیگی فقط

شرحد سنخط
مرزا مہدیخان
ناظم مردم شماری ممدگار معتمد فنانس

مراسلۂ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فنانس صیغہ مردم شماری واقع ۳۱ تیر ۱۳۰۹ف سنہ

۲۸۹

نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فنانس
خدمت جملہ عہدہ داران سرکار عالی علاقہ صرفخاص و خالصہ جاگیردران مستثنے

تقسیم دستور العمل مردم شماری بغرض تعمیل

مقدمہ

بسلسلہ گشتی نشان ۱ واقع ۲۰ بہمن ۱۳۰۹ف جو ترتیب فہرست مواضعات و مکانات تعین شمار کنندگان و تنقیح کنندگان کے بارے مین جاری ہوئی تہی اور جسکی کارروائی ابتک بسبب عہدہ داران ذیلی کے تساہل یا اور وجوہ سے جاری اور نامکمل ہے - نگارش کہ اب دستور العمل مردم شماری کے باب اول و دوم آپ صاحبون کے پاس بھیجے جاتے ہین اور امید ہے کہ اسکے مطالب کو بخوبی ذہن نشین کرکے تنجیات مندرجہ صفحہ (۲۵) و (۱۳۲) مرتب کرکے آخر شہریور تک ضرور بھجوا دیجئے - چونکہ آپنے فہرست مواضعات کو مرتب کرلیا ہے اب ان تنجیات کی ترتیب مین چندان دقت نہوگی دوسرے ابواب دستور العمل کے بھی زیر ترتیب ہین - جیسے جیسے مرتب ہوتے جائینگے آپکے پاس روانہ کئے جائینگے - یہ طریقہ دستور العمل کا صرف بغرض تسہیل کار اور کم کرنے مراسلت کے جاری کیا گیا ہے اور وقتاً فوقتاً بہ لحاظ ضرورت اگر کمی بیشی کرنی ہوگی تو آپکو اوسکی اطلاع دیجائیگی تاکہ جو امر ہر باب سے متعلق ہو اوسکو باب مذکور کے آخر مین لگا دیجئے اور اس طریقہ سے آیندہ کے لئے ایک مجموعہ مرتب ہوجائیگا جس سے اس دفعہ کے کام کا طریقۂ عمل ظاہر ہوگا -

اور اہم کام کے طرف خاص توجہ فرماوین فقط

شرحِ دستخط

مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری

نمونہ رجسٹر مراسلات

نشان	تاریخ اجرائی	مقدمہ یا خلاصہ مضمون	تاریخ وصول مکتوب الیہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

خانۂ اول مین نشان مراسلۂ موصولہ کا لکھا جائیگا

خانۂ دوم مین اوسکی تاریخ بقید ماہ و سال

خانۂ سوم مین مقدمہ یا خلاصہ مضمون بطور مختصر

خانۂ چہارم مین تاریخ موصولہ یعنی جس تاریخ کو مراسلہ مذکور دفتر مکتوب الیہ کو پہونچتا ہے فقط

مراسلہ دفتر ناظم مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی واقع ۲۹ تیر سنہ ۱۳۰۹ ف

گشتی ۲ نشان

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری ممالک محروسہ سرکار عالی
خدمات جملہ عہدہ داران اعلا و اصاغر و محاویل و دیوانی سرکار عالی و معتمدین جاگیر داران رحمانی

طلب تختہ ہفتہ واری وصول مراسلات صیغہ مردم شماری

مقدمہ

چونکہ اندنون سررشتہ پتہ خانے مین لفافجات کی رسیدون کے دینے کا طریقہ مسدود کردیا گیا ہے۔ جسکے سبب سے احتمال ہوتا ہے کہ کوئی لفافہ صیغہ مردم شماری کا بروقت نہ پہونچے اور کام مین ہرج ہو اور چونکہ یہ کام ایک اہم اور موقت کام ہے اسکی نسبت یہ طریقہ مناسب ہے کہ ہر دفتر سے جسقدر مراسلات متعلقہ انتظام مردم شماری جاری ہون اسکی ایک فہرست ہفتہ واری حسب نمونہ منسلکہ مرتب کرکے اس دفتر پر بالالتزام ہر پنجشنبہ کو بھیجدیا کرین تاکہ اوسکے ملاحظہ سے بمقابلہ مجاریہ دفتر ہذا یہ بات ثابت ہو کہ اس دفتر سے جسقدر مراسلات جاری ہوئے ہین وہ بروقت دفاتر متعلقہ پر پہونچگئے اور اوسکی تعمیل کی گئی علیہذا اس دفتر سے بھی ایک تختہ ہفتہ واری جملہ دفاتر مذکور پر بھیجدیا جائیگا تاکہ تختہ مذکور کے ملاحظہ سے ثابت ہوجائے کہ اس دفتر کے اجرا شدہ مراسلات متعلقہ دفاتر پر سب کے سب پہونچ گئے یا نہین اگر تختجات مذکور کے رو سے کسی مراسلہ کا نہ پہونچنا ثابت ہوگا تو ممکن ہے کہ تعلقدار اوسکی نقل منگواکے کارروائی ضروری طور پر کیجائے۔ اگر اپنے تحت دفاتر کے ساتھ بھی یہی طریقہ مسلوک رکھئے تو آیندہ کے لئے مفید ہوگا۔ اگر یہ طریقہ اختیار نکیا جائیگا تو احتمال ہے کہ کسی کاغذ کے بروقت نہ پہونچنے سے ہرج کا ہوا سلئے لازم ہے کہ جملہ عہدہ داران اس موقت

(۲) جہان قانونی تعریف تو نہیں ہے مگر گانوں کے حدود پیمایش سے معین ہو چکے ہیں تو اون پیمایش شدہ گانوں کو اول میعار یعنے ایکائی مردم شماری کی مقرر کیا جائے اور جو مزرعجات ایسے پیمایش شدہ مواضع کے حدود کے اندر واقع ہوتے ہوں اونکو اون مواضع کے اجزا سمجھا جائے اگر کہیں اصلی نام پیمایش شدہ موضع کا مفقود ہو گیا ہو تو بڑے سے بڑے گانوں کو جو اوسکی جائے پر واقع ہے اوسکا نام درج کر لیا جائے۔ یا

(۳) جہاں کہیں دو مرتبہ پیمایش ہوئی ہو جن میں سے ایک پیمایش قدیم اور دوسری جدید ہے تو جدید پیمایش شدہ موضع کو اغراض مردم شماری کیلئے گانوں سمجھا جائے فقط

مقامات پائے جائین جنمین شب آخر مردم شماری لوگونکے قیام کا احتمال ہو۔

تشریح سوم۔ صحرائی و جنگل کے قطعات جو کسی مالگزاری کے موضع کے حدود مین شامل ہون بطور گانون کے سمجھے جائینگے اونکے حدود وہ ہونگے جو سررشتہ جنگلات سے معین کیے گئے ہون۔

نہایت مشکل ہے کہ گانون کیلئے کوئی ایسی حاوی تعریف مقرر کیجائے کہ تمام ممالک ہندوستان کے ہر خطہ کے لئے مناسب ہو لیکن ہر صوبہ کے نظمائے مردم شماری کو لازم ہے کہ وہ اپنے اپنے صوبجات مفوضہ مین ایسی تعریف گانون کی معین و مقرر کرین جو اونکے صوبہ کے حالات سے مناسبت رکھتی ہو اور خاص مواقع کے تفاوتون کو بھی دکھلا سکین مگر یہ بات یاد رکھنے کے لایق ہے کہ (۱) بڑے اور عالیشان مکانات کے مجموعہ کو کوئی معین معیار حسابی نتایج کا مقرر نہین کیا جا سکتا ہے لیکن اگر کسی خاص موضع کے اوسط تعداد مین ترقی ہوئی ہو تو اوسکا اندراج البتہ منفعت سے خالی نہین۔

(۲) دوم یہہ کہ انتخاب نتایج کی ایکائی گانون ٹہرائی گئی ہے اور خواہی نخواہی گانون کی تعداد بڑہانے کا کام بھی بڑہجائیگا (۳) اور یہہ کہ اگر پوسٹ آفس کو فہرست مزرعجات مطلوب ہو کہ کل مواضع مزرعجات کی تفصیلی فہرست مرتب کرائین جیسا کہ بنگالہ مین چند سال قبل کیا گیا تہا پوسٹ آفیس کے یہہ خواہش بغیر اسکے بھی پوری ہو سکتی ہے نہ یہہ کہ خواہ مخواہ مزرعجات کو مواضع بنایا جائے۔

بلحاظ وجوہ مندرجہ صدر یہہ مناسب ہے کہ۔

(۱) جہان کہین گانون کی تعریف قانوناً مقرر ہو چکی ہے تو وہی قانونی تعریف گانون کی معین کیجائے مگر اوس صورت مین جہان کہ وجوہ مخالف بہت ہی قوی ہون۔ یا

کہ موضع یا گانون وہ حصہ انتظامی ہے جو موضع کے کتخدا یعنی پٹیل کے تحت مین ہے :-
(د) ممالک وسطی مین کوئی معین تعریف گانون کی مقرر نہین کیگئی تھی اور اسی وجہ سے
بیان کیا گیا ہے کہ تقریباً وہان کے ہر ضلع مین مزرعونکو بھی مثل گانون کے سمجھا گیا تھا - وہان کے
ناظم مردم شماری نے یہہ رائے دی کہ آیندہ مردم شماری کے وقت صاف طور پر
معین ہوجانا چاہیئے کہ گانون سے مراد کل موضع ہے اور جملہ مزرعجات اس اصلی گانو کے
اجزا محسوب ہونگے وہ ایسی استثنائی صورتین بھی بیان کرتے ہین جہان کوئی مزرعہ
یا باڑی موضع کی اراضی مین سے کوئی خاص حصہ لیتی ہو اور جسکی مردم شماری کو علیحدہ طور پر
دکہلانا مناسب معلوم ہو اور کہتے ہین کہ ایسی صورتون مین مضایقہ نہین کہ ایسے مزرعونکو علیحدہ
گانون سمجھکر فہرست مین جداگانہ درج کیا جائے :-
(ہ) ممالک شمالی غربی وادودہ مین تعریف ذیل کے مطابق عمل ہوا تہا :-
گانون سے وہ حدود ظاہر ہوتے ہین جو اغراض مالگزاری کے لئے بطور موضع کے
معین کئے گئے ہون مگر اس بنا پر کہ جہان کہین کوئی گانون یا گانون کا حصہ کسی قصبہ کی مساحت کا
جزو واقع ہوتا ہے وہ اوسی قصبہ مین شامل سمجہا جائیگا اور باقی جزو بلحاظ مردم شماری گانون کے
طور پر محسوب ہوگا :-
تشریح اول - گانون شامل ہے تمام اون مزرعون کے جو کہ مالگزاری کے موضع کے
حدود کے اندر واقع ہین :-
تشریح دوم - موضع بلحاظ مردم شماری اوسیوقت گانون سمجہا جائیگا جبکہ اوسمین ایسے

خلاصہ پورٹہائے مردم شماری گذشتہ در آکمشنر صاحب مردم شماری کل ہندوستان

ہندوستان کے ہر خطہ مین دیہات کی تعریف مین تفاوت پایا گیا ہے۔ اسکی کسیقدر تشریح ضرور ہے کیونکہ ۱۸۹۱ء مین طرز عمل سب جائے یکسان نہین تہا۔

(ا) ملک آسام مین کوئی عام تعریف معین نہین کیگئی تھی لیکن اسقدر لکہا گیا تھا:۔

(۱) وادی آسام کے وہ حصہ جنکی پیمایش بلحاظ ٹکس کیگئی تھی تو وہ حصہ جو بوقت پیمایش گانون کے نام سے موسوم ہوئے ہون پس اغراض مردم شماری کے انہی کو گانون سمجہے جائین:۔

(۲) اور جن حصون کی پیمایش ٹکس کیلئے نہین کیگئی تھی وہان اوس مجموعہ مکانات کو گانون سمجہا جائے جسکا خاص کوئی نام جداگانہ مقرر ہو۔

(ب) ملک بنگالہ مین دیہات کی تعریف یہہ تھی کہ گانون یا گرام مع اپنے متصلہ و ملحقہ ٹولہ یا پاڑہ و محلہ کے دیہہ یا گانون سمجہا جائے بشرطیکہ ایسے مکانات کے مجموعون مین کوئی بھی اونمین سے ایسے بڑے اور وسیع یا ایسے فاصلہ پر ہون جو بطور خود ایک موضع یا دیہہ کی حیثیت اور جداگانہ نام رکہتے ہون۔

(ج) ملک برمہ مین کسی قسم کی دقت پیدا نہین ہوئی کیونکہ (سوائے اکیاب کے جہان سُو یعنی مزرعہ کو موضع ہی سمجہا گیا تھا) کل ملک مین یہہ بات صاف طور پر معلوم تھی

مبنی ہونی چاہیئے یعنی اگر تمام مزرعونکی مالگزاری بھی اوسی اصلی موضع کی مالگزاری مین شریک ہوکر داخل سرکار ہوتی ہے اور اوسکے پٹیل و پٹواری بھی وہی ہین جو اصل گانون کے ہین تو مزرعون کو اصل گانون کا جزو سمجھنا چاہیئے مگر کاغذات مین مزرعہ جات کے نام علیحدہ دکہلانے ہونگے تاکہ معلوم ہو کہ ہر موضع کے متعلق کتنے مزرعہ ہین اور بوقت تقرر رقبات اگر ہر ایک مزرعہ مین اتنے مکانات ہون کہ اونکو علیحدہ رقبہ مقرر کیا جاسکے تو ویسا ہی عمل ہوگا رائے صاحب کمشنر کی علیحدہ درج ہے جو منسلک کیا جاتا ہے امید ہے کہ جواب کی ترسیل مین تعویق جایز نہین رکہی جائیگی۔

ف۳ مثنے ہذا خدمت معتمد صاحبان جاگیرات مستثنےٰ و سمستانات بغرض مماثل مرسل ہے فقط

شرح خط مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری

مراسلہ دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقۂ فینانس (صیغہ مردم شماری) واقع ۲۵ سرخورداد ۱۳۰۹ف
نشان (۱۷۷)

منجانب مرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فینانس خدمت جمیع عہدہ داران صرفی خاص و خالصۂ سرکار عالی

متعلقہ
گانون کی تعریف

کمشنر صاحب مردم شماری کل ہندوستان نے گذشتہ مردم شماری کے مختلف رپورٹون پر گانون کی تعریف کے متعلق جو خلاصہ کرکے بھجوایا ہے وہ بغرض طلب رائے آپکی خدمتمین بھیجا جاتا ہے امید ہے کہ سب امور پر نظر ڈالکر اپنی رائے مفصل طور پر لکھکر پندرہ یوم کے عرصہ مین روانہ کرادیجئے۔ ہمارے ہان گذشتہ مردم شماری مین اون مزرعہ جات کو جزو موضع اصلی قرار دیا گیا تھا جو اندرون ایکمیل کے واقع تھے اور جو ایکمیل کے فاصلہ سے زیادہ دور پر واقع تھے اونکو علیحدہ موضع ہی قرار دیا گیا تھا۔ لیکن اسوقت چونکہ کمشنر صاحب کی رائے اخیر کے تین فقرون مین درج ہے بلاحظہ اوسکے اور کل تحریر ہذا کے آپ اپنی رائے قایم کرکے لکھہ بھیجئے تاکہ بعد غور کافی کوئی ایک تجویز مقرر کرکے آپ کو آیندہ مردم شماری کے لئے اطلاع دیجائے۔

ف۲ واضح ہو کہ مزرعہ جات کو علیحدہ دکہلانا صرف اسلئے ضرور ہے کہ تعداد مزرعون کی بہی معلوم ہوسکے لیکن اغراض مردم شماری کے لئے چونکہ ہر گانون گویا ایک معین اور چھوٹی سے چھوٹی ایکائی شمار کی مقرر ہوگی اسلئے بنیاد اسکے تقرر کی اوسکے مالگذاری پر

یا سہل انگاری یا کسی اور قسم کی بے عنوانی کی پہنچیگی تو اُس عہدہ دار یا اہلکار کی نسبت سخت تدارک کیا جائیگا۔

دفعہ ۲ اس کام کے وقت انجام پذیر نہونے کی صورت مین نہ صرف سرکاری روپیہ مفت مین برباد ہوگا اور جو نتایج اس مردم شماری سے حاصل کرنے ہین اُس مین خرابی واقع ہوگی بلکہ سرکار عظمت مدار کو شکایت کا موقع ہوگا اس لئے پہلے سے جتلادیا گیا ہے کہ ایسی صورتون مین جو فقرۂ اولی مین مذکور ہین سرکار عالی ہرگز کسی عہدہ دار کے خلاف درزی احکام سے درگذر نہین فرمائیگی۔

نواب مدار المہام سرکار عالی امید کرتے ہین کہ عہدہ داران سرکار عالی بدل وجی تمام اِس کام کے سرانجام دہی مین پوری پوری کوشش عمل مین لائینگے اور کسی نوع کی شکایت کا موقع ناظم مردم شماری کو نہین دینگے فقط

شرح دستخط
عاد جنگ
معتمد فینانس

مراسلہ محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس (صیغہ مردم شماری) واقع ۲۳ ذیحجہ ۱۳۱۷ھ ۲۰ خورداد ۱۳۰۹ف

نشان ۱۶۹

نشان ۲۵ صیغۂ مردم شماری
سنہ ۱۳۰۹ف

حسب الحکم نواب مدار المہام سرکار عالی
منجانب نواب عماد جنگ بہادر معتمد فینانس

بخدمت جمیع عہدہ داران سرکار عالی

مقدمہ

وجوب تعمیل احکام دفتر مردم شماری

چونکہ مردم شماری کا کام بہ لحاظ خواہش گورنمنٹ آف انڈیا نہایت اہم کام ہے اور اس مین بروقت احکام دفتر مردم شماری کی تعمیل لازمی ہے مگر اُسکی وقعت کے لحاظ سے عہدہ داران سرکار انکی تعمیل مین جیسی دلچسپی چاہیئے ظاہر نہین کرتے جس سے احتمال ہے کہ کام بروقت نہو اور گزشتہ کا تجربہ بھی دکھلاتا ہے کہ بعض تعلقداران اضلاع وتحصیلداران نے جیسا کہ سرکار عالی کے مرکوز خاطر اور کام کی وقعت وعظمت کے مناسب تھا کام نہین کیا مگر اُس وقت سرکار نے بوجہ دہلہ اولی ہونے کے اغماض فرمایا آیندہ اس طور پر اغماض ممکن نہین ہے لھذا سب عہدہ دارون کو بذریعہ ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ احکام دفتر مردم شماری کی تعمیل فوراً ہونی چاہیئے اور اگر ناظم مردم شماری کی جانب سے کسی عہدہ دار یا اہلکار کی نسبت شکایت عدم تعمیل یا تعویق

رجسٹر مواضع و مزرعہ جات اضلاع

ضلع　　تعلقہ　　ناظر مفوضہ

سلسلہ مواضع	نام موضع	آباد یا ویران	نام مواضع آباد و مزرعہ جات ہر موضع و مزرع بین	تعداد مکانات	تعداد نفوس	اشخاص قابل کار				کیفیت
						تنقیح سازی		شمار کنندگی		
						نام	پیشہ	نام	پیشہ	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

رجسٹر مواضع و مزرعہ جات اضلاع

ضلع　　تعلقہ　　ناظمہ مفوضہ

سلسلہ مواضع	نام موضع	آباد یا ویران	نام مواضع آباد و مزرعہ جات	تعداد مکانات ہر موضع و مزرع مین	تعداد نفوس	اشخاص قابل کار				کیفیت
						تنقیح سازی		شمار کنندگی		
						نام	پیشہ	نام	پیشہ	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

رقبون کو ایک حلقہ مقرر کیا گیا تہا اور کل تعلقہ کو بحسب تعداد مواضع و آبادی دو یا تین یا چار مفوضات
مین تقسیم کیا گیا تھا جنپر تحصیلدار و پیشکار و گرداور محافظ دفتر بطور ناظر مقرر کئے گئے تھے —
شمار کنندہ کے سپرد رقبہ تھا اور تنقیح کنندہ کے تحت مین آٹھہ دس رقبے تھے جسکو حلقہ کا نام
دیا گیا تھا اور چند حلقون کا ایک مفوضہ ٹھہرایا گیا تھا جو ناظران مفوضات کے تفویض تھا۔ تحصیلدارونکو
چاہئے کہ گذشتہ مردم شماری کی گشتیات سے ایکبار اطلاع بہم پہونچا کر اپنے آپ کو مستعد
کرلین اور اگر اون امور مین اسوقت کی مردم شماری مین کوئی تغیر تبدل واقع ہوگا تو اونکو وقتاً فوقتاً
اوس سے اطلاع دیجائیگی فقط

شرحدستخط
میرزا مہدیخان ناظم مردم شماری

تفاوت برآمد ہوگا تو پٹواری موضع سے نہ صرف باز پرس کیجائیگی بلکہ نقصان کی پابجای اوس سے کیجائیگی اسلئے لازم ہے کہ اونکو تاکید مزید کیجائے کہ مردم شماری کے کام کو کوئی سرسری کام خیال نکرین سہ دست مکانات کی تعداد تو صحیح ملنی چاہئے اور تعداد نفوس صرف اندازہ کے لئے ہے مگر یہ نہین کہ بالکل تخمینی تعداد لکھدین بلکہ صاحب خانہ سے دریافت کرکے لکھین تاکہ یہان ہم تعداد مکانات ونفوس سے اوسط نکالکر تخمینات کے طبع کا انتظام کرسکین۔

ف ۶ حقیقی خانہ شماری کا کام تو بعد ہوگا یعنے جب اون تخمینات پر سے اندازہ ہاتھہ آجائیگا تو مفوضات وحلقجات وقبات کو مقرر کرکے نمبر اندازی وخانہ شماری حقیقی کا کام جاری کیا جائیگا اور اوس کو ابھی بہت مدت باقی ہے اوسکے لئے احکام بعد صادر ہونگے اسوقت ان تخمینات کو مرتب کرکے فروری ۱۹۱۲ء کے اواخر تک دفتر نظامت کو بھجوا دیا جائے تو مناسب ہے۔

ف ۷ اگر کسی موضع مین تعداد مکانات کی زیادہ ہو اور موضع بڑا ہو تو موضع کے مقابل خانہ (۹) مین دو یا تین شمار کنندون کے نام لکھے جائین یعنے فی ساٹھہ یا ستر مکان ایک شمار کنندہ ہونا چاہئے لیکن تنقیح کنندون کے لئے یہ تجویز مناسب ہے کہ فی دس شمار کنندہ ایک یا دو تنقیح کنندہ تجویز کرکے زیر نظر رکھے جائین تاضرورت کے وقت تلاش کرنا نہ پڑے اور تنقیح کنندہ ایسے گاؤن اور مواضع مین ہون کہ مردم شماری کے وقت اونکو آٹھہ دس رقبون کی تنقیح کرنا آسان ہو اور زیادہ فاصلہ پر جانا نہ پڑے۔

ف ۸ گذشتہ مردم شماری مین رقبہ ساٹھہ (۶۰) مکان کے مجموعہ کا نام رکھا گیا تھا اور کسی موضع کے مکانات کی تعداد ساٹھہ یا اوس سے کم تھی تو اوسکو ایک رقبہ ہی قرار دیا گیا تھا۔ دس ایسے

ناظم کو تخمجات مردم شماری کا حساب کرنا آسان ہوگا کیونکہ تخمجات کی تعداد زیادہ ہونے سے اونکے
طبع کا انتظام بہت وقت پہلے ہوجانا چاہئے۔

۳ تختہ نسلکہ مین اصل موضع اور اوسکے مزرعونکو علیحدہ علیحدہ دکھلانا ویسا ہی ضرور ہے جیسا کہ
تعداد مکانات ونفوس کا دکھلانا لازمی ہے۔ اخیر کے خانونمین اون لوگون کے نام درج ہونگے
جو قابل تنقیح سازی اور مردم شماری کے ہون یعنے تنقیح ساز اور شمار کنندون کے کام
کے لئے جنکو تحصیلدار ہر موضع یا مزرع کے لئے مناسب وموزون خیال کرین اونکے نام
خانہا سے متعلقہ مین لکھدین۔

۴ تعداد نفوس یعنے ہر مکان مین کتنے آدمی ہین بہ طور سرسری مکان کے بڑون سے
دریافت کرلیا جاسکتا ہے اسمین مرد عورت وبچون کے تفصیل کی ضرورت نہین ہے صرف
تعداد مطلوب ہے لہذا جسوقت پٹواری موضع اس تختہ کے لئے مکانات کو گنتے جاتا ہے تو ہر مکان
کے ساکنین کی تعداد کو بھی دریافت کرکے علیحدہ پرچہ پر لکھہ سکتا ہے اور جسوقت اپنی موضع
مکانات کی تعداد تحصیلدار کے پاس پہونچاتا ہے تو ساکنین موضع کی تعداد بھی اپنی موضع کی تختہ مین درج کردیگا۔

۵ اس دفتر سے ازروی فہرست مواضعات مطبوعہ سنہ ۱۳۰۰ فصلی ہر تعلقہ کے لئے مناسب
تعداد مین اوراق روانہ کئے گئے ہین اونکی خانہ پری دفتر تحصیل مین ہونی چاہیے مگر اسکا موقع
ہر موضع کے پٹواری سے بتاکید طلب کیا جاے اور صحت ودرستی سے کام کرنیکی اونکو
تاکید کیجاے تاحساب مین غلطی ہوجانے سے سرکار کے خزانہ پر زیادہ تعداد مین تخمجات
طبع کرنے کا ناحق بار نہ پڑے اگر یہان کی تنقیح مین اور اخیر مردم شماری ہوجانے کے بعد کچھہ زیادہ

گشتی دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ مردم شماری واقع بہمن سنہ ۱۳۰۹ ف

نشان ۱

ہر مردم شماری کی بنیاد اوس تختہ یا رجسٹر پر مبنی ہے جس سے مواضعات و مزرعہ جات موجودہ جو کسی ضلع و تعلقہ کے حدود مین واقع ہین ظاہر ہوسکین - گذشتہ مردم شماری کے بعد ایک رجسٹر مواضعات بنام فہرست مواضعات تیار کیا گیا تھا - اسوقت اوسکو بنیاد آیندہ کے رجسٹر کی گردانا چاہئے اور ممکن ہے کہ زراعت کے مواقع کی بدلنے سے اوسمین فرق آگیا ہو اور نئے مزرعہ آباد ہوئے ہون اور پرانے مزرعہ جات اس عرصہ مین ویران ہو گئے ہون یا کسی موضع خاص کے وسیع و آباد ہوگئے ہے کوئی مزرعہ بالکل اصل موضع سے ملگیا ہو۔

ف ۲ تجربہ سے یہ بات معلوم ہے کہ ایسے امور کی تحقیقات کے لئے موسم بارش و گرما موضوع نہین ہین کیونکہ اوسمین دقتین لاحق ہونگی اور صحت کے ساتھ اوسکا ہونا بھی اوسوقت دشوار ہوگا اور مواضعات کے رجسٹرونکی غلطیان آیندہ چلکر ہمکو پیچیدگیون مین ڈالدینگی اسلئے مناسب خیال کیا گیا ہے کہ اس ابتدائی کام کو سہی موسم سرما مین کیا جاے اور اسی لحاظ سے ایک نمونہ منسلک کیا جاتا ہے جسکے مطابق خانہ پُری کرکے ابھی سے بھیجا جائے تو ایک فہرست نئی مرتب ہوجائیگی اور ایک سرسری اندازہ مکانات کی تعداد اور نفوس کی تعداد کا بھی ہاتھ آجائیگا جس سے آیندہ تخمینات کے طبع کے وقت وہ دقتین پھر لاحق نہونگی جو گذشتہ مین ہوئی تہین کیونکہ خانہ تعداد مکانات و تعداد نفوس پر سے

نشان سلسلہ	نام موضع	نوعیت یعنی خالصہ یا صرفخاص یا جاگیر وغیرہ	نام ضلع جس کے خارج ہوا	نام ضلع جس میں شامل ہوا	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
					اگر کوئی موضع متصلہ ضلع میں شامل کیا گیا ہو تو اوسکے نام کے محاذی اس خانہ میں ضلع مذکور کا نام درج کردیا جائے۔ اور اگر خالصہ سے صرفخاص یا جاگیر وغیرہ کے ساتھ یا بالعکس معاوضہ ہوا ہے اوسکی بھی کیفیت لکھدیجائے فقط

شرحہ دستخط مرزا مہدی خان

گشتی دفتر نظامت مردم شماری — واقع ۴ر آبان ماہ الٰہی ۱۳۱۰ف ۴ر جمادی الاول ۱۳۱۹ھ

نشان (۲)

منجانب میرزا مہدیخان ناظم مردم شماری و مددگار معتمد فنانس خدمت جملہ تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی

مقدمہ

استدراک نسبت شمول و خروج مواضع در اضلاع

چونکہ مردم شماری آیندہ کا کام جاری ہونے والا ہے اور بعض امور کی دریافت ضرور ہے لہذا نگارش ہے کہ سنہ ۱۳ف سے ابتک آپکے مفوضہ اضلاع کے تعلقات مین جہان کہین مواضعات یا تعلقات کے شمول و خروج کا عمل ہوا ہو اُس سے بتصریح حسب تختہ منسلکہ ایما فرمائین تاکہ قبل از قبل اضلاع کے رقبہ و مساحت کے حساب مین آسانی ہو۔ مطلب یہہ ہے کہ بہ نسبت مردم شماری گذشتہ کے اِس وقت تک کیا کیا ردّ و بدل تعلقات و اضلاع کی مساحت مین ہوا ہے اُسکو دکہلانا ضرور ہے کیونکہ بغیر اُسکے مقابلہ ہو نہین سکتا ہے۔

ف۲ اگر اندرون ضلع کچہہ مواضعات کا شمول و خروج ہوا ہے وہ تختہ مین دکہلایا جائیگا مگر جہان کہین کوئی موضع ضلع کے کسی تعلقہ سے دوسرے متصلہ ضلع مین شریک کر دیا گیا ہو تو ضلع مدخل فیہ کا نام خانہ کیفیت مین درج کیا جاوے تاکہ اُس ضلع کے تختہ سے مقابلہ کرنے مین آسانی ہو۔ اور اگر کسی ضلع کا سالم تعلقہ کسی دوسرے ضلع مین شریک کر دیا گیا ہو تو اُسکی کُل مواضع کا تختہ جداگانہ مرتب کر بہیجا جائے۔

ف۳ واضح ہو کہ فہرست مواضعات و قصبات مطبوعہ بابت مردم شماری سنہ ۱۳ف آپکے دفاتر پر موجود ہین بہ مقابلہ اُن کے مواد مطلوبہ بہ آسانی فراہم ہو سکتا ہے اُن فہرستون سے کمک لیجائے۔

ف۴ ایک ایک مثنےٰ اسکا بخدمت معتمد صاحب مجلس مالگزاری سرکار عالی و صوبہ دار صاحبان صوبجات اربعہ بغرض اطلاع و تاکید مرسل ہے فقط

سرحد دستخط مرزا مہدیخان

دفتر مردم شماری سے جاری ہوا کرین اُنکی تعمیل مین ویسی ہی سرگرمی اور دلچسپی ظاہر کرین
جیسی کہ گذشتہ مردم شماری مین اُنہون نے ظاہر کی تھی - اِسکے بعد جو گشتیات اور احکام
ضروری الاجرا ہونگے وہ دفتر مردم شماری سے بہ دستخط ناظم موصوف جاری ہونگے فقط

شرحِ دستخط عماد جنگ
منصرم معتمد فینانس

گشتی محکمۂ معتمد مدار المہام سرکار عالی — علاقہ فینانس — واقع ۵ رآبان سنہ ۱۳۰۸ف
مطابق ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۷ھ
نشان مثل — سنہ ۱۳۰۸ف

صیغۂ کلیات

حسب الحکم نواب مدار المہام سرکار عالی

منجانب نواب عماد جنگ بہادر معتمد فینانس
خدمت جمیع عہدہ داران علاقۂ سرکار عالی

انتظام اجرائے کار مردم شماری سنہ ۱۹۰۱ء در علاقۂ سرکار عالی

مقدمہ

چونکہ اس وقت پہر سرکار عظمت مدار سے اس امر کی اطلاع ہوئی ہے کہ سنہ ۱۹۰۱ء کی مردم شماری ہوگی اور اوسکے لحاظ سے یہاں بھی مردم شماری مثل سابق ضرور ہے لہذا سرکار عالی نے اس مرتبہ بھی نگرانی اور انتظام مردم شماری اور ترتیب و تالیف تخمینجات کا کام مرزا مہدیخان صاحب کے تفویض فرمایا ہے جو ناظم مردم شماری کے لقب سے مثل سابق موسوم ہونگے اور اس دفتر کے مددگاری کی حیثیت بھی اُن کو حاصل رہیگی۔ سرکار سے اُن کو ہدایت دی گئی ہے کہ باتفاق تعلقداران اضلاع و معتمدین صفائی چادرگھاٹ و بلدہ اس کام کو نہایت صحت اور کمال دقت سے انجام دیں بنابرآں لازم ہے کہ ہر صیغہ کے عہدہ دار ناظم موصوف کے ساتھ براستہ خط و کتابت کریں اور جو احکام

(GENERAL SCHEDULE.)

Name of $\frac{\textit{Thana}}{\textit{Tahsil}}$ *Name of Village—* *Number of Village—* *Number of Circle—* *Number of Block—* *Page*

House No.	Serial No.	Name.	Religion.	Male or Female.	Married Unmarried or Widowed.	Age.	Caste of Hindus and Jains. Tribe or race of others.	Occupation or Means of Subsistence of Actual Workers.		Means of subsistence of Dependents on Actual Workers.	Birth-place.	Language ordinarily used.	Literate or literature.	Knows or does not know English.	Insane, deaf-mute from birth, totally blind, or leper.
								Principal.	Subsidiary.						
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16

HOUSEHOLD SCHEDULE.

(For Europeans and Eurasians).

District
Sub-Division or Town Village or Ward

Charge.
Circle.
Supervisor.
Block No.
Enumerator.

Instructions.—The schedule on the reverse is to be filled up under the Census Act by the head occupant of the house or tenement, for all Europeans and Eurasians stopping in the house or tenement on the night of the 1st March 1901, counting also as present persons ordinarily residing in the house but absent for a few hours on duty (except with a running train or river steamer) and still taking their meals from the house. The head occupant aforesaid should deliver or cause to be delivered the schedule, duly filled up and signed, to the enumerator who will call for it on the morning of the 2nd March. Every facility and aid is requested for the enumerator, who will probably make two visits in order to take the census of the native servants and their families residing on the premises. Before filling up the schedule, the rules which follow should be carefully read.

SPECIMEN SCHEDULE.

House number.	Serial number.	Name.	Religion.	Male or Female.	Married, unmarried, or widowed.	Age.	Race or nationality.	Occupation or Means of Subsistence of Actual Workers.		Means of subsistence of Dependents on Actual Workers.	Birth-place.	Languages ordinarily used.	Literate or Illiterate.	Knows or does not know English.	Insane, deaf-mute from birth, totally blind or leper.
								Principal.	Subsidiary.						
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16
27	1	A. F.	Church of England ...	Male ..	Married ...	38	English ...	Surgeon ...	Share-holder ...	...	England ..	English ...	Literate ...	English ...	
...	2	B. J.	Roman Catholic ...	Female ...	Widow ...	27	Eurasian ...	...	...	Government pension.	Calcutta ...	English ...	Literate ...	English ...	
...	3	D. S.	Jewish	Male ...	Unmarried ..	40	Austrian ...	Broker ...	Hide Merchant...	...	Austria ...	English ...	Literate ...	English ...	
...	4	C. T.	Armenian ..	Male ...	Unmarried ..	Infant.	Armenian	...	...	Lawyer's Clerk..	Bombay ..	...	Illiterate ...	Not ...	Blind
...	5	P. N.	Baptist	Male ...	Widower ...	48	American ...	Piece-goods Merchant.	None ...	...	United States.	English ...	Literate ...	English ...	
...	6	A. M.	Church of Scotland .	Male ...	Married ..	28	Scotch ..	Tea planter ..	Orchid Collector.	...	Scotland ...	English ...	Literate ...	English ...	
...	7	J. K.	Wesleyan ...	Male ...	Married ..	32	English ...	Railway Engineer.	Builder ...	...	Punjab ...	English ..	Literate ...	English ...	
...	8	H. S.	Lutheran ...	Male ...	Unmarried ..	35	Swiss ...	Watch maker ...	Optician ...	...	Switzerland.	German ...	Literate ...	Not ...	
...	9	M. O.	Roman Catholic	Female ...	Unmarried ..	14	Irish ..	...	...	Army officer ...	Malta ...	English ...	Literate ...	...	
...	10	I. V.	Greek Church ...	Male ...	Married ...	32	Russian ...	Sailor ..	Wood-carver ...	...	Russia ...	Russian ...	Illiterate ...	Not ...	

RULES FOR FILLING UP THE SCHEDULE.

COLUMN 1 (*House Number*).—Enter the Census number of the house.

COLUMN 2 (*Serial Number*).—Enter a serial number for all persons living in the house on the night of the 1st March 1901.

COLUMN 3 (*Name*).—Enter first the head of the family resident in the house on the night of the Census, then the rest of the members of the family, and lastly, visitors stopping in the house that night.

COLUMN 4 (*Religion*).—Enter the sect or denomination as shown in the specimen Schedule.

COLUMN 5 (*Sex*).—Enter whether male or female. If a Volunteer, enter the letter "V" after the word "Male."

COLUMN 6 (*Civil condition*).—Enter each person, whether infant or grown up, as married, unmarried, or widowed. Persons who have been divorced should be shown as widowed.

COLUMN 7 (*Age*).—Enter the age as on *last* birthday; and against children less than a year old write "infant."

COLUMN 8 (*Race or Nationality*).—In the case of British subjects enter their race, such as *European, Eurasian, Armenian,* etc. For persons who are not British subjects, enter the nationality to which they consider themselves to belong, such as Austrian, Swiss, etc.

COLUMN 9 (*Principal occupation of actual workers*).—Enter the principal occupation or means of livelihood of all persons who actually do work or carry on business, whether personally or by means of servants, or who live on private property, such as house-rent, pension, etc. General terms such as "Government" or "Railway Service" "Commerce," etc., should not be used, but the exact kind of service or dealing should be specified. Persons temporarily out of employ should be returned under their last or ordinary occupation. This column will be blank for dependents.

COLUMN 10 (*Subsidiary occupation or means of subsistence of actual workers*).—Enter here any occupation which actual workers pursue in addition to their principal occupation, or any supplementary means of livelihood which they may possess. If they have no such additional occupation or means of livelihood, enter the word "none." This column will be blank for dependents.

COLUMN 11 (*Means of subsistence of dependents on actual workers.*)—For children of whatever age and for women who do not work or carry on business either personally or by means or servants, enter the principal occupation of the head of the family or the person who supports them. This column will be blank for actual workers.

COLUMN 12 (*Birth-place*).—If born in India, enter the district and province; if born out of India, enter the country, but not the name of a country, or village or town.

COLUMN 13 (*Language*).—Enter here the language which the each person states to be that which he ordinarily uses.

COLUMN 14 (*Literacy*).—Enter in this column against each person, of whatever age, who can *both* read and write any language, the word "literate."

COLUMN 15 (*English*).—Enter in this column against all persons shown as literate whether they can or cannot *both* read and write English.

COLUMN 16 (*Infirmities*).—If any person be blind of both eyes, or deaf and dumb from birth, or insane, or suffering from corrosive leprosy, enter the name of the infirmity in this column. Do not enter those blind of one eye only, or who have become deaf and dumb after birth, or who are suffering from white leprosy only.

N. B.—Failure to fill up this schedule correctly is an offence under the Census Act and is punishable with fine.

TABLE I.

Area, Houses and Population.

Taluk or District or State.	Area in square miles.	Towns.	Villages.	Occupied Houses.			Population.								
							Persons.			Males.			Females.		
				Total.	In Towns.	In Villages.	Total.	Urban.	Rural.	Total.	Urban.	Rural.	Total.	Urban.	Rural.
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16

Size 18" × 12"

TABLE II.

Variation in Population since 1872.

Taluk or District or State.	Persons.				Variation Increase (+) or Decrease (−).			Net Variation in period 1872-1901.	Males.				Females.			
	1901.	1891.	1881.	1872.	1891 to 1901.	1881 to 1891	1872 to 1881	Increase (+) or decrease (−).	1901.	1891	1881.	1872.	1901.	1891.	1881.	1872.
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17

Size 18" × 12"

PART III.

Towns and villages classified by Population.

